طرح پہنچ سکیں گے؟ اور سوال و جواب میں طرح کر سکیں گے؟ اس کا جواب بھی ان کو مل گیا۔ امریکہ کے صدر نے خلا بازوں کو چاند پر اترتے دیکھا۔ پہلا "مائیکل کی" مبارک باد دی۔ بعد ازاں وہ چاند پر سے آرمسٹرونگ (ARMOSTARWENG) نے صدر کا شکریہ ادا کیا۔ وغیرہ باتیں دنیا کے سامنے آگئی ہیں۔ چاند والا آسمان اور زمین کی منزل نہیں، یہ تو عالم علوی کا ابتدائی افق ہے۔ اس کے اوپر سات آسمان ہیں۔ ہر ایک کے درمیان پانچ سو برس کی مسافت ہے۔ اور ساتویں آسمان پر جنت ہے اور جنت کے سوور ہے ہیں۔ اور ہر دو کے درمیان کا فاصلہ پانچ سو برس کی مسافت کا ہے۔ یعنی پچیس ہزار برس کی مسافت ہوئی۔ پھر اس پر عرش عظیم ہے (سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم)

ستاروں کے بارے میں حضرت قتادہ کا بیان ہے۔ کہ خدا پاک نے ستاروں کو تین کاموں کے لئے بنایا ہے۔ (۱) آسمان کی آرائش کے لئے (۲) غیب کی خبر دینے والے شیاطین کو بھگانے کے لئے (۳) رات میں مسافروں کی رہنمائی کے لئے۔

پس جو کوئی ان تین فوائد کے علاوہ اور فائدہ مختلف غیب کی خبر حاصل کرنے کی کوشش کرے اس نے غلطی کی۔ اپنا وقت ضائع کیا۔ اس کی کوشش رائیگاں ہے (تحقیقات بخاری)

اس مقام پر مخدومی حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ کے رسالہ "آسمان اور چاند تارے" سے کچھ مضمون بغرض استفادہ پیش کیا جاتا ہے۔

آسمان، آسمانوں کی ترتیب اور درمیانی فاصلے:

فلاسفہ قدیم نے آسمان دیکھے نہیں تھے۔ بے شک ان کو تارے نظر آئے۔ اور ان کی گردشیں محسوس ہوئیں۔ مثلاً ایک گردش وہ ہے جس میں تمام تارے مشرق سے مغرب اور مغرب سے مشرق کا چکر لگاتے ہیں۔ اس گردش سے دن اور رات وجود میں آتے ہیں۔ یہ مشرق سے مغرب کو ہوتی ہے۔ بے شمار تاروں کا ایک مرصع سا بدن ہے۔ تمام تارے اس میں جڑے ہوئے ہیں۔ ان کی خود اپنی کوئی حرکت محسوس نہیں ہوتی۔ البتہ روز و شب کی گردش کے ساتھ یہ بھی گردش کرتے رہتے ہیں۔ ان کو ثوابت کہتے ہیں (اپنی جگہ جمے ہوئے) ان کے علاوہ سات تارے ایسے ہیں۔ جو اپنی گردش بھی رکھتے ہیں۔ کسی کی گردش پورے ایک سال میں ختم ہوتی ہے۔ کسی کی ایک ماہ میں کسی کی اس سے زیادہ میں۔ ان کی یہ اپنی گردشیں مختلف مستوں میں ہوتی ہیں۔ کبھی تو مشرق کی طرف اور کبھی کسی دوسمت میں۔ کسی کی گردش سیدھی ہوتی ہے۔ کسی کی آڑی۔ ان سات تاروں کو "سیارات" کہا جاتا ہے۔ "سیارہ" کی جمع۔ ان میں سورج اور چاند بھی ہیں۔ اسلامی ہیئت اور فلسفہ نے اپنی رصدگاہوں کے ذریعہ بھی مشاہدہ کیا۔ یہ سبع سیارات ایک سطح میں نہیں ہیں۔ بلکہ کئی بلند و پست سے اوپر نیچے ہیں۔ اور نہایت عجیب بات یہ ہے کہ ان کی گردش کی راہیں (خطوط) مقرر ہیں۔ یہ خطوط سیدھے نہیں۔ بلکہ دائرے ہیں۔ ان کی گردشیں انہی دائروں پر ہوتی ہے۔ جس طرح شب و روز کی ترتیب میں فرق نہیں آتا۔ ان کی ذاتی گردشیں جو معینہ دائروں پر ہوتی ہیں۔ ان میں بھی کوئی فرق نہیں آتا۔ گویا یہ تارے ان دائروں (مدارات) کے پابند اور ان میں جکڑے ہوئے ہیں۔ اب فلاسفہ کی ایک جماعت تو وہ ہے جو ان ہی

وفلک کہتے ہیں۔ فلک سے اصل معنی ہیں۔ کیونکہ ان کے نزدیک تمام ان کے اندر ہیں (مدارالحکمۃ) ان کا حکم فلک ہے۔ وہ ایک نورانی اور شفاف چیز ہے۔ فلک کا دل بڑھنا نہیں پایا

فلاسفہ کی دوسری جماعت افلاک کی تعداد کو بھی مانتی ہے۔ ان کا قول یہ ہے کہ ہر ایک تارہ ایک فلک ہے۔ لہٰذا ستاروں کے ساتھ فلک ہیں۔ ہر ایک فلک دوسرے فلک سے اندر گھومتا ہے اور وہ ستارے ان کی گردش سے ساتھ تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا قول اور اصل مقصد قرآن میں "کل" کہا ہے اور وہ فلک جس میں چاند ہے وہ کہتے ہیں اور اس کے اوپر کی تہہ کو جوزہر کہتے ہیں۔ وہ فلک جس میں "عطارد" ہے۔ اسی طرح فلک الشمس میں سورج اور سیارے فلک ہیں۔ اس طرح سات فلک جیسے وہ فلک ہیں جو ہمیں سات افلاک کے اوپر آسمان فلک ہے۔ اس میں کواکب ثابتہ ہوتے ہیں۔ طرح چند یہ تمام افلاک ایک صاف اور شفاف چیز ہیں ان کے جرم نظر نہیں آتے۔ ان کے آسمور فلک کے کواکب ثابتہ کیسے خلاف پر دلالت کرتے ہیں۔ (تصریح ص ۱۵۶)

آخر میں آسمان کے ان تمام افلاک کے بعد ایک فلک اور ہے جو جہان ہے اصل گردش کرنے والا ہے یہ فلک اطلس ہے۔ یہ فلک تمام فلکیات سے بڑا ہے اور سب کو گھیرے ہوئے ہے۔ اسے فلک الافلاک کہتے ہیں اور ساتھ باقی آٹھ فلک بھی ایک دن رات میں گردش کرتے ہیں یہ آفتاب کی طرح مشرق سے مغرب کی طرف چلتی ہے۔

فلاسفہ کی یہ جماعت اپنے ۱۳ افلاک پر دلیل یہ پیش کرتی ہے کہ کیلوں کی حرکات نیچے کے جسم کے تابع ہوتی ہیں۔ جس کا مرکز پر ہے عالم کا مرکز ہے اور مرکز مثل ہے۔ زمین کے اوپر کرۂ آب ہے۔ جو پورا کرہ نہیں ہے۔ زمین سے پانی کے بلند ہونے کی وجہ سے کرۂ آب کو ڈھانپ لیا ہے۔ کرۂ آب کے اوپر کرۂ ہوا ہے۔ اس نے بھی زمین کو ڈھانپ لیا ہے۔ ان چار عناصر کی حرکات دو ہیں جو کہ افلاک کہتے ہیں۔ ان کے اوپر کرۂ نار ہے۔ جو کرۂ ہوا کے محیط عالم ہے۔ جس کو فلک القمر کہتے ہیں۔ (نجم ص ۱۳)

فلاسفہ کے افلاک کے بارے میں ہم کہتے ہیں کہ ان کا قول کہ افلاک کی تعداد کا علم نہیں ہے اس کی مثل ہمارے پاس بھی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ افلاک کی تعداد کا علم نہیں ہے۔ اور ان کے بارے میں قرآن و حدیث میں کوئی دلیل نہیں ہے۔ (قرآن و حدیث)

یہ فلاسفہ جو دلائل اپنے مقصد کے لئے پیش کرتے ہیں۔ ان میں کوئی دلیل مضبوط نہیں ہے۔ ان کی دلیل میں کوئی کشش نہیں ہے۔ ان میں کوئی دلیل قطعی نہیں ہے۔ ان میں کوئی دلیل ظنی نہیں ہے۔ اور وہ دلیل میں کوئی دلیل نہیں پیش کرتے ہیں۔ ان کی دلیل میں کوئی دلیل

سبع سماوات

کلام اللہ شریف میں تین لفظ آئے ہیں۔ (۱) فلک (۲) سماء (۳) سماوات لفظ فلک صرف ایک جگہ سماء ایک سو تیس ۱۳۰ جگہ اور سماوات ایک سو تیس ۱۳۰ جگہ (ان تین ایک ہی کی تثنیہ ہے) لفظ فلک جہاں آیا ہے وہاں صیغہ واحد کے ساتھ آیا ہے۔ الفلک مجری الکواکب۔ والسمٰوٰت فی لغات القرآن، الفلک مدار النجوم و قاموس، یعنی کوئی خاص نام نہیں۔ بلکہ گول قرص یا کرہ جس میں کواکب گردش کرتے ہیں۔ جو نجوم و ریاضی کا مدار ہے۔ قرآن الحکیم میں اکثر یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔ مگر دونوں جگہ سورج اور چاند کے متعلق آیات ہیں۔ اور مفاد کی ایک ہی بحث کے ساتھ آیا ہے۔ وہ انبیاء میں ہے۔ "کل فی فلک یسبحون" یعنی ایک ہی مدار کے ساتھ وہ دونوں تیرتے ہیں۔ "کل فی فلک یسبحون" والے الزام کا جواب شیخ جم حضرت مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ نے مرحوم نے فائدہ کے تحت دیا ہے۔ "سب ایک ایک حصہ سے میں پھرتے ہیں۔" (موضح القرآن) "کوئی ایک ایک حصہ میں پھرتے ہیں" (موضح القرآن)

سماء

اصل معنی ہے بلند ہر شے کو سماء کہتے ہیں (مفردات) یعنی ہر چیز جو اوپر ہے سماء کہا جاتا ہے۔ مقف کل شیئ۔ کل چیز جو اوپر ہے۔ السحاب والمطر۔ (اقرب) یعنی ہر چیز جو اوپر ہے اور مکان کی چھت کو۔ اور آسمان کے (براہ راست) اوپر کی جانب کو "سماء" کہتے ہیں۔ اور بادل و بارش کے معنی میں بھی آتا ہے۔ (قاموس) چونکہ ہر چیز کے بلند حصہ کو اسم "سماء" کہا جاتا ہے۔ لہذا وہ فضاء جو اوپر تنی ہے۔ اس کو بھی سماء کہا جاتا ہے۔ اور آسمان بھی کہا جاتا ہے۔

"فان معظمهم كل سماء بالاضافة الى ما دونها فسماء وبالاضافة الى ما فوقها ارض الا السماء العليا فانها سماء بلا ارض۔ قرآن مجید کی تقریباً ایک سو تیس ۱۳۰ آیتوں میں یہ لفظ سماء کئی مختلف معنوں میں آیا ہے۔ کبھی اوپر کی فضاء۔ بادل۔ بارش۔ اور کبھی آسمان کے معنی میں آیا ہے۔

سماوات

جمع کا لفظ ہو تو ہی جمع ہے۔ اور جہاں جمع نہ ہو وہاں بھی اس کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ یعنی بادل، بارش، بھی وہاں جمع کے لئے سماوات بھی بولا جا سکتا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ایک سو تیس ۱۳۰ آیتوں میں جو لفظ سماوات وارد ہے۔ تو ہر جگہ اس سے جمع کے تمام معنی مراد نہیں بلکہ ایک مخصوص حیثیت ہے۔ جس کو اس لفظ سے تعبیر کیا جا رہا ہے۔ مسلمانوں نے جب فلسفہ یونان کو اپنایا اور یونانی فلسفہ کے استاد معظم بنے تو انہوں نے افلاک ہی کو سماوات قرار دیا۔ جمع سماوات سے مراد وہ آسمان لئے جن میں سات سیارے ہیں اور آٹھویں فلک آسمان کے متعلق کہہ دیا۔ اصطلاح شریعت میں کوشش کی جاتی ہے (تفسیر ج ۲ ص ۲) مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ تاویل کسی طرح بھی نہیں ہے۔ کیونکہ سماوات سے مراد وہ آسمان تھا کہ جن سے مراد یہ ہے اور جن سے مراد یہ ہے کہ

آسمان اور فلسفہ و شریعت

قرآن عظیم اور آحضرت ﷺ کے ارشادات میں آسمان کی حقیقت کے بارے میں کس طرح کے بیانات (آسمانوں کی تعداد وغیرہ) پائے جاتے ہیں اس سے آسمانوں کی نوعیت بالکل جداگانہ معلوم ہوتی ہے۔

آسمان جس کو یونانی سیما (Sema) کہتے ہیں اس کے لغوی معنی "چھت" کے ہیں۔ اصطلاح میں "آسمان" کہتے ہیں جو مختلف قوتوں کے ذریعہ ادراک کی جاتی ہے۔ یہ لفظ اجرام سماویہ کے مجموعہ پر بھی بولا جاتا ہے۔ مگر فلسفہ و شریعت نے اس کے لئے دو حقیقتیں تسلیم کی ہیں۔ اور اس عالم (جہاں) کے ساتھ ایک اور عالم (جہان) بھی تسلیم کیا ہے۔ جس کو وہ عالم بالا یا عالم علوی کہتے ہیں اور انسان کا عالم اس سے بہت کم پر تعلق ظاہر کیا ہے۔ فرشتے عالم بالا ہی کی مخلوق ہیں۔ جو انسان سے محبت رکھتے ہیں۔ وہ اس کی حفاظت بھی کرتے ہیں۔ اس کے اعمال کو لکھتے بھی رہتے ہیں۔ صحیح یا غلط اس کی راہ بھی کرتے ہیں۔ انسان اگر اچھے کام کرے تو فرشتے اس کی قدر کرتے ہیں۔ برے کاموں پر اس سے نفرت کرتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

بادل، ہوا، بجلی، بخار وغیرہ ان سب میں ایک ناخوشگوار بات یہ ہے جو عموماً اپنے رہنے کی جگہ میں مصروف رہتا ہے۔ ناشتوں کا تعلق ان کی نہایت سے ہے۔ وہ ہمیشہ سے کم سے بالوں کو بڑھاتے ہیں۔ وہ اوپر کو چلاتے ہیں۔ وغیرہ۔

جس طرح انسان اور ان کی چیزوں کا تعلق عالم اعلیٰ اور فرشتوں سے ہے۔ اسی طرح قرآن پاک میں آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمانوں کا تعلق بھی عالم اعلیٰ سے ہے اور بہت زیادہ ہے بلکہ حدیث معراج اور ان جیسی احادیث اور قرآن عظیم کی متعدد آیتوں سے تو یہ صریح ہوتا ہے کہ ساتوں آسمان، عالم بالا میں داخل ہیں۔ اور قرآن پاک میں جس قوت سے ان کا ذکر ہے۔ وہ نہ صرف بار بار بلکہ تقریباً ہر بار "سماوات" کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے بھی یہ اخذ کیا جا سکتا ہے اور سمجھا جا سکتا ہے کہ ملائک عرش و کرسی، روح، لوح، قلم وغیرہ کی طرح سماوات بھی عالم بالا میں داخل ہیں۔ یعنی ان حقائق میں داخل ہیں۔ جو ہر چہ پہ اجرام کبھی ہیں مگر حواس سے مشاہدہ اور تجربہ کی رسائی ان تک نہیں ہو سکتی۔ لیکن ہماری تجربی تعقلی زندگی نہایات الارض اور اس کی کامیابی سے ان کا تمام تعلق ہے۔ بلکہ ان کا مانا ضروری ہے۔ اس کے باوجود آفتاب اس کی بہت سی آیتیں ایسی بھی ہیں جن سے آسمانوں کی نوعیت اور ان کی محسوس نوعیت اور حقیقت کا فرق ظاہر ہوتا ہے۔ منہ۔

(۱) ثم استوی الی السماء (سورہ حم السجدہ نمبر ۴۱ آیت نمبر ۱۱) پھر متوجہ ہوا آسمان کی طرف اور وہ (شاہ ولی اللہ) پھر چڑھا آسمان کی طرف اور وہ دھواں سا تھا۔ (شاہ عبدالقادر)۔

(۲) وابنینا فوقکم سبعا شدادا (سورہ نمبر ۷۸ النبا آیت ۱۲) اور بنائے ہیں تمہارے اوپر سات آسمان پختہ (شاہ ولی اللہ)

اور بنا لیے ہیں تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان (شاہ عبدالقادر)

کر بیٹھے ہیں تمہارے اوپر سات آسمان مضبوط (شاہ ولی اللہ)

(۳) الم تروا کیف خلق اللہ سبع سموات طباقا (سورہ نمبر ۷۱ نوح آیت ۱۶) کیا تم نے نہیں دیکھا کیسے بنائے اللہ نے سات آسمان تہ بر تہ اور کیا چاند ان میں اجالا اور کیا سورج چراغ جیسا۔ (شاہ عبدالقادر)

(۴) الذی خلق فاوھو حسیر ۔(سورہ نمبر ۶۷ الملک آیت ۴) وہ خدا عزیز وغفور جس نے بنائے سات آسمان تہ بر تہ کیا دیکھتا ہے تو رحمان کے بنانے میں کچھ فرق۔ پھر دوبارہ کر نگاہ کر۔ کہیں دیکھتا ہے دراڑ۔ پھر دوبارہ کر نگاہ کرو دو بار دلٹی آئے تیرے پاس تیری نگاہ ذلیل ہو کر تھک کر۔ (شاہ صاحبؒ)

(۵) انا زینا السماء الکواکب ۔(سورہ نمبر ۳۷ صافات آیت نمبر ۶) ہم نے رونق دی ہے (قریب کے) آسمان کو ایک رونق جو تارے ہیں۔ (شاہ صاحبؒ)

(۶) وزینا ہا حفظا۔ (سورہ نمبر ۴۱ حم السجدہ (آیت نمبر ۱۲) اور رونق دی ہم نے اور سے (قریب کے آسمان کو چراغوں سے۔ (ایضاً)

(۷) وجعلنا فی السماء بروجا للنظرین (سورہ نمبر ۱۵ الحجر آیت نمبر ۱۶) اور بنائے ہم نے آسمان میں برج۔

(۸) کیف بنینا ہا ورفعنا ہا وزینا ہا وما لہا من فروج (سورہ نمبر ۵۰ ق آیت نمبر ۶) کیسا ہم نے اس کو بنایا اور رونق دی اور نہیں اس میں کوئی سوراخ (پھید)

(۹) ابواب السماء۔ (آسمان کے دروازے) سورہ نمبر ۷ اعراف آیت نمبر ۴۰)

(۱۰) ھو الذی جعل الشمس ضیاء والقمر نورا (سورہ نمبر ۱۰ یونس آیت نمبر ۵) وہی ہے جس نے بنایا سورج کو چمک اور چاند کو اجالا اور ٹھیرائیں اس کی منزلیں تاکہ پہچانو گنتی برسوں کی اور حساب۔ (شاہ صاحبؒ)

(۱۱) والقمر قدرنا ہ منازل (سورۂ نمبر ۳۶ یٰسین آیت ۳۹، ۴۰) اور چاند کی ہم نے باندھدی ہیں منزلیں یہاں تک کہ پھر رہے جیسے ٹہنی پرانی۔ نہ سورج کو پہنچے کہ پکڑے چاند کو اور نہ رات آگے بڑھے دن سے۔ اور ہر ایک اپنے گھیرے میں پیرتے ہیں۔ (شاہ صاحبؒ)

(۱۲) خلق السموات بغیر عمد (سورۂ نمبر ۳۱ لقمان آیت نمبر ۱۰) بنائے آسمان بن ٹیکے اسے دیکھتے ہو (شاہ صاحبؒ) یعنی کوئی نظر آنے والا کھمبا نہیں کھڑا کیا۔

(۱۳) یمسک السموات (الایۃ سورہ نمبر ۳۵ فاطر آیت نمبر ۴۱) اور تھام رہا ہے آسمانوں کو اور زمین کو کہ ٹل نہ جائیں۔ اور اگر ٹل جائیں تو کوئی تھام نہ سکے ان کو اس کے سوا۔

(۱۴) سورۂ رحمٰن کی آیت نمبر ۳۷ کا ترجمہ حضرت شاہ عبدالقادرؒ کے الفاظ میں یہ ہے۔ "اور جب پھٹ جائے آسمان اور ہو جائے جیسے گلچھٹ۔"

مذکورہ بالا آیات اور احادیث اس بات کی شہادت کے لئے کافی ہیں کہ فلاسفہ کے اختراع کردہ افلاک اور قرآن پاک کے بیان فرمودہ سماوات میں بہت بڑا فرق ہے۔

(۱) فلاسفہ افلاک کو قدیم کہتے ہیں۔ اور قرآن پاک ان کو فانی اور حادث قرار دیتا ہے۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے نیست سے ہست کیا۔ اور جب وہ دن آئے گا۔ جس کی دہشتناکی اور ہولناکی سے بچے بوڑھے ہو جائیں گے تو یہ آسمان بھی ٹوٹ پھوٹ کر ختم ہو جائیں گے۔ (سورۂ مزمل نمبر ۷۳ آیت ۱۸۔ و آیت مذکورہ نمبر ۱۴ نمبر ۱۵)

(۲) فلاسفہ ثوابت کو آٹھویں آسمان میں مانتے ہیں۔ قرآن حکیم نے صرف سات آسمان بتائے ہیں اسے تاروں کو صرف السماء الدنیا سے متعلق قرار دیا ہے۔ (سورۂ حم السجدہ ع ۲)

(۳) فلاسفہ سات تاروں (سیارات) کو سات آسمانوں میں گزرا ہوا مانتے ہیں۔ قرآن حکیم نے ان تاروں میں سے صرف شمس و قمر کا ذکر فرمایا ہے۔ اور ان کے متعلق بھی یہ ہے کہ ہر ایک اپنے اپنے مدار میں تیرتے رہتے ہیں۔ (سورۂ یٰسین و سورۂ انبیاء)

(۴) فلاسفہ کسی آسمان تک کیا پہنچ سکتے ہیں۔ ان کی نگاہوں نے بھی آسمان کو نہیں پایا، یہ صرف ان کی اختراع اور ظنی قیاس ہے کہ آسمانوں میں کوئی سفید یا گنبد گاہ نہیں۔ مگر اللہ نے تخیل، قیاس اور پرواز عقل پر معاملہ نہیں رکھا، بلکہ وہ اپنے ایک بندے کو جو نوع انسان میں سب سے سچا بندہ تھا۔ جس کو اس کے دشمن بھی الصادق اور الامین کہا کرتے تھے۔ آسمانوں پر لے گیا اور نہ صرف سات آسمانوں کا بلکہ آسمانوں سے بھی بالاتر مقامات کا مشاہدہ کرا دیا۔ اس صادق مصدوق نے ان تمام مقامات کا پوری حاضر حواسی، ہوش مندی اور کھلی ہوئی آنکھوں سے مشاہدہ کیا۔ (سورۂ والنجم)

اس صادق امین نے شہادت دی اور غیر مبہم الفاظ میں بتایا کہ سماوات سات ہیں۔ آسمانوں کے پھاٹک اور دروازے ہیں، ان پر پہرے دار مقرر ہیں۔ آنحضرت ﷺ جس آسمان پر بھی پہنچے اور دروازہ کھلوانا چاہا تو قصہ دائر یعنی اس باب کے محافظ فرشتوں نے دریافت کیا۔ "کون"؟ سید الانبیاء ﷺ کے رفیق مقرب حضرت جبرائیل علیہ السلام نے جواب دیا۔ "جبرائیل"۔ دریافت کیا گیا۔ آپ کے ساتھ کون ہیں؟ جبرائیل علیہ السلام: محمد رسول اللہ (ﷺ) میرے ساتھ ہیں۔ محافظین: کیا ان کو دعوت دی گئی ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام۔ بے شک وہ مدعو کئے گئے ہیں۔

اس تحقیق کے بعد خوش آمدید کہتے ہوئے۔ دروازہ کھولا گیا۔ تب آنحضرت ﷺ اور جبرائیل علیہ السلام اندر داخل ہوئے۔ اس صادق مصدوق نے پہلے آسمان پر چاند (قمر) کو نہیں دیکھا بلکہ حضرت آدم علیہ السلام کو دیکھا ان سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے فرمایا۔ مرحبا بالنبی الصالح والابن الصالح۔ حضرت آدم علیہ السلام کے دائیں بائیں ان کی تمام ذریت دیکھی، پھر اسی طرح حضرت یحییٰ۔ حضرت عیسیٰ۔ حضرت یوسف۔ حضرت ادریس۔ حضرت ہارون۔ حضرت موسیٰ اور حضرت ابراہیم علیہم السلام سے الگ الگ آسمانوں پر ملاقاتیں ہوئیں۔ کیا فلاسفہ قدیم اپنے گھڑے ہوئے افلاک میں اس مقدس نظارہ کی صلاحیت پاتے ہیں۔

سائنس جدید اور آسمان

اس موقع پر ہمیں سابق غلطی کا اعادہ ہرگز نہیں کرنا چاہئے کہ ہم نصوص قرآن کو سائنس جدید کی تصویروں یا اس کی تحقیق پر ڈھالنا شروع کر دیں۔

قرآن حکیم کی آیات محکم اور تردید و تنسیخ سے بلند و بالا ہیں اس کے مقابلہ میں عقل انسانی تحقیقات کی منزلیں طے کر رہی ہے ہر روز نیا انکشاف ہوتا ہے۔ اگرچہ اس کی یہ گمراہی بھی بہت پرانی ہے کہ نامکمل ہونے کے

باوجود اپنے تعصبات شریعت پر نظر ڈالتے ہوئے اپنے اور اپنے اہل زمانہ کے لوگوں کی وضع کی ہوئی ہے اور اپنے زعم میں قصور پیدا ہوا ہے کہ ان کی تعریف و تردید کرتی ہے۔ اللہ سب کا حساب لے گا۔ ہم تو اتنی بات کہہ دیتے ہیں کہ قرآن نے دلائل اور فیصلہ کرنے کے جو اصول بتائے ہیں ان کو ملحوظ رکھ کر ہم نے اپنے نتائج پیش کر دیئے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ ہمارا کلام اہل علم کے نزدیک قابل قبول ہوگا۔

اس وقت آسان تر یہ ہے کہ ہم ان کے مقالات میں سے ایک مقالہ میں ایک مثال دیکر ان کی بات کو اس کے طریقہ استدلال کے ساتھ پیش کریں اور پھر دوسری طرف سے اس کی تردید کریں اور ہمارے ساتھ اس کے غور و انصاف کا بھی اندازہ ہو جائے۔

مثال:

قرآن عظیم کی جو آیتیں ہم پر بیان کی گئی ہیں ان میں سب سے پہلی آیت ہے جس میں آسمانوں کے متعلق ہے۔ "ثم دخان" (پھر وہ آسمان تھے تو اب آسمانوں کی اصل دخان ہے) اس قرآنی قاعدہ کلیہ کو ہم پیش کرتے ہیں کہ اس میں تغیر کیوں آتے ہیں۔ تغیرات جو ان کا ہوا ہے آیا وہ ذاتی ہی ہے یا اس کے ساتھ کوئی اور بھی ہو سکتا ہے کیا اس میں کوئی تغیر ہے یا تغیر ہو سکتا ہے کیا "دخان" سے بنا ہوا یہ دھواں بھی تغیر کرتا ہے۔

قرآن پاک کی دوسری آیت کے بموجب جمادات اور نباتات کی پیدائش "ماء" سے ہوئی ہے (۲۱ نمبر ۵۵ رحمٰن) آیت نمبر ۱۱ الجاثیہ میں ہے "وانزلنا من السماء ماء فاخرجنا بہ من کل الثمرات" ہم نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس کی مختلف قسم کے پھل نکلے۔ اس کے علاوہ دوسرے مقامات پر بھی ہے کہ ان تمام چیزوں کی حقیقت پانی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں عقل کا اختلاف ہے قرآن اور سید صاحب یہ کہتے ہیں کہ ان تمام چیزوں کی حقیقت پانی ہے۔ لیکن کیمیا کی تحقیقات اس کو نہیں مانتیں۔ اسی طرح ہمیں اس "دخان" کی حقیقت کا بھی علم نہیں لیکن بعض علماء نے اس کا ذکر کیا ہے اور سید صاحب نے بھی اس کی حقیقت پر کچھ نہ کچھ روشنی ڈالی ہے لیکن یہ "دخان" کس حد تک صحیح ہے۔

بارہویں صدی کے مشہور عالم شیخ اسماعیل حقی نے تفسیر روح البیان میں "دخان" کے متعلق یہ بحث کرتے ہوئے فرمایا "لا یعلم حقیقۃ الدخان الا اجزاء متفرقہ غیر متواصلۃ عدیمۃ النور" دخان کا مطلب یہی ہے اس کے سوا کوئی مطلب نہیں کہ متفرق اجزاء (ملیکیولز) جو پانی میں ملے ہوئے اور ملے ہوئے تھے اور ان میں روشنی نہیں تھی۔ (تفسیر کبیر ص ۲۵۵ ج ۸)

تفسیر کبیر کے مصنف نے اس سائنس نے کافی ترقی کی۔ علامہ مصطفیٰ جو ہری مصری نے بھی اس سائنس پر بحث کی ہے۔ اور قرآن پاک میں سب کچھ بتایا ان کی تحقیقات کو بھی نقل کرتے ہیں۔ "دخان" کی مادۃ غازیہ (گیسز) اور سائنس و مالیکیولز کو بھی ایک ترقی پذیر آسمان بتایا ہے۔ بعض علماء نے اس کی تشابہ کی بنا پر کہا ہے کہ یہ دھواں ہے۔ کچھ فرماتے ہیں اس کی بھی ایک جہان ہے۔ بعض مفسر کے نزدیک اس کو عالم سمجھتے ہیں اور سائنس جدید کے مطابق اس فرشتے نے ساٹھ ہزار عالموں کا مشاہدہ کر لیا ہے۔ یہ ایک عالم ہے اور ان عالموں کی مادۃ غازیہ ہے۔ "کن فیکون" کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ ان

"سماوات اور وجود" کے پہلے مرحلے میں ہیں۔ یہ بہت سے ہیں جو تمام کائنات کے قریب ہیں۔ واحد شمس نہیں ہے اور نہ ہی ہمارا نظام شمسی ہے جس کے اندر ہم موجود ہیں۔ اس طرح بہت سے نظام شمسی ہیں (جانے پہچانے کی اصطلاح میں ہزروں ہزار عالم (کائنات و جہان) شاید صحیح سورج میاں) ان میں اسی طرح کے سیارے ہیں تو کتب ہیں زمینیں ہیں اس ۱۹۰ء

مزید تفصیل کے لئے نقشہ ملاحظہ فرمائیے۔

قرآن پاک کی آیت اپنی جگہ پر ہے عالم اسلام پچھلے سو برس سے اس کو اسی طرح تلاوت کر رہا ہے۔ اس کا بعد ایک طرف تو مغرب کی تحقیق ہے۔ اس پر ان کو یہاں تک ناز ہے کہ فرماتے ہیں "اس سے کسی سوا یہ خیال نہیں کیا جا سکتا ہے کہ اس طرف علامہ موجودہ کی سائنس اور تحقیق ہے۔" "یہ آسمان کا ٹھیک پتہ ان کو کہاں سے معلوم ہوا کہ یہ لمبا اور چوڑا ہے۔ اسی بنا پر داش مندوں نے "داش کی تعریف کی ہے" اسی طرف غالب "ابو الکلام فخر" فرماتے ہیں

تا	ابا	سد	داش	من
کہ	نہ	بیں	کہ	نادانم

یہی غالب یا مین دانشور تھے۔ انہوں نے اپنے قلم حقیقت کے متعلق لکھ کر یا تھا۔ کہ یہ "یوال" کیا ہے کیسے اور کس طرح آغاز ہے۔ غالب صاحب کو ملک سائنس پر اور پختہ تھا۔ کہ قرآن پاک عربی زبان میں ہے اس نے خود یہ کہا ہے۔ مسلمان عربی نہیں ہیں۔ آپ پاک میں ہو جانا ہے۔ اس کا جملہ ہی کیا ہے کہ کوئی ہے بیچ عربی کے لفظ کا ہو۔ باقی یہ کہ کتب اور زمینوں کا اس کو علم ہو احتمالی خالق کائنات کے والا

"حیرت از مطرب و مے و راز نہفتہ بود خدا کہ خلوت کس خانہ دوست دکشا یہ دین مصرا"

مگر ہمارا یہ مطلب نہیں کہ غور و فکر ممنوع ہے۔ مطلب یہ ہے کہ غور و فکر پر اعتماد کر لینا اور یہی کو حرف آخر سمجھ لینا صحیح نہیں ہے۔

سلسلہ کلام ختم کرنے سے پہلے یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ "کتاب الہدیٰ" یعنی قرآن علیم کا طرز استدلال منطقی یا فلسفی نہیں ہے۔ جس سے صرف خاص خاص لوگ فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ بلکہ وہ خطیبانہ انداز میں استدلال کرتا ہے جس کی اثر انگیزی ہر شخص پر ہوتی ہے۔ اور جو بات عام دلوں میں جمی ہوئی ہے۔ اور لکھی ہوئی ہے۔ گویا وہ اس کو مضبوط کرتے ہیں۔ اسی طریقہ پر قرآن پاک نے بھی اپنا طریقہ استدلال رکھا ہے

عوام کو زمین کے بارے میں یہ بات جمی ہوئی ہے اور اس کو وہ شاید کی طرح یقینی بات سمجھتے ہیں کہ سورج چاند ستارے آسمانوں میں ہیں۔ سورج نکلتا ہے اور ڈوبتا ہے ملک کی بنا کو وہ بالا آسمانوں کے اسلوب میں بھی یہی دلیل پیش کرتے ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ جب آسمان نظر ہی نہیں آتے تو یہ کیسے معلوم ہو سکتا ہے کہ وہ ہیں۔ اور ان میں کوئی مخلوق پائی جاتی ہے۔ اور چاند سورج آسمانوں میں ہیں مگر چاند عوام کو نظر آتا ہے۔ اور وہ اس کو مشاہدہ کی طرح یقینی سمجھتے ہیں۔ تو قرآن پاک اس زمین کو سامنے رکھ کر استدلال فرماتا ہے

متبع شریعت ہونے کے باوجود مصائب کیوں؟

(سوال ۹) خدا آپ کے فضل و کرم سے میں نماز پنجگانہ اور روزہ کا بھی پابند ہوں، مشتبہات سے بھی حتی الامکان بچتا ہوں، مگر پھر بھی اب رزق میسر آنے کے باوجود تکلیف سے دوچار ہوتا ہے، اس کے متعلق راقم کو مطمئن کریں

(الجواب) روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ بعض گناہ ایسے ہیں کہ ان کا کفارہ نماز سے ہوتا ہے، بعض روزہ سے، بعض حج سے، بعض عمرہ سے، صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! ان گناہوں کا کفارہ کس چیز سے ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ رزق حاصل کرنے میں جو تکالیف اور رنج پہنچتے ہیں ان سے ان کا کفارہ ہوتا ہے لہٰذا معیشت کی ضرورت تحصیل علم، تجارت کے کاموں سے نہ چھٹے رہیں، خدا پاک مشکل آسان کرے گا۔ جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ اور ایک مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھ لیا کرے اس کا فاقہ اللہ اکبر بالصواب۔

نقش "افعل شریف" کو دعاء کی قبولیت کے لئے سر پر رکھنا کیسا ہے؟

(سوال ۱۰) دعاء کی قبولیت کے لئے نقش افعل شریف کو سر پر رکھنا اور یہ کہنا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کا واسطہ دیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعاء کی ہے اور اس نقش کی برکت سے میری فلاں حاجت پوری فرما دے، نیز نقش سر سے اتار کر چہرے پر پھیرنے اور چومنے کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) جہاں تک آنحضرت ﷺ کے متعمول شدہ مبارک کلمات، پھر ان شریف تہجد شریف، جمعہ شریف، جمعہ مبارک وغیرہ یہ تمام چیزیں بڑی پربرکت اور قابل تعلیم اور لائق زیارت ہیں۔ ان کو حکمت اور محبت اور حسن عقیدت سے چومنا سر پر رکھنا یہ بھی سعادت اور دعاء کی قبولیت کے لئے بہت مؤثر ہے اور تمام صحابہ سے بھی ثابت ہے۔ حاشیہ ملاحظہ ہو۔ (فتاویٰ رشیدیہ اردو قدیمی ص ۲۵۰ تا ۲۵۸ س ۲)

اور حضرت مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی لکھتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی قبر شریف کی مٹی کا وہ حصہ جو آپ ﷺ کے جسم اطہر اور مبارک اعضاء کے ساتھ ملحق ہے وہ بھی شریف اور عزت اور تبرک سے بھی افضل ہے۔

(التصدیقات ص ۱)

مگر یہ فضیلت اصلی آثار اور سندی تبرکات کی ہیں۔ نقلی نقشے اور تعاویذ کا یہ حکم نہیں۔ اور صحابہ کے عمل سے بھی ثابت نہیں خانہ کعبہ کا طواف عبادت ہے۔ حجر اسود کو بوسہ دینا عبادت ہے۔ تو کیا اس کے نقش اور تصویر کا بھی یہی حکم ہوگا؟ ہرگز نہیں!

مشہور واقعہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خانہ کعبہ کا طواف کیا۔ تو آپ نے چاروں کونوں کو بوسہ دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ صرف دو کونوں یعنی حجر اسود اور رکن یمانی کو آنحضرت ﷺ نے بوسہ دیا تھا۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس وقت تو خاموشی فرمایا۔ "کہ باعظمت چیز میں کوئی حصہ قابل ترک نہیں (کوئی طرف چھوڑ دینا چاہئے) مگر جب حضرت ابن عباس نے فرمایا "لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ (پ ۲۱) یعنی تمہارے لئے رسول خدا ﷺ کا عمل بہترین نمونہ ہے۔ تو اب

حضرت معاویہ کا سلام نہ لینا حضرت ابن عباس سے فرمایا ہے شک آپ کی بات صحیح ہے لیکن یہ باعث تردد ہوا، باعث یہ ہوا کہ حضرت علی سے ثابت ہے (حضرت امام الائمہ) اس اقتدا سے بھی عمل شریف کتنے اور تم جیسا سمجھا سمجھا سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ ان کا مقام۔

کوئی شخص خدا کے وجود کا انکار کرنے لگے تو ایسا شخص مسلمان ہے یا نہیں؟

(سوال ۱) ایک مسلمان نے مندرجہ ذیل کلمات کہے ہیں "میں نے خدا کو بالکل نہیں پایا (معاذ اللہ) اس نے کہا لوگ خدا کے وجود کو تسلیم نہیں کرتے، بہت خوشحال ہو گئے ہیں جیسے یورپین قومیں وغیرہ، وہ تو خدا کو نہیں مانتیں تو بھی ہزار ہا میں ایک آدھ ہی ان کے پیچھے لگے ہوئے ہیں (معاذ اللہ) وہ بھی اس لیے ہوا ہے کہ لوگ ایسے سمجھتے ہیں تو مانتے ہیں اور جب ترقی کر رہے ہیں تو ایسے شخص کے لئے شرع میں کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ایسے شخص پر توبہ و تجدید ایمان و تجدید نکاح لازم ہے۔[1]

فقط واللہ اعلم بالصواب۔

"مسلمانوں نے ہندوستان میں مال اور دولت اس لئے ان کے ایمان میں نقص آیا یا نہیں؟

(سوال ۲) بات کہنے والے نے یہاں ایک مقدمہ بنایا ہے اس کا مسلک یہ ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں نے اپنی حکومت کے زمانہ میں مال و دولت بہت حاصل کیا اور اس دولت کے حاصل کرنے میں ان کو ہندوؤں سے بہت کچھ لینا پڑا اور ہندوؤں کو دینا پڑا، ہندوؤں کو دینے کی وجہ سے ان کے ایمان میں کوئی نقص نہیں ہے۔ ان لوگوں نے اپنے پر مسلمانوں کے دل میں قائم کرنے کے لئے ہندوؤں کو یہ دولت دی ہے۔

(۱) اس قول سے ان دونوں قوموں کے ایمان کا درجہ باقی رہا یا نہیں؟ (۲) ایمان باقی رہنے کی صورت میں ان کے لئے تجدید ایمان و نکاح ضروری ہے یا نہیں؟ (۳) مسلمانوں کا ہندوستان میں مال و دولت حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ (۴) جن مسلمانوں نے مال حاصل کرنے کے لئے ایمان میں نقص آیا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ہندوستان کے جن مسلمانوں نے اپنے لئے مال و دولت حاصل کرنے میں نقص فی اللہ تعالیٰ و لا تعاونوا علی الاثم والعدوان (یعنی گناہ اور زیادتی کے کاموں میں تم آپس میں مدد نہ کرو۔ (سورۃ مائدہ) ہندوؤں کو ایسی مدد دی جس کی وجہ سے یہ کافر ہوئے یا کفر کرنے پڑا ایمان سے نکل جانے اور نکاح ٹوٹ جانے کا قوی خطرہ ہے یا جانے کا ایمان کی تجدید ان پر لازم ہے اور اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی جناب میں توبہ کرنی چاہئے۔ جو کچھ لیا ہے کہ اپنے ناجائز فعل کا ہوں اور جو کچھ دیا ہے اس کے متعلق کام میں ہندو قوموں کا تعاون کرنے کی وجہ سے ان کے مذہب میں یہ کام ثواب کا ہو۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

---

[1] در محل قول لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہ بکفر فتاوی عالمگیری۔ حکمہ المرتد فی ما یتعلق بالکفر ج ۲ ص ۲۹۳

[2] وفی شرح الجرور لو یکن یعتقد فی ذلک تعظیما للجرور لا لذلک والشرب وما عندہ ذلک الیوم للمسلمین ولم یقصد تعظیم ذلک۔ فتاوی عالمگیری۔ حکمہ المرتد فی ما یتعلق بالکفر ج ۲ ص ۲۷۷

جاسوس کھودنے کے لئے غیر مسلم سے مشورہ کرنا اور اس کی بات پر یقین کرنا

السوال (۳۰) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس بارے میں کہ مسلمان کا کافر سے کیا معاملہ ہے کیا کافر کے ساتھ اس بات کی تحقیق کے لئے کہ اپنی کہاں زیادہ صفائی ہے ایسے کافر کے پاس جاتے ہیں جب اس کے پاس جاتے ہیں تو وہ یہ سوال کرتا ہے کہ تم کس کام کے لئے ہے ہو مسلمان جواب دیتا ہے کہ ہم فلاں کافر سے اپنی کہاں زیادہ صفائی ہے مسلمان اس کو کہتا ہے کہ تم فلاں کافر کے پاس جاؤ اس کے بعد وہ کافر اس مسلمان کا پورا پتہ اس کو جاتے ہیں کہ مسلمان اس کافر کے پاس جاتے ہیں اور کافروں کی جگہ بتاتے ہیں مسلمان اس کافر کے پاس جاتے ہیں اور کافر مسلمان کو اپنے پاس نہیں رہنے دیتا ہے اور اس کو اپنے پاس سے نکال دیتا ہے

یہ لوگ ان پڑھ اور علوم دینیہ سے ناواقف ہیں اسلامی تعلیم انہیں نے حاصل نہیں کی اس وجہ سے ان کے لئے اور ان کی اولاد کے لئے دینی تعلیم کا انتظام کرنا، ان کے ساتھ رواداری و محبت و شفقت سے پیش آنا، نماز کا عادی بنانا یہ دین کی بڑی خدمت ہوگی۔ اور اس طرح ان کی اصلاح ہوسکتی ہے۔ ان سے قطع تعلق کر لینے میں ان کے اسلام ہی سے نکل جانے کا خطرہ ہے لہذا خصوصت کی اور ترک کلامی و حسن اخلاق سے ان کو سمجھانا اور ان کے لئے دینی علوم کے حصول کا بندوبست کرنا، اپنے لڑکوں کا اسلامی فریضہ ہے اچھائی سمجھ سے اگر قوم کا ایک شخص راہ راست پر آگیا تو یہ دین کی بڑی خدمت ہوگی ۱۲ ۔ دوں کا بھی زندہ امت پر آنے کا ذریعہ ہوگا اور یہ دینی سعی انشاء اللہ آپ کے لئے ذخیرہ آخرت ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

بزرگوں کے طفیل سے دعا مانگنا جائز ہے مگر مزار پر حاضر ہونا ضروری نہیں ہے

(سوال ۱۵) مزار پر جانا اور مزار کے سامنے ہاتھ باندھ کر دعا کرنا جائز ہے یا نہیں اور اگر اس سے دعا مانگ سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) بزرگوں کے طفیل سے دعا مانگنا جائز ہے مگر اس کے لئے مزار پر حاضر ہونا ضروری نہیں ہے۔ دعا صاحب مزار سے مانگنا نہیں ہے خدا سے مانگنا ہے اور خدا ہر جگہ حاضر و ناظر ہے اور موجود ہے۔[۱]

(۱) تقلید شرعی یعنی ائمہ کی تقلید۔

(۲) تقلید کی ضرورت اور تقلید ائمہ اربعہ کے وجوب پر امت کا اجماع۔

(سوال ۹) کیا فرماتے ہیں علماء حنفی مسئلہ ذیل میں کہ ہمارے شہر بھروچ میں ایک شخص نے اہل حدیث مذہب قبول کر لیا ہے اور وہ نماز میں رفع الیدین کرتا ہے اور زبری نماز میں زور سے آمین کہتا ہے تو ہمارے کئی بھائی اس کو ملحق کہتے ہیں تو رفع الیدین کرنا اور آمین کہنا سنت ہے یا بدعت؟ ہمارے مہربانی سے جلد از جلد تحقیق سے جواب عنایت فرمایئے عنوا تثابوا۔

(۱) اس اہل حدیث بھائی کا کہنا ہے کہ نماز میں رفع الیدین کرنا بخاری اور مسلم کی حدیث سے ثابت ہے اور یہ مسئلہ فقہ حنفی مذہب کی کتاب ہدایہ جلد اول صفحہ ۱۲۹ میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ فرمایا تھا رفع الیدین کیا ہے اور آمین بالجہر کا مسئلہ بھی ہدایہ جلد اول صفحہ ۱۲۲ میں موجود ہے تو آمین اور رفع الیدین کرنا سنت ہے۔ ہمارے بھائی کا یہ کہنا بدعت ہے۔ ہمارے مہربانی سے جواب عنایت فرمایئے بینوا توجروا۔

نوٹ: جلد از تحقیق معلوم ہوا ہے کہ رسالہ خود ہی نیا مقلد بن چکا ہے۔ اس لئے جواب میں اسی کو مخاطب کیا گیا ہے۔

(۱) بقولہ لا یا لا حق لبعض علی بعض فقد قال اللہ لا حق لھم وجوبا علی اللہ تعالیٰ لکن سبحانہ وتعالیٰ جعل لھم حقا من فضلہ او برحمۃ بالغۃ بعض المعزلۃ (المعتمۃ فیکون من باب لو سألنی لاعطیتک۔ اللہ تعالیٰ والصواب اشرسیلہ واللہ تعالیٰ من قولہ الشفاعۃ امر من علی ما فی الخصص وحادیۃ روایۃ۔ اللھم انی اسألک بحق سائلی علیک۔ وقال السکی لبعض المتاخرین بانی ابرہ الی من ولم یکرہ احد من اسلفہ، ولا تخالف الا ابن تیمیہ ج ۱ ملخص زبدۃ المحتسر مختصرا والا بانۃ فصل فی الشفع ج ۱ ص ۲۹۷

(الحواشی) حامد ومصلیاً ومسلماً وباللہ التوفیق۔ سوال کی عبارت بعینہٖ وہی ہے جو اوپر لکھی گئی ہے۔ سائل تقلید (مذہب حنفی چھوڑ کر غیر مقلد (لامذہب) بن گیا ہے۔ علم کا حال یہ ہے کہ وہ تیر وسطر کے سوال میں پس ۴۰ سے ۴۵ غلطیاں کی غلطیاں ہیں۔ جب اردو زبان میں اس کا انتساب علم یہ ہے کہ اردو صحیح لکھنا آتا ہے نہ یہ قرآن اور احادیث عربی کتابیں کیا سمجھ سکتے ہیں؟

"قیاس کن زگلستانِ من بہار مرا"

شیخ الاسلام امام غزالی فرماتے ہیں۔ واسما حق العوام ان یؤمنوا ویسمعوا ویشتغلوا بمعاشھم ومعادھم ویترکوا العلم للعلماء فالعامی لو بزنی او یسرق کان خیرا لہ من ان یتکلم فی العلم فانہ من تکلم فی اللہ وفی دینہ من غیر اتقان العلم وقع فی الکفر من حیث لا یدری کمن یرکب لجۃ البحر وھو لا یعرف السباحۃ۔

یعنی عوام کا فرض ہے کہ ایمان اور اسلام لا کر اپنی عبادتوں اور روزگار میں مشغول رہیں علم کی باتوں میں مداخلت نہ کریں اس کو علماء کے حوالے کر دیں۔ عامی شخص کا علمی سلسلہ میں بحث کرنا زنا اور چوری سے بھی زیادہ نقصان دہ اور خطرناک ہے کیونکہ جو شخص دینی علوم میں بصیرت اور پختگی نہیں رکھتا وہ اگر فرضاً تعالیٰ اور اس کے دین کے مسائل میں بحث کرتا ہے تو بہت ممکن ہے کہ وہ ایسی رائے قائم کرے جو کفر ہو اور اس کو اس کا احساس بھی نہ ہو کہ جو اس نے سمجھا ہے وہ کفر ہے اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جو سمندر میں جا پڑے۔

(احیاء العلوم ص ۳۵ ج ۳)

عام مسلمانوں کو شرعی حکم معلوم کرنے کے لیے دلیل کرنا ضروری ہے باریکیوں میں الجھنے کی ضرورت نہیں۔ حدیث میں ہے۔ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگا کہ یا رسول اللہ آپ مجھے بھی وہ حقوق بتلا دیجیے۔ آپ ﷺ نے چند سوالات کیے (۱) تو خدا کی معرفت حاصل کر چکا؟ (۲) تو نے اللہ کے کتنے حقوق ادا کیے؟ (۳) تجھے موت کا کام ہے؟ (۴) تو موت کی تیاری کر چکا؟ آخر میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تو جا اور بنیاد مضبوط کر پھر آ تو میں تجھے عمارت سے باخبر کروں۔

(جامع بیان العلم ص ۳۳)

اور آنحضرت ﷺ کی پیشین گوئی ہے۔ تحمد النساء رؤساً حیھا لا تفتوا فاقرا بغیر علم فضلوا واضلوا (مشکوٰۃ شریف ص ۳۲ کتاب العلم)

یعنی حضور اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ (ایسا زمانہ آئے گا کہ) لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنا لیں گے اور ان سے مسائل دریافت کریں گے وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے۔ اس طرح وہ خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

ان حالات میں تقلید اور مذاہب حقہ (حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی) چھوڑ کر غیر مقلد (لامذہب) بن جانا اور نفسانی خواہشات نفسانی کی پیروی کرنا اور مجتہدین کی تقلید کو باطل اور شرک سمجھنا اور مذہب حقہ کو ناحق کہنا اور ائمہ دین کو قرآن و احادیث کے مقابلہ میں اپنی رائے پر عمل کرنے والا بتانا حرام اور موجب گمراہی ہے۔ ایسے لوگوں کو تو "اہل حدیث" بتانا ہی نازیبا ہے جس طرح فرقہ ضالہ مفترین حدیث کو "اہل قرآن" کا نام دینا مناسب اور جائز نہیں اسی طرح

[illegible] ہے اور اس کے [illegible] ہیں [illegible] ہیں [illegible] ہیں

السواد الاعظم ومن شذ شذ فی النار ست لسداد الحفظ لا هذه لا اربعه کذا فی تدریب الراوی السواد الاعظم جمی بڑے مسلمان گروہ کو کہتے ہیں جو اپنے زمانہ کے اکثر مسلمانوں کا مذہب رکھتا ہو اگر چند شہروں کے لوگ ایک طرف ہوں اور باقی تمام دنیا کے مسلمان دوسری طرف تو اعتبار انہیں کا ہوگا جو اکثر ہیں اور جو ان سے جدا ہو کر گروہ بنائے وہ جہنم میں جائے گا (ت) (مرقاۃ المفاتیح کتاب الایمان باب الاعتصام الفصل الثانی مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ ۱/۲۱۵)

(۱۰) مظہر فرماتے ہیں حضرت شیوخ ائمہ حدیث طریق حدیث اور ائمہ مذاہب اربعہ سے مقلدین سواد اعظم فرماتے ہیں اور نہ کسی غیر مقلد سواد اعظم سے خارج کہا ہے ہیں ان لئے کہ لوگ ائمہ اربعہ جن سے کسی امام کو مقلد نہیں کہتے وہ تشریع میں بری طرح ہیں اور حقیقت وہ ارشاد کلمات کی پیروی کرتے ہیں۔ ائمہ حضرت ﷺ کا فرمان پہنچاتے ہیں۔ اتبعوا السواد الاعظم (اتباع کرو بڑے گروہ کی۔ ت) (ابن ماجہ باب السواد الاعظم ص ۲۹۱)

(۱۱) مرقاۃ حدیث میں ہے علیکم بالجماعۃ فان ید اللہ علی الجماعۃ (جماعت کے ساتھ رہو۔ ت) (مشکوٰۃ شریف ص ۳۰)

تیسری حدیث میں ہے لا تجتمع امتی علی ضلالۃ (میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہوگی۔ ت) (مشکوٰۃ شریف ص ۳۰)

پانچویں حدیث میں ہے لن تجتمع امتی علی الضلالۃ (میری امت کبھی گمراہی پر متفق نہیں ہوگی۔ ت)

پانچویں حدیث ید اللہ علی الجماعۃ ومن شذ شذ فی النار (جس مسئلہ میں مسلمانوں میں اختلاف ہو اور ایک طرف علماء اسلام کی اکثریت ہو اس کے ساتھ رہو اور اس لئے کہ اس جماعت پر خدا کا ہاتھ ہے یعنی اس کی مدد شامل حال ہوتی ہے اور جو ان سے الگ ہوا (یعنی ایسا مسئلہ نکالا جو اجماعی نہ تھا۔ ت) وہ جہنم میں جا ڈالا جائے گا۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۰)

چھٹی حدیث ان اللہ یحفظنی ولا یزال یدفع عن امتی کذب العلم باحد الصدقۃ والفاحیۃ وایاکم والشعب وعلیکم بالجماعۃ والعامۃ (اللہ تعالیٰ ہمارے علماء کو ہمیشہ ایسی طرح کی باتوں کا بھیجتا رہتا ہے (جو وجہ کافی کی بات پر دلالت کرتے ہیں) جو ان سے نقل در نقل کی جاتی رہتی ہے اور میری امت سے ان کو دفع کرتا رہتا ہے ایک کتاب سے دوسری۔ (ت) (ایسی طرح تم بھی اپنے علماء کی جماعت سے ملے رہنا اور جماعت عامہ (سواد اعظم) میں اپنے کو شامل رکھو۔ ت) (مشکوٰۃ شریف ص ۳۰ وغیرہا)

ساتویں حدیث من فارق الجماعۃ شبرا فقد خلع ربقۃ الاسلام عن عنقہ (جس نے ایک بالشت بھر بھی جماعت سے علیحدگی اختیار کی (یعنی چند مسائل میں جمہور مسلمانوں سے الگ ہو گیا۔ ت) اس نے اسلام کی رسی اپنی گردن سے نکال ڈالی۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۰ وغیرہا)

آٹھویں حدیث ان تسعین صنفا منھم واحدۃ ناجیۃ وسائرھم ھالکۃ فعلیکم بالجماعۃ الخ (بنی اسرائیل کے تہتر فرقے ہوئے تھے ان میں سے ایک فرقہ جنتی ہوگا اور باقی سب جہنمی ہوں گے (اب یہ فضیلت ہے اس

(۱) قال السخاوی وبالجملۃ فھو حدیث مشھور لہ طرق کثیرۃ وقد افرد بالتصنیف کما فعلہ ابو نعیم وغیرہ المقاصد الحسنہ ص ۱۰۰

[illegible] (شرح العقائد النسفية ص ۱۲۳)

[illegible]

[illegible] (الحجة البالغة ج ۱ ص ۲۲۲)

[illegible]

[illegible]

[illegible] (الحجة البالغة ج ۱ ص ۲۲۲)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ناب رہے تھے ہو کسی خاص مجتہد کے مذہب پر اعتماد نہ رکھتے ہوں (یعنی اصولاً تقلید شخصی کا رواج ہو گیا) اور یہی طریقہ اس وقت رائج تھا۔ (انصاف مع ترجمہ کشاف ص ۵۹)

اور فرماتے ہیں:۔ وھذہ المذاھب الاربعۃ المدونۃ المحررۃ قد اجتمعت الامۃ او من یعتد بہا منہا علی جواز تقلیدھا الی یومنا ھذا۔ اور یہ مذہب اربعہ مدون و محرر ہو گئے ہیں پوری امت یا امت کے معتد حضرات نے ان مذاہب اربعہ مشہورہ کی تقلید کے جواز پر اجماع کر لیا ہے (اور یہ اجماع) آج تک باقی ہے (اس کی مخالفت جائز نہیں بلکہ مذہب گمراہی ہے) (حجۃ اللہ البالغۃ ج ۱ ص ۱۵۴ الفصل الی مسائل ضمت فیہا الا قدام)

اور فرماتے ہیں:۔ وما الحملۃ فالمذھب للمجتہدین سراً الھمہ اللہ تعالی العلماء جمعھم علیہ من حیث یشعرون اولا یشعرون۔

ترجمہ:۔ الی حمل ان مجتہدین (مثلاً ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل) کے مذہب کی پابندی (یعنی تقلید شخصی) ایک راز ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے علماء کے دلوں میں الہام کیا ہے اور اس راز کو متحقق کیا جانے والا تقلید اس کی صحت اور راز کو جانتا ہو یا نہ جانتا ہو (یعنی تقلید کی حکمت اور خوبی ان کو معلوم ہو یا نہ ہو) (انصاف عربی ص ۳۰، انصاف مع کشاف ص ۹۳)

اور فرماتے ہیں:۔ انسان جاھل فی بلاد الھند و بلاد ما وراء النھر ولیس ھناک عالم شافعی ولا مالکی ولا حنبلی ولا کتاب من کتب ھذہ المذاھب وجب علیہ ان یقلد لمذھب ابی حنیفۃ ویحرم علیہ ان یخرج من مذھبہ لانہ حینئذ یخلع من عنقہ ربقۃ الشریعۃ ویبقی سدی مھملاً۔

ترجمہ:۔ کوئی جاہل عامی انسان ہندوستان اور ماوراء النہر کے شہروں میں ہو (کہ جہاں مذہب حنفی پر عمل نہ ہوتا ہے) اور وہاں کوئی شافعی، مالکی اور حنبلی عالم نہ ہو اور ان مذاہب کی کوئی کتاب ہو تو اس وقت اس پر واجب ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کی مذہب کی تقلید کرے اور اس پر حرام ہے کہ حنفی مذہب کو ترک کر دے اس لئے کہ اس صورت میں شریعت کی رسی اپنے گلوں سے نکال پھینکتا ہے اور مہمل و بیکار بن جاتا ہے (انصاف عربی ص ۵۲ مع ترجمہ کشاف ص ۷۰ ملخصاً)

حضرت شاہ صاحب کو بھوپال جانے کے آنحضرت ﷺ کی جانب سے تقلید کرنے پر مامور کیا گیا اور دار تقلید سے خروج کی ممانعت کی گئی۔ چنانچہ آپ فیوض الحرمین میں تحریر فرماتے ہیں:۔ واستعدت منہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلثۃ امور خلاف ما کان عندی وما کانت طبعی تمیل الیہ الاستعداد ھذہ الاستفادۃ من براھین الحق تعالیٰ علی الخ قولہ وانا نھیما الوصاۃ بالتقلید بھذہ المذاھب الاربعۃ لا اخرج منہا الخ۔

ترجمہ:۔ مجھے آنحضور ﷺ کی جانب سے ایسی تین باتیں حاصل ہوئیں کہ میرا خیال پہلے ان کے موافق نہ تھا اور نہ میرا طبعی میلان بالکل ان کی طرف تھا یہ استفادہ میرے اوپر براہین حق میں سے ہوا۔ ان تین امور میں سے دوسری بات یہ تھی۔ حضور آنحضرت ﷺ نے مجھے وصیت فرمائی کہ میں ان ائمہ اربعہ کی تقلید کروں اور ان سے باہر نہ جاؤں (فیوض الحرمین ص

[illegible]

ورقہ ماتے ہیں: وعن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما وسلم ان في [illegible] يختلف عرضه [illegible] وانه الذي [illegible] وانه الذي [illegible] وانه الذي

حدیث کے ارکانوں میں سے ایک رکن، اپنے زمانہ کے امام اور محدثین کے پیشوا تھے ان کی جرح وتعدیل علمائے رجال میں معتبر ہے اور آپ شافعی المذہب تھے (رجال ص ۱۲)

امام ابوداؤد کے متعلق تاریخ بتاتے ہیں کہ بقول خطیب، ذہبی، شافعی امام ابوداؤد محدث اہل حدیث کے حافظ، فقہ کی اچھی طرح سمجھ رکھتے تھے اور فقہ میں بڑا درجہ رکھتے تھے۔ مؤلف صرف اس پر بس نہیں کرتے کہ آپ شافعی تھے بلکہ خطیب اس سے بھی آگے بڑھتے ہیں اور امام شافعی (۲۰۴ھ) کی فقہ کا حامل تسلیم کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ امام مسلم، امام ترمذی، امام نسائی، امام ابن قطان وغیرہ بھی یہی کہتے ہیں۔ امام ابن حجر کا قول ہے مطابق ثقہ تھے۔ امام یحییٰ بن معین محدث یحییٰ بن سعید القطان، عبدالرحمٰن بن مہدی، احمد بن حنبل، امام بخاری، امام نسائی یہ سب تلامذہ تھے، یحییٰ سے سماع کیا۔ ان کے علاوہ ان کے والد شیخ عبدالاشعث سجستانی بھی تھے

یہ ان محدثین عظام کا ذکر ہے جنہوں نے صحاح ستہ کی تصنیف کے وقت سے لے کر آج تک صحاح ستہ کی خدمت کی ہے۔ ان کے علاوہ بھی بہت سے محدثین ہیں جنہوں نے صحاح ستہ کی خدمت کی ہے۔ ان کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان کا ذکر کرنا بھی بہت مشکل

الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندی متوفی ۱۳۳۹ھ محدث کبیر امام العصر علامہ انور شاہ کشمیری متوفی ۱۳۵۲ھ محدث مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی صاحب بذل المجہود شرح ابوداؤد متوفی ۱۳۴۶ھ محدث مولانا شبیر احمد عثمانی صاحب فتح الملہم شرح صحیح مسلم متوفی ۱۳۶۹ھ وغیرہ وغیرہ۔

علماء سندھ:۔

محدث شیخ ابوالحسن سندھی متوفی ۱۱۸۷ھ شیخ ہاشم سندھی، پیر الخلیب سندھی م ۱۱۷۴ھ، شیخ محمد معین سندھی م ۱۱۸۰ھ شیخ محمد عابد سندھی م ۱۲۵۷ھ شیخ حیات سندھی م ۱۱۶۳ھ رحمہم اللہ وغیرہ جنہوں نے صحاح ستہ اور کتب حدیث پر حواشی لکھے۔ اور مدینہ منورہ جا کر حدیث کا درس دیا۔

اولیاء ہند:۔

امام ربانی شیخ سید احمد مجدد الف ثانی نقشبندی م ۱۰۳۱ھ عارف باللہ محدث مرزا مظہر جان جاناں م ۱۱۹۵ھ اولیاء ہند کے سرتاج خواجہ معین الدین چشتی (سن وفات میں چند اقوال ہیں ۶۳۳ھ ۶۳۳ھ ۶۳۶ھ ۶۳۷ھ) خواجہ قطب الدین بختیار کاکی م ۶۳۳ھ یا ۶۳۴ھ خواجہ فرید الدین گنج شکر م ۶۶۴ھ یا ۶۶۸ھ خواجہ نظام الدین اولیاء متوفی ۷۲۵ھ خواجہ علاء الدین صابر کلیری م ۶۹۰ھ وغیرہ وغیرہ ہزارہا صحابہ تابعین۔ مفسرین، محدثین، مشائخ مقتدین گذرے ہیں۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو نزہۃ الخواطر، حدائق حنفیہ، انوار باری کے مقدمہ کا حصہ دوم، تذکرہ محدثین۔

ائمہ اربعہ کی تقلید اور تقلید کا ائمہ اربعہ میں منحصر ہو جانا اور جمہور اہل سنت والجماعت کا مذاہب اربعہ میں مجتمع ہونا خود ایک بہت عظیم خدمت ہے۔ ہر زمانہ میں خدا ترس اور علماء متدین اس کی تصریح کرتے رہے ہیں کہ جو تقلید کا منکر ہو اور غیر مقلد بن کر شتر بے مہار کی طرح زندگی بسر کرتا ہو اور اپنی خواہشات پر عمل پیرا ہو وہ اہل بدعت میں سے ہے۔ اہل سنت میں سے نہیں شیعہ تقلید ائمہ اربعہ کے منکر ہیں اور مذاہب اربعہ کو بدعت کہتے ہیں۔ اسی طرح غیر مقلدین بھی ان کے نقش قدم پر چل کر تقلید کو بدعت و شرک کہتے ہیں (یہ غیر مقلدین اور بھی دیگر مسائل میں شیعہ روافض کے ہم مشرب ہیں مثلاً روافض صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کو معیار حق تسلیم نہیں کرتے اسی طرح غیر مقلدین بھی صحابہ کے معیار حق ہونے کے منکر ہیں، روافض ایک مجلس کی تین طلاق کے وقوع کو تسلیم نہیں کرتے اسی طرح غیر مقلدین بھی ایک مجلس میں طلاق ثلاثہ کے وقوع کے منکر ہیں، روافض ۲۰ رکعت تراویح کو بدعت کہتے ہیں غیر مقلدین بھی ۲۰ رکعت تراویح کو بدعت عمری کہتے ہیں، روافض جمعہ کے دن اذان اول کو جو منارہ پر دی جاتی ہے۔ بدعت کہتے ہیں اسی طرح غیر مقلدین بھی اس اذان کو بدعت عثمانی قرار دیتے ہیں۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے خلافت کے زمانہ میں عورتوں کی آزادی و بے اعتنائی دیکھی تو صحابہ کے مشورے سے عورتوں کو مسجد میں نماز پڑھنے کی ممانعت کا فیصلہ فرمایا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا (اگر حضور اکرم ﷺ عورتوں کی یہ حالت دیکھتے تو خود بھی روک دیتے۔ اس فیصلہ شیعہ و روافض نے قبول نہیں کیا اسی طرح غیر مقلدین نے بھی منظور نہیں کیا۔ واللہ اعلم)

غرض سوائے شیعہ اور چند علماء غیر مقلدین کے تقریباً تمام ہی علماء نے تقلید کو ضروری قرار دیا ہے۔ اور بیسیوں

اپنی تصانیف میں اس پر بحث کی ہے۔ چنانچہ شرح مسلم الثبوت میں ہے۔ بل یجب علیهم اتباع الذین سبروا ای تعمقوا وبوبوا ای اوردوا ابوابا لکل مسئلة علیحدة فهذبوا مسئلة کل باب ونقحوا کل مسئلة عن غیرها وجمعوا بینهما بجامع وفرقوا بفارق وعللوا ای اوردوا لکل مسئلة علته وفصلوة تفصیلاً وعلیه بنی ابن الصلاح منع تقلید غیر الائمة الاربعة الا مام البهمام امام الائمة اما منا الکوفی رحمه الله والا مام مالک رحمه الله ، والا مام الشافعی رحمه الله والا مام احمد رحمهم الله تعالی وجزاهم عنا احسن الجزاء، لان ذالک المذکور لم یدر فی غیرهم۔

ترجمہ۔ بلکہ ان عوام پر ان حضرات کی پیروی اور اتباع واجب ہے۔ جنہوں نے نظر عمیق سے کام لیا اور ابواب قائم کر کے ہر مسئلہ کو اس کے مناسب باب میں درج کیا، اور ہر مسئلہ کی تنقیح اور چھان بین کی اور جمع کیا اور تفریق کی (یعنی ہر مسئلہ کو جمع کیا اور ہر مسئلہ کو دوسرے مسئلہ سے جدا کیا)۔ اور ہر مسئلہ کی علت بیان کی اور پوری پوری تفصیل کی (یہ بات تفصیلی طور پر صحابہ کی اقوال میں نہیں ہے۔ اس لئے عوام کے لئے عمل کرنا مشکل ہوتا ہے اور وہ مخالط میں پڑ جائیں گے بنا علیہ اصول حدیث کے واسع محدث یگانہ علامہ ابن صلاح رحمہ اللہ نے ائمہ اربعہ کے سوا دوسروں کی تقلید کی ممانعت فرمائی کہ امور مذکورہ مذاہب اربعہ کے سوا اور کسی مذہب میں موجود نہیں ہیں اللہ تعالیٰ ان ائمہ اربعہ کو ہم سب کی طرف سے بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔

(فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت للعلامہ بحر العلوم متوفی ۱۲۲۵ھ ص ۶۲۹)

علامہ ابن نجیم مصری متوفی ۹۷۰ھ "الاشباہ والنظائر" میں ارقام فرماتے ہیں۔ وما خالف الائمة الاربعة فهو مخالف للاجماع۔ یعنی (کسی شخص کا) کوئی فیصلہ ائمہ اربعہ کے خلاف ہو تو وہ اجماع کے خلاف ہے (اس لئے قابل قبول نہیں ہو سکتا) (ص ۱۳۱)

حافظ حدیث علامہ ابن ہمام رحمہ اللہ متوفی ۸۶۱ھ نے "التحریر فی اصول الفقه" میں تصریح فرمائی ہے۔ وعلی هذا ما ذکر بعض المتاخرین منع تقلید غیر الاربعة لانضباط مذاهبهم وتقلید مسائلهم وتخصیص عمومها ولم یدر مثله فی غیرهم الآن لانقراض اتباعهم وهو صحیح۔

یعنی اور اسی بنیاد پر بعض متاخرین نے ذکر کیا ہے کہ ائمہ اربعہ ہی کی تقلید متعین ہے نہ کہ دوسرے ائمہ کی، اس لئے کہ ائمہ اربعہ کے مذاہب مکمل منضبط ہو گئے ہیں اور ان مذاہب میں مسائل تحریر میں آ چکے ہیں اور دوسرے ائمہ کے مذاہب میں یہ چیز نہیں ہے اور ان کے متبعین بھی ختم ہو چکے ہیں اور تقلید کا ان ہی چار اماموں میں منحصر ہو جانا صحیح ہے۔ (التحریر ص ۵۵۲)

اورنگ زیب عالمگیر کے استاذ علامہ، زبردست فقیہ، اصولی، جامع المعقول والمنقول شیخ احمد المعروف بہ ملا جیون صدیقی (متوفی ۱۱۳۰ھ "تفسیرات احمدیہ" میں تحریر فرماتے ہیں۔ قلنا وقع الاجماع علی ان علی ان الاتباع انما یجوز للاربع۔ الی قوله وکذا لا یجوز الاتباع لمن حدث مجتهداً مخالفاً لهم۔ یعنی اس پر اجماع منعقد ہو گیا ہے کہ اتباع (تقلید) صرف ائمہ اربعہ کی کی جائز ہے، اسی بنا پر جو مجتہد (اس زمانہ میں) نیا پیدا ہوا اور اس کا قول ان ائمہ اربعہ کے خلاف ہو تو اس کی اتباع بھی جائز نہیں۔

(تفسیرات احمدیہ ص ۲۲۶ مطبوعہ کتب خانہ نعیمیہ دیوبند)

(ہدایہ میں کئے بعد پھر لکھتے ہیں) والانصاف ان انحصار المذاهب في الاربعة ؛ تاهيم لفضل الهي وقبولية من عند الله لا محال فيه لمن توجهات والا فالحق احق ان يتبع ۔ مذاہب کا چار میں منحصر ہونا اور ان میں سے مذہب کی اتباع کرنا فضل الٰہی ہے اور مذاہب اربعہ کا قبولیت عند اللہ ہونا بلاشبہ ان کی توجہات کی وجہ سے ہے (تفسیرات احمدیہ ص ۲۲۶، داؤد بن سلیمان الدیحکمہ فی الحرمت آب نے ماخذ (مسودہ) ص ۱۷)

اور شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرماتے ہیں۔ فلما حدثت الحداثة قد قرن بعد القرون الثلثة و لا اربعة على اربعة المذاهب ولم يبق في غيرها احد قال سوى هذه المذاهب الاربعة فقد انعقد الاجماع المركب على بطلان قول من يخالف كلهم وقد قال الله تعالى ومن يتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولى ونصله جهنم

(حجۃ اللہ البالغہ مصری ص ۱۵۵ ج ۱ مسودہ ص ۱۵۵ ج ۱ مسودہ ص ۱۵۵ ج ۱ مسودہ

ہیں کہ حضرت خواجہ سید الطائفہ بن زندۃ الاولیاء قرۃ الحق والشرع شمس تبریز رحمۃ اللہ علیہ سے بتاریخ ۱۰ ذی الحجہ ۶۴۵ھ فرمایا کہ ہر چار مذاہب برحق ہیں۔ لیکن یہ یقین جانتا چاہئے کہ مذہب امام اعظم سب سے افضل تر ہے اور دیگر مذاہب اس کے پاس ہیں، کیونکہ امام ابوحنیفہ افضل المجتہدین ہیں اور الحمد للہ کہ ہم حنفی کے مذہب میں ہیں (نخبۃ صافی ص ۱۰۴)

علامہ جلال الدین سیوطی "شرح جمع الجوامع" تحریر فرماتے ہیں۔ یجب علی العامی وغیرہ ممن لم یبلغ مرتبۃ الاجتہاد التزام مذھب معین من مذاھب المجتھدین "عامی وغیر عالمی پر جو اجتہاد کے درجہ کو نہ پہنچا ہو مجتہدین کے مذاہب میں سے ایک مذہب معین کو عمل کرنے کے لئے اپنے اوپر لازم کرلینا"

(نخبۃ الزیدیہ ترجمہ شرح اوقایہ ص ۱۰) مقدمہ۔

شارح مسلم الثبوت محب اللہ بہاری "وصولۃ الطالبین" میں تحریر فرماتے ہیں "اما الاجتہاد المطلق فقالوا انحتم بالائمۃ الاربعۃ حتی لو حرر تقلید واحد من ھولاء علی امتہ وقفل امام المحرمین الاجماع علیہ "یعنی اجتہاد مطلق" کے متعلق علماء فرماتے ہیں "ائمہ اربعہ پر ختم ہوگیا حتی کہ اگر تمام امت کا تقلید کسی ایک امام کا اختیار کرلینا امام الحرمین نے اس پر اجماع نقل کیا ہے" (نخبۃ الزیدیہ ص ۱۰) مقدمہ۔

"الہدیۃ السراج شرح مقدمہ ابن عباد" میں ہے "وفی زماننا ھذا قد انحصرت صحۃ التقلید فی ھذہ المذاھب الاربعۃ (الی قولہ) ولا یجوز الیوم تقلید غیر الائمۃ الاربعۃ فی قضاء ولا افتاء" یعنی ہمارے اس زمانہ میں تقلید مذاہب اربعہ میں منحصر ہوگئی ہے اور آج ائمہ اربعہ کے سوا کسی اور امام کی تقلید جائز نہیں ہے نہ تو قضا کی نہ افتاء کی۔

(نخبۃ الزیدیہ ترجمہ شرح وقایہ ص ۱۵)

امام عبدالوہاب شعرانی "میزان الشریعۃ الکبریٰ" میں تحریر فرماتے ہیں "وکان سیدی الخواص رحمہ اللہ تعالیٰ اذا سئلہ انسان عن التقلید بمذھب معین الان ھل ھو واجب ام لا یقول لہ یجب علیک التقلید بمذھب من المذاھب ما دامت لم تصل الی شھود علی الشریعۃ الاولی من الوقوع فی الضلال وعلیہ عمل الناس الیوم۔

یعنی میرے سردار علی خواص رحمۃ اللہ علیہ جب یہ پوچھا جاتا کہ اس وقت مذہب معین کی تقلید واجب ہے یا نہیں؟ تو فرماتے "کہ تم پر مذاہب معین کی تقلید واجب ہے جب تک تجھے اول درجہ کا کشف وشہود سے مرتبہ اجتہاد حاصل نہ ہو اس وقت تک معین امامی کی تقلید سے قدم باہر نہ نکالنا (کہ یہ موجب گمراہی ہے) اور اس پر آج لوگوں کا عمل ہے۔ (میزان کبریٰ)

مشہور تفسیر قرآن وحدیث کے ماہر سید احمد طحطاوی (متوفی ۱۲۳۱ھ) فرماتے ہیں۔ فعلیکم یا معشر المسلمین بباتباع الفرقۃ الناجیۃ السواد الاعظم اھل السنۃ والجماعۃ فان نصرۃ اللہ فی مواضعھم وحد

[illegible] وسطه، ومعه في محافلهم وهذه الطائفة الحنفية فقد اجتمعت اليوم في المذاهب الاربعة اهم المجتهدون والسالكون والمتفانون والمتبعون ومن كان خارجاً من هذه المذاهب الاربعة في ذلك الزمان فهو من اهل البدعة والنار۔

یعنی اے گروہ مسلمانان آج جو جماعت پائے اسے لازم ہے کہ اہل سنت واجماعت کے ساتھ ہو اور جو تفرقہ کرے اس سے جدا ہو بے شک اللہ تعالیٰ کی مدد جماعت کے ساتھ ہے اور جو اکیلا ہوا اکیلا ہی جہنم میں پڑا۔ اہل سنت وجماعت کی نشانی یہ ہے کہ وہ فضیلت کے تمام درجات کے ساتھ خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم کی خلافت کو مانتے ہیں (اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور ہمیں بھی ان سے راضی کرے) یعنی اہل سنت والجماعت آج کل منحصر ہو گئی ہے ان چار مذاہب میں یعنی حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی ہیں۔ جو شخص ان چار مذاہب سے خارج ہے وہ اہل بدعت اور اہل نار سے ہے (اہل سنت میں داخل نہیں) (طحطاوی علی الدر المختار ص ۲۵۳ ج ۴ کتاب الزکوٰۃ)

حضرت مولانا محمد عبدالحی صاحب فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

(سوال) آج کل مذہب والے مذہب اربعہ کو جماعت کہتے ہیں کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں۔

الجواب واجب ہے کہ اہل مذاہب اربعہ جماعت کہلائیں کیونکہ یہ مذاہب اجماعی ہیں (مجموعۃ مسائل ص ۹۲ ج ۱)

(سوال) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ اہل مذاہب اربعہ جماعت ہیں یا نہیں اگر جماعت ہیں تو کس دلیل سے ثابت ہے؟

الجواب کہ مذاہب اربعہ جماعت ہیں کیونکہ اجماع امت سے ثابت ہے کہ جماعت حق یہ مذاہب اربعہ ہیں مسائل اجماعیہ ان مذاہب میں ہیں اور مذاہب اربعہ میں جو اختلافات ہیں وہ اختلافات ایسے ہیں جو صحابہ میں موجود تھے (اور اختلاف امت کی خوبی کی دلیل ہے) اس لئے کہ اختلاف صحابہ رضی اللہ عنہم کا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اھتدیتم یعنی میرے اصحاب ستاروں کے مانند ہیں تم ان کی جس کی اقتدا (پیروی) کرو گے ہدایت پاؤ گے اور مذاہب اربعہ میں اختلاف ایسا ہے جس کے خلاف سے دلیل قائم نہ ہو (اور مسئلہ مختلف فیہا) قرآن مجید سے ثابت ہے (قرآن مجید میں ہے فاقرؤا ما تیسر منہ) اجماع امت ہوا۔ لہٰذا مذاہب اربعہ میں اختلاف حدیث کے ظاہری الفاظ سے ہے۔ اگر احادیث پر نظر ہو تو ہر ایک مذہب حدیث پر ہے اور ظاہر حدیث کو دلیل سمجھتے ہیں اور اگر فقہ پر نظر ہو تو ہر ایک مذہب فقہ پر ہے اور ظاہر حدیث کو دلیل سمجھتے ہیں پس جو شخص ان مذاہب اربعہ میں سے کسی مذہب کو چھوڑ کر دوسرے مذہب کو اختیار کرتا ہے اور اس کو اچھا سمجھتا ہے اور اس کی طرف دعوت دیتا ہے تو گویا وہ اس کی اصل کو نہیں سمجھا اور اس کی نظر صحیح نہیں ہوئی اور اس نے اپنے نفس کو دھوکہ دیا اور اس کا قصد اس کا یہ ہے کہ وہ دلیل کو چھوڑ کر عمل کرے اور یہ نہایت درجہ کی جہالت ہے اور ایسا شخص اس لائق ہے کہ اس کو تعزیر کی سزا دی جائے۔ بعض جاہلوں نے حدیث سے دلیل پکڑ کر عمل کیا اور امت میں نماز پڑھی لیکن جب آنحضور ﷺ کو یہ قصہ معلوم ہوا تو آپ نے اس کی نماز کو باطل فرمایا (اور اس کو نماز نہیں سمجھا) دونوں طرح عمل ہے۔

مذاہب اربعہ کے خلاف کی صورت یہی ہے کہ جماعت کس طرح ہو سکتی ہے۔

(مجموعہ مسائل ترجمہ [illegible] مسائل ص ۱۰۱ ج ۱)

اور نیچے سوال نے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

(سوال ۶۲) مقلد ایشاں بر حق اند یا نہ؟

الجواب: ہر گز مقلد ایشاں بر حق نخواہد شد زیرا کہ تصدیق ایشاں تکذیب حدیث صحیح و تضعیف امت بر اقتدار الظاہر ہو ہر دو امر حرام است (فتاوی محدث دہلوی مسائل حدیث مسائل ص ۱۹۳)

(سوال: (سوال) مذاہب اربعہ کے مقلدین برحق ہیں یا نہیں؟

الجواب: مذاہب اربعہ کے مقلد برحق نہیں کیونکہ ان کے مذاہب اربعہ برحق تسلیم حدیث صحیح کے خلاف ہیں۔ (فتاوی محدث دہلوی مسائل حدیث ترجمہ مسائل ص ۱۹۲)

امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

ہے کہ تعصب و تعسف مذاہب اربعہ منسوخ کردہ ولایت ایں مذاہب حقہ کہ بعضی از مخلصان زمانہ بآں متمسک شدہ اند و بآں تعصب می ورزند و ایں را از کمال دین و متابعت سید المرسلین می دانند و ہر کہ ایں تعصب ندارد او را از بے دینی و بے متابعتی منسوب می سازند و ہر کہ بمذہب خاصی از مذاہب اربعہ منتسب نیست او را بے نسبت می شمارند و ہر کہ بمذہب خاص

(۵) فلو لا نفر من کل فرقۃ منھم طائفۃ لیتفقھوا فی الدین ولینذروا قومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون ۔ یعنی کیوں نہ نکلے ہر فرقہ میں سے ایک جماعت تاکہ فقہ دین حاصل کریں اور جب واپس آئے اپنی قوم کو ہوشیار کریں تاکہ وہ بھی ان کی باتوں کو سمجھ کر ان کی اتباع کریں (سورۃ توبہ پ ۱)

(۶) وجعلنا منھم ائمۃ یھدون بامرنا لما صبروا وکانوا بایاتنا یوقنون اور ہم نے ان میں پیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے راہ بتاتے تھے جب انہوں نے صبر کیا اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے

(سورۃ السجدہ پ ۲۱)

(۷) واتبع سبیل من اناب الی ۔ اس شخص کے راستہ کی پیروی کر جو میری طرف رجوع لے آئے ہے

(۸) یاایھا الذین امنوا اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین ۔ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو۔ (سورۃ توبہ پ ۱)

ان تمام آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اتباع کا حکم فرمایا ہے اور ان سے تقلید مطلق کا ثبوت ہوتا ہے۔ اب اس سلسلہ کی چند احادیث ملاحظہ کیجئے۔

(۱) عن حذیفۃ رضی اللہ عنہ قال، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لا ادری ما بقائی فیکم فاقتدوا باللذین من بعدی ابی بکر وعمر ۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے معلوم نہیں میں کب تک تم لوگوں میں رہوں گا لہٰذا میرے بعد ان دو شخصوں کی اقتداء کرنا ابی بکر و عمر کی اقتداء کرنا (مشکوٰۃ شریف ص ۵۶۹ باب مناقب ابی بکر و عمر)

(۲) علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین الخ ۔ تم پر میری سنت اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت لازم ہے تم اس سے تمسک کرو (مشکوٰۃ شریف ص ۲۷ اعتصام بالکتاب والسنۃ)

(۳) لما بعث معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما بعثہ الی الیمن

قال کیف تقضی اذا عرض لک قضاء قال اقضی بکتاب اللہ قال فان لم تجد فی کتاب اللہ قال فبسنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فان لم تجد فی سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اجتھد برایی ولا آلو فضرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی صدرہ وقال الحمد للہ الذی وفق رسول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما یرضی رسول اللہ

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تو آپ نے فرمایا تم کس طرح فیصلہ کرو گے جب تمہارے سامنے کوئی مقدمہ پیش ہوگا؟ عرض کیا میں اللہ کی کتاب سے فیصلہ کروں گا۔ آپ نے فرمایا اگر اس میں نہ ملے؟ عرض کیا پھر رسول اللہ ﷺ کی سنت سے فیصلہ کروں گا۔ آپ نے فرمایا اگر اس میں بھی نہ ملے؟ عرض کیا پھر اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور کوشش میں کمی نہیں کروں گا۔ یہ سن کر آپ نے میرے سینہ پر ہاتھ مارا اور فرمایا اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے رسول کے قاصد کو رسول اللہ ﷺ کی توفیق دی جس سے اللہ کا رسول راضی ہے۔ (ابوداؤد، باب اجتہاد الرای فی القضاء، ص ۱۵۰ ج ۲) (ابوداؤد، ترمذی، دارمی، مسند احمد، ص ۲۳۰ ج ۵)

حضرت معاذ کی اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ

(۱) حدیث سے مسائل کا استنباط کرنا اور حدیث میں ان کا حکم تلاش کرنا قرآن سے تلاش کرنے کے بعد ہے۔

(۲) جو شخص مسائل میں اپنی رائے اور اجتہاد سے فیصلہ کرنا چاہے اس کے لیے ضروری ہے کہ پہلے قرآن و حدیث میں تلاش کرے۔

(۳) قرآن و حدیث میں تلاش کرنے کے بعد اجتہاد کرنا چاہیے۔ اجتہاد کے لیے قرآن و حدیث کا علم ضروری ہے۔ اجتہاد کرنے والے کو اپنی رائے پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے بلکہ اپنی رائے کو قرآن و حدیث کی روشنی میں جانچنا چاہیے۔

(۴) حضرت معاذ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا جا رہا ہے۔ یمن کے لوگ عرب اور حالات و معاملات کی نوعیت بھی وہی ہے جو حجاز کی ہے۔ اس لیے حضور ﷺ نے ان کو جو ہدایات دیں وہ ان تمام علاقوں کے لیے ہیں جہاں کے حالات و معاملات یمن کے حالات سے ملتے جلتے ہوں۔ آپ نے ان کو اجتہاد کی اجازت دی۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہر زمانہ کے علماء کو اپنے زمانہ کے حالات کے مطابق اجتہاد کا حق حاصل ہے۔

(۵) الحدیث رواہ احمد وابوداؤد والترمذی (مشکوٰۃ شریف ص ۳۲۳ کتاب العلم)

علماء دین نے لکھا ہے کہ جس طرح دین کی حفاظت فرض ہے اسی طرح دین کی اشاعت بھی فرض ہے (یعنی ہر زمانہ کی ضروریات کے مطابق دین کی تبلیغ بھی لازم اور ضروری ہے۔ اسی لیے ہر زمانہ کے علماء کو اجتہاد کا حق دیا گیا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہر زمانہ کے علماء کو اجتہاد کا حق حاصل ہو۔

(۶) کانت بنو اسرائیل تسوسھم الانبیاء کلما ھلک نبی خلفہ نبی وانہ لا نبی بعدی وسیکون خلفاء فیکثرون (مسلم باب وجوب الوفاء ببیعۃ الخلیفۃ الاول فالاول ج ۲ ص ۱۲۶) بنی اسرائیل کی سیاست حکومت ان کے انبیاء کرتے تھے۔ جب کسی نبی کا وقت پورا ہو جاتا تو دوسرا نبی آ جاتا تھا۔ [illegible]

بعد سے بعد کوئی نہ کوئی بات ایسی ہوئی ہے جس کی وجہ سے بعد خیر القرون کے اہل علم کو اجتہاد کرنا پڑا ہے۔ (نتیجہ یہ ہوا کہ زمانہ کی تمام تر پیش آمدہ ضروریات کی تکمیل اور ہر ایک کے لئے ضروری احکام کا استنباط اسی قرن اول کے علماء سے ہوا)

(از معارف القرآن حضرت مفتی محمد شفیع صاحب ج ۱ ص ۱۸۵)

مندرجہ بالا آیت واحادیث سے تقلید شخصی کا ثبوت نہیں ہوتا ہے۔ کچھ اس تقلید کی وہ صورتیں ہیں جن کو آج تقلید کے لئے کسی خاص امام مجتہد کو متعین نہ کیا جائے بلکہ کسی امام کے مسلک کو اختیار کرلیا تو بھی دوسرے امام کے قول پر عمل کرلینا اسے تقلید مطلق کہا جاتا ہے۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ تقلید کے لئے کسی ایک مجتہد کو متعین رکھا جائے۔ ہر مسئلہ میں اسی کی اتباع کی جائے اسے تقلید شخصی کہا جاتا ہے۔ بعد کے علماء نے تعین میں تقلید کی ان دونوں صورتوں پر عمل درآمد رہا ہے اور بلاشبہ اس کا ثبوت ملتا ہے۔ چنانچہ اس عہد مبارک میں یہ بات بالکل واضح تھی کہ جو حضرات مجتہد نہ تھے وہ اکثر یا بعض مسائل میں کسی سے پوچھ کر عمل کیا کرتے تھے اور جس سے جواب میں جیسا سنتے ویسا ہی عمل کرتے یا بلا دلیل سائل آس پر عمل کرتا ہو اور نہ مسائل کی صورت میں سائل کا اطمینان ہوتا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں۔

"صحابہ کرام سے لے کر امام ابوحنیفہ کے زمانہ تک یہی دستور رہا کہ کوئی عالم مجتہد بلا تامل کسی کی تقلید نہ کرتے تھے اگر کسی معتبر اور مستند شخصیت نے اس پر فتویٰ دیا اور تقلید باطل ہوتی تو وہ حضرات اس پر ضرور تنبیہ فرماتے (عقد الجید ص ۲۹ مترجم)

حضرت شاہ صاحب کے اس بیان سے عہد صحابہ وتابعین میں تقلید مطلق کا ثبوت واضح طور پر ملتا ہے۔ اس قرن ان حضرات کے یہاں تقلید مطلق کا رواج تھا ایک طرف تو بعض حضرات تقلید شخصی پر بھی عمل پیرا تھے دین پر اتنا کہ مسائل خلافیہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کو ترجیح دیتے تھے اور اسی کے قول پر عمل کرتے تھے اور اہل یمن حضرت زید بن ثابت کے قول پر عمل کرتے تھے اور اہل کوفہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے فتوی کو ترجیح دیتے اور اسی کی اتباع کرتے تھے۔

(۱) بخاری و مسلم اور ابوداؤد میں ہے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے ایک مسئلہ دریافت کیا گیا جس مسئلہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود کا جواب حضرت ابوموسیٰ اشعری کے جواب کے خلاف تھا۔ جب ابوموسیٰ اشعری کو اس کا علم ہوا تو پوچھا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود کا جواب اور فتویٰ کیا ہے ان کے بعد ارشاد فرمایا "لا تسألوني ما دام هذا الحبر فيكم" جب تک یہ عالم (یعنی ابن مسعود) تم میں موجود ہیں تم مسائل نہ پوچھو۔ دریافت کیا کرو اور وہ جو فتویٰ دیں اسی پر عمل کرو مجھ سے دریافت نہ کرو۔ اسی کا نام تقلید شخصی ہے۔ اس کا ثبوت اس روایت سے واضح طور پر ہوتا ہے۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۶۵)

(۱) سوال ابوموسیٰ اشعری نے کئی نے پوچھا کہ فرائض کے بارے میں ایک بیٹی ایک پوتی اور ایک بہن ہو تو ترکہ کیسے تقسیم ہوگا۔
جواب: بیٹی کو نصف اور بہن کو نصف ملے گا۔ جاؤ ابن مسعود سے پوچھو۔ ابن مسعود نے بھی یہی جواب دیا کہ ابوموسیٰ اشعری نے کہا کہ اب میں تمہارے درمیان سے نہیں جاؤں گا جب تک ابن مسعود موجود ہیں۔ ابن مسعود نے جواب دیا کہ بیٹی کو نصف ملے گا اور پوتی کو چھٹا اور بہن کو نصف۔ اس نے فیصلہ دیا ہے میں تو آپ کا وہی جواب دوں گا جو انہوں نے دیا ہے۔ ابن مسعود نے کہا کہ اب تم میرے درمیان سے نہ جاؤ جب تک یہ عالم تمہارے درمیان موجود ہے۔ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۹۴)

(۲) صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ و لفظ حدیثہ عن ابن عباس عن امرأۃ طافت ثم حاضت، قال لھم تنفر قال لا (ملخصاً) و بلفظ ھو لکم (زید بن ثابت) و حدیث امرأۃ بعد ما افاضت صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۳ کتاب الحیض)

(۱) مدینہ سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس عورت کے متعلق سوال کیا جو طواف فرض کے بعد حیض سے ہوئی ہو تو آپ وہ طواف وداع کئے بغیر واپس جا سکتی ہے یا نہیں؟ ابن عباس نے فرمایا وہ جا سکتی ہے واپس جا سکتی ہے۔ اس حدیث سے ابن عباس آپ کے قول یا فتویٰ پر عمل کرنے سے زید بن ثابت کے قول (فتویٰ) کو ترک نہیں کریں گے (بخاری شریف)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل مدینہ زید بن ثابت کی تقلید نہیں کرتے تھے ان روایت سے اس بات پر استدلال کرنا کہ ھو لکم بھو لکم و بدیع قول زید ہی کو ہوتے تھے۔ درست نہیں کیونکہ ابن عباس کی روایات کئی قرائن میں ان سے پر نہیں کی جاتی ہیں (شرح تقلید ص ۱۰۷) ایک قرینہ تو یہ ہے کہ ابن عباس کا زید بن ثابت کے ترک حدیث کے مرتکب ہوتے ہوئے تقلید نہیں کرنا (بلکہ حدیث کو ترجیح دینا) اور دوسرا قرینہ ابن عباس کا خود تقلید فرمانا۔

(۳) حضرت ابن عباس فرماتے تھے کہ ہر بات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول معلوم ہوتا ہے چاہے کسی اور نے قول کی نسبت کیوں (فاروق ص ۱۹)

(۴) جب تک نافع مولیٰ عبداللہ بن عمر نے علامہ مالک نے فوق نہیں دیا (تذکرہ الحفاظ ج ص ۱۹۹) معلوم ہوتا ہے کہ امام مالک نافع مولیٰ عبداللہ بن عمر کی تقلید نہیں کرتے تھے۔

(۵) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایات پہلے گزر چکی ہیں اور اق میں ملاحظہ ہو۔ یہ روایات تقلید نہیں ہیں اتباع ہیں۔ ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ عورتیں بھی مسائل پوچھنے کے لئے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتی تھیں۔ یہ صرف معاذ اللہ شوہروں کی شکایت کرنے کے لئے نہیں جاتی تھیں بلکہ دینی مسائل دریافت کرنے کے لئے بھی جاتی تھیں۔ اس لئے ہر عورت کو اپنے شوہر کی شکایت کرنے کے لئے حضور کی خدمت میں حاضر ہونا ضروری نہیں اور حضور کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے قرآن و حدیث میں کوئی شرط نہیں ہے کہ آپ کے بعد اس میں کوئی تقلید نہیں کی جا سکتی ہے بلکہ ہر عالم کے پاس جا کر مسائل دریافت کئے جا سکتے ہیں۔

اور یہ بھی مشہور ہے کہ بعض عورتیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی ایسی تھیں جو روایات کو بھول جاتی تھیں ان کو بھی تقلید مطلق یا تقلید شخصی دونوں کا رواج تھا کہ ہر بات میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھتی ہیں۔ ان کا مقصد حضرات سے پوچھنا ان کی تقلید کا نہیں ہوتا بلکہ ان کا مقصد ہوتا کہ ان لوگوں میں تقریر اور حدیث کی روایات ہیں ان کو بھی سنیں اور ان کو بھی یاد کریں تاکہ ان کی تقلید مطلق اور تقلید شخصی دونوں پر عمل ہو سکے جو حضرات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے بعد ہوتا کیا اور شرف خدا اور اکابر صحابہ کی صحبت سے کم ہونے کی وجہ سے ان کو بھی روایات کی ضرورت آتی تھی تاکہ ان کو بھی تقلید مطلق اور تقلید شخصی دونوں کا موقع ملے اور ان کو بھی روایات کی ضرورت آتی تھی تاکہ ان کو بھی تقلید مطلق اور تقلید شخصی دونوں کا موقع ملے اور ان کو بھی روایات کی ضرورت آتی تھی تاکہ ان کو بھی تقلید مطلق اور تقلید شخصی دونوں کا موقع ملے

امت کا اجماع ہو گیا کہ ایسا ہونا چاہئے تو اجماع مثل شریعت مقبول ہوجاتے اور ہر ایک اپنے اپنے مطلب اور خواہش کے موافق عمل کرتا۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں **وبعد المائتین ظہر فیہم التمذہب للمحصلین اعنی بہم و قل من کان لا یعتمد علی مذہب معین وکان ہو الواجب فی ذالک الزمان** یعنی دوسری صدی ہجری کے بعد لوگوں میں تحقیق مجتہدوں کی پیروی کا رواج ہوگیا اور اہل کمال ایسے تھے جو کسی خاص مجتہد کے مذہب پر اعتماد نہ کرتے ہوں اور اس زمانہ میں یہی ضروری تھا۔ (انصاف ص ۳۴)

نمبر ۱۱ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ العلی "تقلید شخصی کے ضروری نہ لابدی ہونے" کے متعلق تحریر فرماتے ہیں۔

"کوئی شخص یہ بھی جانتا ہے کہ مختلف لوگوں کا تجارت ہو مثلاً کسی شیخ سے کوئی شغل پوچھا یا اور کسی دوسرے سے اور کوئی شغل پوچھا یا تو اس صریح متعدد کا انہاں میں فی دسہ بارہ ہے۔ اور سلف کی یہی عادت تھی کہ کبھی امام ابوحنیفہ سے پوچھا یا کبھی اوزاعی سے اور مختلف کی ایسی عادت دیکھ کر بعض لوگوں کو یہ لازم ہوتا ہے۔ سو ایسی نسبت تو یہ ہے جیسے ایک عارض کی وجہ سے ممنوع ہوگیا اس کے چھوڑنے کے لئے ایک قاعدہ سن لیجئے وہ یہ کہ عادت غلبہ کا اعتبار ہوتا ہے سو عادت غلبہ کے اعتبار سے آج کل اور اس وقت میں یہ فرق ہے کہ اس وقت کے لوگوں میں دین غالب تھا۔ ان کا مختلف لوگوں سے پوچھنا یا تو تحقیق غور کرتا تھا اور اس نے کہ جس کے قول میں زیادہ احتیاط ہوگی اس پر عمل کریں گے یہ میں اگر تدین کی اب بھی یہی حالت ہوتی تو ایک حد تک اور اس کی تقلید کرنے کی ضرورت نہ ہوتی مگر اب تو وہ حالت ہی نہیں رہی اور کیسے رہتی کہ حدیث میں ہے **تم یفشو الکذاب** کہ غیر القرون کے بعد کذب پھیل جائے گا اور لوگوں کی عادت مل جائے گی سو بعد خیر القرون سے بعد سرتا کیا۔ آج ان لوگوں کی حالت ابتر ہوتی گئی۔ اب تو وہ حالت ہے کہ عام طور پر غرض پرستی غالب ہے مختلف لوگوں سے اس لئے پوچھتا ہے کہ جس میں اپنی غرض سمجھتا ہو اس پر عمل کریں گے۔ **الی قولہ**۔ علامہ شامی نے یہاں ایک حکایت لکھی ہے۔ یہ فقیہ نے ایک محدث کے یہاں اس کی لڑکی کے نکاح کا پیغام بھیجا۔ محدث نے کہا میں شرط کرتا ہوں کہ تم رفع یدین اور آمین بالجہر کرو۔ فقیہ نے اس شرط کو منظور کر لیا اور نکاح ہوگیا۔ اس واقعہ کو ایک بزرگ کے پاس ذکر کیا گیا تو انہوں نے اس کو سن کر سر جھکا لیا اور تھوڑی دیر سوچ کر فرمایا سمجھے اس شخص نے ایمان جانے رہنے کا خوف ہے اس واسطے کہ وہ جس بات کو سنت سمجھ کر کرتا تھا یہاں اس نے اس کی زندگی ذلیل ترین۔ بہرحال ہر مصنف کہنا کے لئے سے چھوڑ دینا اس کی یہ حالت دنیا طلبی کی ہوگئی ہے ایسے وقت میں اگر تقلید شخصی نہ ہو تو یہ ہوگا کہ ہر مذہب میں سے جو صورت اپنے مطلب کی پائیں گے اسے اختیار کر لیں گے۔ مثلاً اگر وضو کرنے کے بعد اس کے خون نکل آیا تو اب امام ابوحنیفہ نے مذہب پر تو وضو ٹوٹ گیا اور امام شافعی کے مذہب پر نہیں ٹوٹا سو یہاں تو یہ شخص امام شافعی کا مذہب اختیار کرے گا اور پھر اس نے بیوی کو بھی ہاتھ لگایا تو اب امام شافعی کے مذہب پر تو وضو ٹوٹ گیا اور امام ابوحنیفہ کے مذہب پر نہیں تو ایسا نہ ہو کہ یہاں امام ابوحنیفہ کا مذہب لے لے تو بہرحال اس صورت میں کسی امام کے نزدیک اس کا وضو نہیں رہا۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک تو خون نکلنے کی وجہ سے ٹوٹ گیا اور امام شافعی کے نزدیک عورت کو چھونے کی وجہ سے۔ مگر اس شخص کو زبردستی پر عادت ہوگئی۔ وہ تو ہر امام کے مذہب میں اپنے مطلب ہی کی ڈھونڈ لے گا اور جو امر کہ مطلب کے خلاف ہے اس کو نہ مانے گا۔ سو دین تو مذہب کا

تحقیق غلط اور گمراہی پر مبنی ہے کیونکہ یہ تقلید شخصی کی ضرورت نہ تھی بلکہ تقلید مطلق کی ضرورت تھی اور تقلید مطلق کے قائل تمام مسلمان ہیں اور مخالف سے کہ ہم شخص پر فرض نہیں کہتے بلکہ ہم جہلاء اور عوام کے لئے فرض کہتے ہیں اس لئے ہمارے اوپر یہ اعتراض ہے ہی نہیں اس لئے تقلید شخصی ہم نہ تو فرض کہتے ہیں نہ واجب بلکہ ہم فرض کہتے ہیں کہ تقلید شخصی میں دین کا تحفظ ہوتا ہے اور اگر کسی تقلید میں یہ تحفظ نہ ہو تو اس تقلید شخصی میں اصل مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔

(الانصاف للشیخ ولی اللہ صفحہ ۸۹ تا ۹۰ ملخصاً)

علامہ ابن نجیم مصری حنفی فرماتے ہیں۔ فی وقت یفتون من بقصد النکاح وفی وقت بخلافہ من بتحققہ بحسب الغرض والمیل فلا یجوز۔

یعنی یہ کہ کبھی اس بات پر فتویٰ دیتے ہیں کہ تین طلاق سے عورت بائنہ ہو جاتی ہے اور کبھی اس بات پر فتویٰ دیتے ہیں کہ تین طلاق سے عورت رجعیہ ہو جاتی ہے یہ اختلاف محض نکاح کے مقصد کی وجہ سے ہے اور اس کا اختلاف جائز ہے۔ (فتاویٰ ابن نجیم ص ۲۲۹)

نیز علامہ ابن نجیم لکھتے ہیں کہ مذہب حنفی کے مسائل دو قسم کے ہوتے ہیں بعض مسائل اہل حدیث کے بھی موافق ہوتے ہیں۔ شیخ ابن تیمیہ نے جو مسائل حنفیہ کے خلاف لکھے ہیں اور فرمایا ہے کہ ہم حنفی المذہب ہیں وہ بیان فرمایا ہے جو فرماتے ہیں۔

فنحن وللہ الحمد متبعون لا مقلدون علی مذھب الامام احمد بن حنبل ہم لوگ الحمد للہ مذہب کے تابع ہیں مقلد نہیں ہیں اور مذہب حنبلی کے ماننے والے ہیں اور امام احمد بن حنبل حنفی المذہب تھے یہ ہیں اس لئے اب امام احمد بن حنبل کی یہ رائے ہے جس کو آپ نے کتاب میں لکھا ہے آپ فرماتے ہیں۔ الی وللہ الحمد متبع سنت ومتبع غیر ہذا فی دینی الذی ادین اللہ بہ الخ یعنی الحمد للہ میں سنت کا تابع ہوں (یعنی میں نے سنت کو اختیار کیا ہے) اور میرا دین جس کو میں اللہ کی عبادت سمجھتا ہوں وہ سنت کی اتباع ہے اس کے علاوہ دوسرا طریقہ میرا نہیں ہے (الفتاویٰ الحدیثیہ ص ۲۰۰)

ان کے علاوہ شیخ ابن تیمیہ اپنا ذاتی مسلک بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اصل دین (یعنی دین کی بنیاد) تو ثابت ہے اور اسلام میں سنت والجماعت کا مسلک ہے اور ہر امام کی اتباع ہوتی ہے (یعنی ہر امام کی بات مانی جاتی ہے) اس لئے ہم مذاہب اربعہ حنفی شافعی مالکی حنبلی کے مذاہب پر ہیں اور ان کو ان مذاہب اربعہ میں سے کسی کی بھی تقلید کرنے سے منع نہیں کرتے۔ (الفتاویٰ ص ۳۰ ج ۲)

(نوٹ) غیر مقلدین حضرات علامہ ابن تیمیہ کی اس عبارت کو بنیاد بنا کر تقلید کی مخالفت کرتے ہیں۔ حالانکہ شیخ محمد بن عبدالوہاب نے اپنی تصنیف "مختصر السیرۃ" میں شیخ ابن تیمیہ کے خلاف بہت کچھ لکھا ہے۔

علامہ ابن نجیم اور شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی جس کا حنبلی مذہب ہونا ظاہر ہے۔ غیر مقلدین بھائیوں کو بھی تسلیم ہے۔ آپ نے علماء بالا میں ان دونوں حضرات کے اقوال کو ذکر فرمایا ہے۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ ان حضرات نے

یہاں بھی تقلید گمراہی یا شرک نہیں ہے بلکہ وہ بھی اس کے ضروری ہونے کے قائل ہیں۔ اور یہ غیر مقلدین ائمہ ہدیٰ کی تقلید کو حرام، شرک، بدعت اور گناہ کہتے ہیں چنانچہ غیر مقلدوں کی کتاب "فتاویٰ نذیریہ" کے ابتداء میں ہے "اللہ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اس سے ہم کو کشف پے نفس، کرم سے حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی، مذاہب کی تقلید سے جن میں ایک جہاں پھنس رہا ہے۔ اور وہ سب آیت قرآنی اتخذوا احبارھم ورھبانھم ارباباً من دون اللہ اور حدیث عدی بن حاتم کے کہ مخالف حکم خدا اور رسول کے اور کسی کا حکم ماننا شرک ہے، شرک سے بچایا۔" (فتاویٰ نذیریہ طریقہ محمدیہ ص ۲)

صاحب فتاویٰ نذیریہ نے حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی مذاہب کی تقلید کو "شرک" کہا ہے اور استدلال میں قرآنی آیت اتخذوا احبارھم ورھبانھم ارباباً من دون اللہ۔ اور حدیث عدی بن حاتم کو پیش کر دیا، حالانکہ آیت کا تعلق یہود و نصاریٰ سے ہے کہ انہوں نے اپنے علماء و مشائخ کو "خدا" بنا رکھا تھا اور وہ اس طرح کہ ان کی شریعت میں بعض چیزیں حرام تھیں ان کو ان کے علماء اور مذہبی پیشواؤں، پادریوں نے حلال کر دیا حالانکہ وہ چیزیں بعض صریح ان کے مذہب میں حرام تھیں اور اس سے قبل ان اشیاء کے حرام ہونے کا عقیدہ بھی رکھتے تھے مگر پادریوں نے حلال کرنے سے حلال سمجھنے لگے۔ اسی طرح یہود نے اپنے علماء کے متعلق یہی عقیدہ بنا رکھا تھا۔ یہ صورت یقیناً مذموم اور شرک ہے چنانچہ جب یہ آیت اتخذوا احبارھم ورھبانھم ارباباً من دون اللہ نازل ہوئی تو حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا "کہ وہ یہود و نصاریٰ اپنے علماء کی عبادت نہیں کرتے تھے پھر ارباباً من دون اللہ کیا کہنا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نعم لم یکونوا یعبدونھم ولکنھم کانوا اذا احلوا لھم شیئاً استحلوہ واذا حرموا علیھم شیئاً حرموہ۔ یعنی بیشک وہ ان کی عبادت تو نہیں کرتے تھے۔ لیکن وہ لوگ (علماء) جس چیز کو حلال کر دیتے یہ لوگ اس کو حلال سمجھتے اور جس چیز کو حرام کہہ دیتے اس کو حرام جانتے (ترمذی وغیرہ)

اس تقریر سے ایک بات واضح ہو گئی کہ مقلدین احکام فقہیہ میں ائمہ مجتہدین کے فتاویٰ کی تقلید اور اتباع تو کرتے ہیں مگر ان میں اور یہود و نصاریٰ کی قباحت میں بین فرق ہے وہ یہ کہ یہود و نصاریٰ تحلیل و تحریم میں احبار و رہبان ان کے لئے مستقل اختیار ثابت کرتے تھے گویا انہیں قانون ساز سمجھتے تھے اور مقلدین ائمہ و علماء مجتہدین کے لئے شرعاً برابر اختیار و تشریعی تسلیم اور ثابت نہیں کرتے اصل حکم خدا ہی کا سمجھتے ہیں اور "ان الحکم الا للہ" ہی کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ ہاں رسول کا بیان چونکہ دلیل قطعی ہے اللہ کی طرف سے چیزوں کے حلال و حرام ہونے پر اس لئے رسول کی اتباع کرتے ہیں۔ اب رہا تقلید کا مسئلہ تو اس کی حیثیت (جیسا کہ گذشتہ اوراق سے واضح ہو گیا) صرف یہ ہے کہ ہم ائمہ کو شارح قانون سمجھتے ہیں اور ان کی فہم و بصیرت پر اعتماد کرتے ہیں نہ کہ انہیں قانون ساز گردانتے ہیں اس لئے اس تقلید کو یہود و نصاریٰ کی تقلید سے کوئی مناسبت نہیں اور نہ ہی کی تقلید کی مذمت اس آیت کریمہ سے ہرگز ثابت نہیں ہو سکتی۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ نے اس مسئلہ سے متعلق ایک واضح اور قطعی بات لکھی ہے کہ اصل حکم تو اللہ ہی کا ہے، اور وہ تحلیل، تحریم جس کی نسبت رسول اللہ ﷺ کی طرف کی جاتی ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ آنحضور ﷺ قول اللہ کی تحلیل و تحریم کے لئے علامت قطعی ہے۔ اور اس تحلیل و تحریم کو مجتہدین امت کی طرف منسوب کرنے کا مقصد

یہ ہے کہ یہ حضرات اس حکم کو شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں یا اس کے کلام سے استنباط کرتے ہیں۔ واما نسبة التحليل والتحريم الى النبي صلى الله عليه وسلم فبمعنى ان قوله امارة قطعية لتحليل الله وتحريمه واما نسبتها الى مجتهدين من امته فبمعنى روايتهم ذلك عن الشارع او استنباط من كلامه.

حجة الله البالغة مع ترجمه نعمة الله السابغة (ج ۱ ص ۱۲۷ باب الصيام المشروع)

غیر مقلدین کے چند اشکالات اور ان کے جوابات:

پہلا اشکال:

ان حضرات کا ایک اشکال یہ ہے کہ مسائل فقہ اور اسلامی احکام حضور اکرم ﷺ کے دور حیات میں مدون اور جمع نہ تھے یہ بعد کی ایجاد ہے اس لئے یہ بدعت سیئہ ہے۔ یہ اعتراض سراسر ان کی جہالت کورانہ اور انتہائی غلامت ہے قرآن کریم بھی حضور اکرم ﷺ کے مبارک زمانہ میں یکجا جمع نہ تھا۔ حضور ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مشورے سے جمع کیا گیا۔ جس کے لئے ابتداءً حضرت ابوبکر صدیق تیار نہ تھے اور فرمارہے تھے۔ كيف تفعل شيئاً لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وسلم "کہ جو کام حضور اکرم ﷺ نے نہیں کیا وہ آپ کیسے کرسکتے ہیں" حضرت عمر فاروق نے فرمایا "هذا والله خير" "قسم بخدا یہ کام اچھا ہے۔ ان دونوں حضرات میں بحث اور گفتگو ہوتی رہی یہاں تک کہ اللہ نے صدیق اکبر کو اس بارے میں شرح صدر فرمادیا اور وہ اس مبارک کام کے کرنے پر آمادہ ہوگئے۔ خود صدیق اکبر کا بیان ہے۔ فلم يزل عمر يراجعني حتى شرح الله صدري لذلك. ورايت في ذلك الذي رأى عمر. یعنی عمر مجھ سے الٹ پھیر (بحث) کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ بھی اس کام کے لئے شرح صدر عطا فرمادیا اور میری بھی اس بارے میں وہی رائے ہوگئی جو حضرت فاروق کی تھی ان دونوں حضرات کی رائے متفق ہوگئی تو پھر کاتب وحی حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اس خدمت پر مامور کرنے کے لئے طلب فرمایا اور قرآن جمع کرنے کا حکم دیا تو انہوں نے بھی یہی سوال کیا۔ كيف تفعلون شيئاً لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وسلم آپ حضرات وہ کام کیسے کرسکتے ہیں جو آنحضرت ﷺ نے نہیں کیا۔ حضرت ابوبکر صدیق نے ان کو مطمئن بنانے کی یہاں تک کوشش کی کہ ان کے قلب مبارک میں اللہ نے یہ بات اتار دی اور وہ بھی اس کام کے لئے آمادہ ہوگئے حضرت زید فرماتے ہیں فلم يزل ابو بكر يراجعني حتى شرح الله صدري لذي شرح له صدر ابي بكر و عمر حضرت ابوبکر مجھ سے سوال وجواب (الٹ پھیر) کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے میرا سینہ بھی اس کام کے لئے کھول دیا جس کے لئے ابوبکر و عمر کا شرح صدر ہو چکا تھا۔ اس کے بعد حضرت زید بن ثابت نے نہایت احتیاط اور پورے اہتمام کے ساتھ یہ خدمت انجام دی اور قرآن کریم کا نسخہ مرتب فرمادیا۔ اگر فقہ کے مسائل اور احکام حضور اکرم ﷺ کے بعد مدون ہوتے اور جمع ہوئے تو اعتراض ہے اور اسے بدعت (یا جائز کہا جاتا ہے تو جمع قرآن کے متعلق کیا کہو گے؟

احادیث کی تدوین تیسری صدی کے وسط سے شروع ہوئی ہے اور کتب احادیث بعد میں مرتب ہوئی ہیں۔ بخاری، مسلم، ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ وغیرہ تو بہت بعد میں تصنیف کی گئی ہیں کیا ان کو بھی بدعت کہا جائے گا؟ اور اس سے اعتراض کیا جائے گا؟ اور کتب احادیث سے استناد و ترک کر دیا جائے گا؟ حقیقت یہ ہے کہ لفظ تدوین اور بدعت سے متعلق کتب احادیث کو مرتب کرنا بدعت اور ترک قرآن و بدعت کہا جا سکتا ہے اس لئے کہ دینی بات کو بدعت کہنا نادانی اور نرا وہم اور جہل کا کام ہے۔ جو کام نام اور دینی بات بدعت مستحسنہ کہلائی جائے جو علم فی الدین کہلائی۔ دین کے اندر بطور اضافہ قواعد کی تدوین کے ہو اور وہ دین قرآن سے کرو عبادات وغیرہ دینی امور کے طرح ثواب آخرت اور رضائے الٰہی کا وسیلہ سمجھ کر کیا جائے حالانکہ شریعت میں اس کی کوئی دلیل نہ ہو نہ قرآن و سنت سے نہ قیاس و اجتہاد سے جیسے میلاد کی نماز میں اور اس واقعہ میں "اضافہ" پایا جائے اور جو یہ کام "فضیلت" ہو یعنی دین کے اتباع کا ہو، فضولی اور دنیاوی مقاصد کی تکمیل و تحصیل کے لئے نہ ہو بدعت "سیئہ" نہیں کہلا جاتا جیسے ترجمہ قرآن کا مسئلہ قرآن میں اعراب و نقاط لگانا۔ کتب احادیث کی تالیف، ان کی شرحیں لکھنا، دوران کتابوں کا صحیح بخاری، صحیح مسلم وغیرہ نام رکھنا ان تمام امور کو بدعت نہیں کہہ سکتے اسی طرح ائمہ مجتہدین و مرتب کرنا اور مذاہب اربعہ کی شرحیں اور ان کا تقابلی مطالعہ، فقہی اور اصول کا مرتب کرنا یہ بھی بدعت نہیں کہا جا سکتا۔ غرض تمام مروجہ علوم دینیہ جو ہمارے سامنے ہیں کہ ان کو بدعت کہنا درست نہیں ہے۔ اگر قرآن سمجھنے کے لئے ان کی ضرورت ہو تو ان کی حیثیت مستقل ہو جائے گی۔ اگر ان پر اعراب نہ لگائے جائے تو صحیح پڑھنا دشوار ہو جائے۔ اجتہاد و فقہ

داؤد وغیرہ کتب احادیث کتب معتبرہ ہیں کہ قرآن کی کسی آیت یا کسی حدیث میں ان کے معتبر ہونے کی وضاحت آئی ہے "ان کتب کے معتبر و صحیح ہونے کی سند یہ ہے کہ امت کے علماء و صلحاء کی جانب سے ان کو تلقی بالقبول حاصل ہے اور تلقی بالقبول کسی چیز کے صحیح و معتبر ہونے کی بہت مضبوط قوی سند ہے چنانچہ امام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں۔ "اتفاق سلف و توارث بیشان اصل عظیم است در فقہ" سلف کا اتفاق اور ان کا توارث فقہ میں اصل عظیم ہے۔ (ازالۃ الخفاء طبع دہلی ص ۸۵)

چار ہی کیوں رہے تین یا پانچ نہ ہوئے اس کا سیدھا جواب یہ ہے کہ اگر پانچ مذاہب ہوتے تب بھی یہ سوال ہوتا کہ پانچ کیوں ہوئے؟ چار میں منحصر ہو جانا اس کی مصلحت تو خدا بہتر جانتا ہے۔ لیکن ظاہری طور پر آج اس قدر تفصیل کے ساتھ ہر باب اور ہر فصل کے مسائل کتاب الطہارت سے لے کر کتاب الفرائض تک ائمہ اربعہ کے مذہب میں مدون اور مجتمع ہیں ان کے علاوہ کسی اور مجتہد کے مسائل مدون اور مجتمع نہیں ہیں۔ حال خال ان بزرگوں کے اقوال مذاہب اربعہ کی کتابوں میں ملتے ہیں۔ جب یہ صورت حال ہے تو بجز ائمہ اربعہ کو چھوڑ کر کسی اور ولی کی تقلید کی بنا کس طرح کی جائے اس لئے امت نے تقلید کو ائمہ اربعہ ہی میں منحصر کر دیا ہے۔ شیخ احمد المعروف بہ ملا جیون تفسیرات احمدیہ میں تحریر فرماتے ہیں۔ والانصاف ان انحصار المذاهب في الاربعة وتناهيها فضل الهي وقبوله من عند الله لا مجال فيه للوجوهات و الادلة۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ مذہب کا چار ہی میں منحصر ہو جانا اور انہی چار مذاہب کی اتباع کا مقبول الٰہی ہونا یہ اللہ تعالیٰ کا فضل الٰہی ہے اور اس میں دلائل اور توجیہات کی کوئی ضرورت نہیں (تفسیرات احمدیہ ص ۳۴۶)

اور یہ حقیقت ہے کہ ان چار اماموں کو اللہ نے قرآن و حدیث کا تفصیلی علم اور روایت و استنباط کی مہارت تامہ عنایت فرمائی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "باختصاص این چار امام اکمل عالم اعظم ایشاں احاطہ کردہ است امام ابوحنیفہ امام مالک امام شافعی امام احمد رحمہم اللہ یعنی چار امام ایسے ہیں کہ ان کا علم سارے عالم کو گھیرے ہوئے ہے وہ چار امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام مالک، اور امام احمد ہیں۔ (شرح تراجم ص ۱)

اور اس کی مصلحت خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ چار کے عدد میں کچھ ایسی خصوصیت ہے کہ بہت سی چیزیں چار کے عدد میں مشہور ہوئیں دیکھئے انبیاء و رسل بہت ہوئے مگر جلیل القدر انبیاء چار ہیں (۱) حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ (۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام (۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام (۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ آسمانی کتابیں بہت نازل ہوئیں مگر ان میں چار بہت مشہور ہیں (۱) قرآن مجید (۲) تورات (۳) زبور (۴) انجیل۔ ملائکہ ان گنت اور بے شمار ہیں مگر جلیل القدر ملائکہ چار ہیں۔ (۱) حضرت جبرائیل، (۲) حضرت میکائیل، (۳) حضرت عزرائیل، (۴) حضرت اسرافیل۔ صحابہ بہت ہیں مگر چار بڑی خصوصیت کے حامل ہیں۔ (۱) حضرت ابوبکر صدیق، (۲) حضرت عمر ابن خطاب، (۳) حضرت عثمان بن عفان، (۴) حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم۔ متقین صوفیاء و مشائخ طریقت بہت ہوئے مگر چار سلسلے مشہور ہوئے۔ (۱) چشتیہ، (۲) نقشبندیہ، (۳) قادریہ، (۴) سہروردیہ۔ اللہ کی قدرت کی نشانیاں بے شمار ہیں۔ مگر سورۂ غاشیہ میں اللہ نے چار چیزوں کو پیش کیا ہے۔ (ابل، سماء، جبال، ارض) فرماتے ہیں افلا ینظرون الی الابل کیف خلقت والی السماء کیف رفعت والی الجبال کیف نصبت والی

لاؤں تب سطحت کیا ہوا ہے اس کی کیفیت کس طرح (کیسے) ہے اپنا ایمان ہے اور آسمان و
زمین دیکھتے ہیں کہ کس طرح بلند کیا ہے اور پہاڑوں (کو) کس طرح کھڑا کیا ہے اور زمین کس طرح بچھائی گئی ہے
(سورہ غاشیہ ۱۷-۲۰) ان طریق کے مختلفین میں سے چار مشہور ہوئے قرآن
میں نوں کی ابتدا ہوئی۔ بلند اس چار میں سے کسی کی اتباع میں ہوئی ہے اور ان چار میں سے
عبدالقادر جیلانی حنبلی المذہب تھے اور آپ پر تاثر کرتے تھے اور اس قول کو اختیار کیا ہے اور مذہب حنبلی کو قائم رکھا ہے اور
میں اس شریف کی کہ مرد میں مذہب حنبلی کو اختیار کیا ہے۔ اما نسا حنبلی مذھبہ اصلا و فرعا
و حسبہ فی دھرہ (یعنی اس لئے کہ میں نے اصلاً اور فرعاً مذہب حنبلی کو اختیار کیا ہے اور اس لئے کہ میرا مدار
عمل اسی پر ہے۔ (غایۃ الاختصار ص ۲۹۹ جزء ۱)

خلاصہ کلام یہ کہ اگر ہم آج کل کے مروجہ مذاہب کے مذہب ہونے کی شرائط پر غور کریں تو ان میں صرف ان چار کے
مذاہب ہونے کی ایک شرط ہی نہیں بلکہ ان کے مذہب ہونے کی بہت سی شرائط پائی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ
فرماتے ہیں۔ ولیس اصار بسبب المذاھب الحقۃ الا عدد الاربعۃ الاربعۃ کان المذھب انما کان الا الاعظم
والسواد الاعظم خصوصا عن السواد الاعظم (یعنی سب مذاہب میں سے مذاہب حقہ کا عدد صرف چار ہے
کیونکہ مذاہب حقہ کے لئے مذاہب اربعہ کا اتباع ہونا ضروری ہے۔ اور ان مذاہب اربعہ کا اتباع ہونا اس لئے ضروری ہے کہ
یہ مذاہب سواد اعظم (جمہور) کے مذاہب ہیں۔ (الانصاف ص ۳۱)

اور فرماتے ہیں۔ ولیس مذھب فی عدۃ الازمنۃ المتاخرۃ بعدہ المذھب الاربعۃ
المذاھب الاربعۃ۔ (اس آخری زمانے میں اس وقت سے (کہ جس میں ہر شخص کے لئے مذاہب اربعہ کے سوا دوسرے مذاہب
اربعہ ہیں۔

تیسرا اشکال:

غیر مقلدین کا ایک اشکال یہ بھی ہے کہ قرآن ایک ہے اور سب کا رب ایک ہے پھر ائمہ اربعہ کے درمیان مسائل میں
اختلاف کیوں ہے؟ اس اختلاف کی وجہ سے امت کو مشکلات میں مبتلا ہونا پڑتا ہے کہ کس کا قول مانیں کس پر عمل کریں۔

جواب یہ ہے کہ قرآن و حدیث نے ائمہ مجتہدین کو اختلافات کے وقت اختیار دیا ہے اور ان کے اختلاف کو
فیض و رحمت قرار دیا ہے اس لئے وہ حضرات قرآن و حدیث کی روشنی میں جو کچھ سمجھ سکے ہیں اس کے مطابق انہوں نے
مذاہب کے معیار پر عمل کیا ہے اور قرآن و رسول کے ایک ہوتے ہوئے حضرات ائمہ کے اجتہاد سے مسائل
میں اختلاف تھا۔ ائمہ اربعہ نے چونکہ ان ہی حضرات اور ان سے فیض یافتہ حضرات (یعنی تابعین) کی فہم بصیرت پر
اعتماد کیا ہے اور ان ہی کے اقوال مذاہب کو اختیار کیا ہے اس لئے ائمہ اربعہ میں بھی مسائل میں اختلاف پایا جاتا ہے۔
جیسا کہ پہلی اختلاف کے متعلق حدیث میں ہے۔ سئلت ربی عن اختلاف اصحابی الخ (میری امت
کے علماء کرام جیسے فرماتے ہیں میں نے اپنے رب سے اپنے صحابہ کے باہمی اختلاف کے متعلق پوچھا تو اللہ نے مجھے یہ
جواب عنایت فرمایا کہ اے محمد (ﷺ) تمہارے صحابہ میرے نزدیک ایسے ہیں جیسے آسمان کے ستارے کہ ان میں بعض بعض سے

بعض سے زیادہ ہے (مگر روش ہر ایک میں ضرور ہوتی ہے) بوجہ اس آپ کے صحابہ کے مسائل مختلفہ میں سے کسی مسئلہ کو اختیار کرے تو وہ بھی سے نہ ایک ہدایت پر ہوگا (مکتوبات شیخ دفتر سوم ص ۱۵۴ مکتوب ۱۰۱ باب مناقب الصحابہ) اور یہ اختلاف بھی اخلاص ہوتا ہے اس نے مذموم نہیں بلکہ محمود اور باعث رحمت ہے۔ چنانچہ حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ نے اختلاف امتی رحمۃ کی حدیث کو اختلاف صحابہ پر محمول فرمایا ہے اس کا مصداق یہی صحابہ والا مقام کا اختلاف ہے۔ صحابہ کے باہمی اختلاف کی بے شمار مثالیں حدیث کی کتابوں میں ملتی ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی صحابہ کے اختلاف کے چند نمونے ذکر فرماتے ہیں۔ وقد کان ھذا فی الصحابۃ و تابعیھم و من بعدھم من بقراء البسملۃ ومن لا یقرء الخ ترجمہ۔ صحابہ تابعین اور ان کے بعد والوں میں بعض ایسے تھے جو زور سے بسم اللہ جھر آپڑھتے تھے اور بعض جہر آنہیں پڑھتے تھے۔ اور بعض فجر میں دعائے قنوت پڑھتے تھے اور بعض نہیں پڑھتے تھے۔ بعض پچھنا لگانے کے بعد وضو کرتے اور بعض نہ کرتے تھے۔ بعض عورت کو شہوت سے چھونے کے بعد وضو کرتے تھے اور بعض نہیں کرتے تھے اور بعض اس کو نہیں سمجھتے تھے۔ بعض لوگ مس ذکر اور عورتوں کو شہوت سے چھونے کو ناقض وضو سمجھ کر وضو کرتے تھے اور بعض لوگ نہیں کرتے تھے۔ بعض لوگ آگ سے پکی ہوئی اشیاء کھانے کے بعد وضو کرتے تھے اور بعض نہیں کرتے تھے۔ بعض اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرتے تھے اور بعض نہیں کرتے تھے۔ (حجۃ اللہ البالغہ مترجم ج ۱ ص ۱۰۳ باب اختلاف الصحابہ فی الاحکام کثیر)

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب قدس اللہ سرہ

" " اختلاف فی مراتب العمل میں صحابہ کے باہمی اختلاف کی چند مثالیں بیان فرمائے ہیں۔

(۱) مشکوٰۃ کے مجموعے سے حضرت علی نے وضو ایک مرتبہ دھویا ہے اور حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن عباس سے دو دو بار دھونا ثابت ہے۔

(۲) سمندر کے پانی سے وضو کرنا جمہور صحابہ کے نزدیک جائز ہے حضرت عبداللہ بن عمرو کے نزدیک مکروہ ہے۔

(۳) جمعہ کے دن خوشبو کا استعمال کرنا جمہور صحابہ کے نزدیک مستحب ہے حضرت ابوہریرہ کے نزدیک واجب ہے۔

(۴) حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن عمر کے نزدیک زندوں کے رونے سے مردے کو عذاب ہوتا ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اس کا انکار فرماتی ہیں۔

(۵) امام زہری لکھتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت ابوہریرہ میں اختلاف تھا کہ رمضان سے روزہ کی قضا کا کیا حکم ہے (متصل ہے یا الگ الگ) تحقیق نہیں ہو سکا۔

(۶) ایک بڑی مشہور کتاب میں ہے کہ مذہب یہ تھا کہ آگ کی پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اس میں حضرت ابن عباس اور ابوہریرہ عبداللہ بن عمر حضرت عائشہ وغیرہ تھی ہیں لیکن خلفاء راشدین اور جمہور صحابہ کا مذہب یہ ہے کہ اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

(۷) حضرت عبداللہ بن عمر کا مذہب ہے کہ تیمم میں کہنیوں تک ہاتھ پھیرنا ضروری ہے حضرت علی، عبداللہ

(۸) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کا جواب دیا کہ اس نے کہا کہ ہم نے کہا کہ ہم نے کہا کہ ہم

[illegible] کے لئے [illegible] ہوجائے کا [illegible] کہ [illegible] نکلے [illegible] کے [illegible] [illegible] [illegible]

(۹) مولوی شیر محمد کہتے ہیں کہ اذان و اقامت میں کلمات کے درمیان کلام کرنا جائز ہے (عرف الجادی ص ۱۱۳) مگر مولوی وحید الزمان غیر مقلد کہتے ہیں کہ اذان و اقامت میں کلام کرنا جائز نہیں (وحید الزمان ص ۲۰ ج ۱)

(۱۰) نواب صدیق حسن خان صاحب کہتے ہیں کہ اس وقت میں اذان و اقامت سے پہلے درود پڑھنا جائز نہیں۔ اور حضرت بلال کی اذان شب میں ایقاظ نائمین و رجوع قائمین کے لئے ہوتی تھی اور آج کل یہ بات نہیں (بدور الاہلہ ص ۱۳۱) لیکن مولوی وحید الزمان غیر مقلد اس سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ اذان سے پہلے درود پڑھنا جائز ہونی چاہئے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں صحیح ہے (ہدیۃ المہدی ص ۶۳)

(۱۱) مولوی وحید الزمان یہ مسئلہ لکھتے ہیں کہ اذان کا جواب دینا مستحب ہے تارک کو تنبیہ کرنے کے لئے تکلف نہیں ہے (وحید الزمان ص ۲۰ ج ۱) مگر مولوی شیر محمد لکھتے ہیں کہ اذان کا جواب دینا واجب ہے (عرف الجادی ص ۱۱۳) نواب صدیق حسن خان صاحب یہ مسئلہ لکھتے ہیں کہ مؤذن کا جواب دینا مستحب ہے (بدور الاہلہ ص ۱۳۱)

(۱۲) مولوی وحید الزمان غیر مقلد لکھتے ہیں کہ نماز جنازہ میں تین سے زیادہ تکبیر نہیں (یعنی چار تکبیر سے زیادہ نہیں) (ہدیۃ المہدی ص ۲۲) اور نواب صدیق حسن خان صاحب غیر مقلد فرماتے ہیں کہ جمہور علماء سے اور آخر حدیث سے اور آخر حدیث سے ثابت ہے (بدور الاہلہ ص ۲۹)

(۱۳) نواب صدیق حسن غیر مقلد لکھتے ہیں کہ زانی زانیہ سے نکاح کرنا جائز ہے (عرف الجادی ص ۱۱۳) لیکن مولوی وحید الزمان صاحب غیر مقلد فرماتے ہیں کہ زانیہ محصنہ کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے اس کا ذکر نہیں (لغات الطیبین ص ۱۵۳)

(۱۴) مولوی وحید الزمان اہل حدیث کہتے ہیں کہ عورتوں کا جماعت میں جانا جائز نہیں (بدور الاہلہ ص ۱۰۲) اور مولوی عبد الجلیل غیر مقلد کہتے ہیں کہ اول خلافت میں عورتیں مسجد میں حاضر ہوتی تھیں لیکن آج کل فتنہ کے ڈر سے نہیں (عرف الجادی ص ۲۹۰)

(۱۵) مولوی وحید الزمان اہل حدیث فرماتے ہیں کہ آیۃ کی تفسیر میں مروی حدیث کا انکار جائز نہیں۔ (ہدیۃ المہدی ص ۱۱۸) لیکن مولوی ثناء اللہ صاحب اہل حدیث فرماتے ہیں کہ حدیث سے آیت کی تفسیر ثابت ہے (اہل حدیث کا مذہب ص ۳۲)

(۱۶) نواب صدیق حسن خان اس حدیث کے کہ لیلۃ یہ تلاوی ہونے سے زیادہ ثابت نہیں ہوتا ہے نواب صاحب کہتے ہیں (بدور الاہلہ ص ۱۰۱) لیکن مولوی وحید الزمان غیر مقلد فرماتے ہیں اہل حدیث کا اعتماد ہے نواب صاحب کے قول پر ہے۔ (ہدیۃ المہدی ص ۵ ج ۱)

(۱۷) نواب صدیق حسن خان صاحب اہل حدیث فرماتے ہیں قبل از ۱۲۸ھ کے کتب ایمان ۱۲۸ھ سے زیادہ قدیم ہونے سے قاضی شوکانی ۱۲۵۰ھ سے (یا ہزار سال سے) (ہدیۃ المہدی ص ۲۴ ج ۱) (الحق الصریح ص ۲۷ ج ۱) لیکن مولوی ثناء اللہ امرتسری اس کو ہزار سال سے متروک قرار دیتے ہیں (اہل حدیث کا مذہب ص ۱۷ ج ۱۲)

(۱۸) نواب صدیق حسن خان صاحب اہل حدیث قسم اول کے کتب لکھنا جائز لکھتے ہیں چنانچہ وہ لکھتے ہیں قسم اول سے شروع ہے لیکن مولوی وحید الزمان صاحب غیر مقلد اس کو ناجائز کہتے ہیں۔ (لغات الطیبین ص ۱۰۰)

(۱۹) مولوی شیر محمد کہتے ہیں کہ قرآن کے بعد بخاری کا درجہ ہے اور صاحب ہدیۃ المہدی مولوی وحید الزمان

فرماتے ہیں کو نہیں کرنا چاہئے۔ (ہدیۃ المہدی ص ۴۶)

(۲۰) مولوی عبدالجلیل صاحب۔ مولوی غیر مقلد کہتے ہیں کہ امام اعظم کے چھ سو حدیثیں ہیں (الحق الصریح ص ۱۷) لیکن مولوی حسن خان غیر مقلد فرماتے ہیں کہ ہزار احادیث کے قریب ہونا چاہیں دو سو میں شریک ہو۔ (الجیان المرصوص ص ۱۲۳)

(۲۱) نور الحسن غیر مقلد کہتے ہیں صفت زنی جائز ہے (عرف الجادی ص ۳۱۶) لیکن مولوی عبدالجلیل صاحب غیر مقلد فرماتے ہیں کہ شہوت زنی جائز نہیں۔ (الحق الصریح ص ۵۲)

(۲۲) مولوی وحید الزماں غیر مقلد فرماتے ہیں کہ غیر اللہ کو ندا کرنا مطلقاً جائز ہے (ہدیۃ المہدی ص ۲۳) اور مولوی ثناء اللہ اس کو شرک فرماتے ہیں۔ (اہل حدیث کا مذہب ص ۱۶)

(۲۳) مولوی وحید الزماں غیر مقلد کہتے ہیں کہ غسل میں بدن کا ملنا مستحب ہے (ہدیۃ المہدی ص ۲۱) اور نواب صاحب اہل حدیث فرماتے ہیں کہ واجب ہے۔ (بدور الاہلہ ص ۳۱)

(۲۴) مولوی وحید الزماں غیر مقلد کہتے ہیں کہ نماز جنازہ میں چار پانچ سے زیادہ تکبیریں کہنا جائز ہے (ہدیۃ المہدی ص ۲۷) نواب صاحب اہل حدیث فرماتے ہیں کہ چار تکبیروں سے صدا کم و بیش کرنا بدعت ہے۔ (بدور الاہلہ ص ۹۱)

چوتھا اشکال:

غیر مقلدین کا اوپر سے ملا جلا ایک اعتراض یہ بھی ہے کہ چاروں مذہب کس طرح حق ہو سکتے ہیں اس لئے کہ حق متعدد نہیں ہوتا صرف ایک ہی ہوتا ہے لہٰذا اس کی باتیں غلط ہیں اور بہتر یہی ہے کہ تقلید کا قلادہ گردن سے نکال کر براہ راست قرآن و حدیث پر اپنی فہم اور سمجھ کے مطابق عمل کیا جائے۔

جواب یہ ہے کہ مذاہب اربعہ کا ماخذ اور مرجع ایک ہی ہے۔ اس لئے ان کو متناقض نہیں کہہ سکتے یا قرآن و حدیث ہی کی موجب ضلالت و گمراہی قرار دینا ہے (معاذ اللہ) اس لئے یہ خیال بالکل گمراہ کن ہے۔ جیسے اللہ کی چار کتابیں ہیں (مشرق، مغرب، شمال و جنوب) ان چار سمتوں میں بسنے والے لوگ اپنی اپنی سمت کے اعتبار سے کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے ہیں۔ ہر ایک کی سمت دوسرے سمت والے کے اعتبار سے مخالف ہے مگر اس کے باوجود سب کی نماز صحیح ہو جاتی ہے جبکہ یہ ہے کہ بظاہر مختلف ہیں مگر سب کا مرکز ایک ہی کعبۃ اللہ ہے۔ اسی طرح متداول مذاہب اربعہ کا مرجع و ماخذ ایک ہی ہے وہ سب قرآن و حدیث پر ہی عمل کرتے ہیں۔ اس لئے ان مذاہب اربعہ کو صحیح کہا گیا ہے فرق صرف یہ ہے کہ ایک امام کسی آیات مختلف المعانی میں سے ایک معنی کو بقرائن واضحہ راجح قرار دے کر اس پر عمل کرتا ہے اور دوسرا اس معنی کو مرجوح قرار دے کر ترک کرتا ہے اسی طرح دو احادیث جو بظاہر متعارض ہیں ایک امام اپنی تحقیق و تفتیش کے مطابق حسب قواعد و ضوابط ایک حدیث کو ترجیح دے کر اس کو معمول بہ قرار دیتا ہے اور دوسرا امام اس حدیث کو اپنے اصول و قواعد اور اپنی تحقیق و اجتہاد سے مرجوح قرار دیتا ہے اور دوسری حدیث کو راجح قرار دے کر اس کو اپنے مستدل بنیاد بناتا ہے۔ کبھی ایک امام حدیث کے ظاہری الفاظ پر عمل کرتا ہے تو دوسرا امام دوسرے نصوص کو سامنے

[illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] ہے [

جب شرعی حکم لگانے والا کوشش کرتا ہے اور صحیح بات کو جان کر لیتا ہے تو اس کو دوہرا ثواب ملتا ہے اور جب کوشش کرتا ہے اور حق کو نہ پاتا تو اس کو اکہرا ثواب ملتا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ ثواب کا ملنا کم از کم اس بات کو مستلزم ہے کہ وہ عند اللہ مقبول ہونے کی دلیل ہے۔ لہٰذا ایسا ہر مذہب عند اللہ مقبول ہے اور حق جس کو حاصل ہوا اس کا علم خدا ہی کو ہے۔ تعین وتحقیق ہر ایک امام نے سعادت حق کی سعی کی ہے اس لئے ہر ایک کا اپنے کو حق پر لینا بھی صحیح ہے۔ واللہ اعلم۔

پانچواں اشکال:

ان کا ایک کھسیانا استدلال یہ بھی ہے کہ جب چاروں مذہب حق ہیں تو ایک ہی کا پابند رہنا کیوں ضروری ہے؟ اس کا جواب اوراق سابقہ میں تقلید کی ثبوت میں ضمناً مفصل گذر چکا ہے۔ مختصر یہ کہ ہر ایک شخص کو یہ اجازت ہو جاتی کہ جب چاہے عمل کرنے کے لئے کسی امام کا قول اختیار کر لے اور دوسرے مجتہد کسی اور کے قول پر عمل کرے تو اس صورت میں احکام شرع کی پابندی نہ ہوئی جس کا اتباع ہوگا اور جس کا جس جو پسند کرے گا اس پر عمل کرے گا اور مسائل شریعت بازیچۂ اطفال بن جائیں گے۔ یہ مسائل اجتہادیہ ہیں مثلاً اگر وہ ایک سیال امام شافعی کی پیروی کرتے ہوئے سینگ وغیرہ کو حلال جانے اور اس کو کھائے اور اس کے بعد امام شافعی کی اس مسئلہ میں پیروی چھوڑ کر امام ابوحنیفہ کا مقلد بن کر سینگ وغیرہ کو حرام کہے تو اس آیت کا مصداق ہوگا "خلطوا عملاً صالحاً وآخر سیئاً" کہ ایک سیال کھا حلال کر لیتے ہیں اور دوسرے سیال حرام بتاتے ہیں۔ یہ بھی اسی طرح خلط ملط کرنے کے لئے ہوگا اور اس خلط ملط کو اصطلاح شرع میں "تلفیق" کہتے ہیں اور تلفیق جمہور متقدمین کے نزدیک مذکورہ آیت کے پیش نظر حرام ہے علاوہ ازیں جب مسائل اجتہادیہ اختلافیہ میں کچھ دن امام شافعی کے مذہب پر عمل کیا تو اس کے پس اس کے حق ہونے کی دلیل اور ثبوت شرع تھی؟ اس کے بعد اسے چھوڑ کر دوسرا مسلک اختیار کیا تو جس مسلک کو چھوڑا اس میں کیا نقص اور خرابی تھی؟ اور علم نہ ہوتے ہوئے اس کے باطل ہونے پر کون سی دلیل شرعی قائم ہوئی؟ اگر کسی شخص نے سمجھ لینے سے تبدیل مذہب کیا ہے تو یہ تقلید ہے پانچوں مذہب کی جس کے حق ہونے پر کوئی دلیل شرعی قائم نہیں ہے اور ایسی صورت دین کا کھلونا بنانا ہے اس لئے پوری امت نے ایک ہی مذہب کی پابندی (یعنی تقلید شخصی) کو ضروری قرار دیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) امام اعظم حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ

(۲) ضرورت تدوین فقہ:

(۳) ہندو پاک میں مذہب حنفی کا رواج:

امام الائمہ سراج الامۃ سید الفقہاء والمجتہدین حافظ حدیث حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ الکوفی رحمۃ اللہ علیہ۔ محدث، فقیہ، صدوق، زاہد، عابد، ورع، اتقی اور متورع تھے ان کے مناقب وفضائل میں کبار محدثین اور علماء حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ، حنابلہ رطب اللسان ہیں اور ہزار ہا رسائل تصنیف فرما چکے ہیں (مثلاً الخیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم۔ ابی حنیفۃ النعمان تالیف ابن حجر الہیتمی مکی، مناقب الامام الاعظم، تالیف موفق بن احمد مکی، مناقب الامام الاعظم تالیف ابی البزار الکردری، عقود الجمان تالیف حافظ محمد بن یوسف صالحی شافعی، الصحیفہ تالیف علامہ سیوطی، الانتصار الامام

نام صاحب کے متعلق بشارت

جواب (۱) (۱۲ ص ۱۲ ص ۱۲ ص

(۲) امام فقہ ربال یحیی بن سعید قطان متوفی ۱۹۸ھ

(۱) اما سمعت احسن من هذا حديثا ومن كان يذهب عن الصوى الى قول ابي حنيفة وكان يحيى بن سعيد القطان يفتي بقول ابي حنيفة ويأخذ به (الانتقاء ص ۱۴۹)

(۲) حدثنا وكيع قال سمعت سفيان وسمعته يقول كنت اذا نظرت الى هؤلاء في وجوههم ففي الله عز وجل ان لا اكذب (الانتقاء ص ۱۴۹)

(۳) قال يحيى القطان عن ابي حنيفة في مسائل عويصة قال وكان في اول امره يتكلم فاذا دلك سئل عن مثله قال ذلك وعظه (الانتقاء ص ۱۴۹)

(۳) امیر المومنین فی الحدیث حضرت عبداللہ بن مبارک متوفی ۱۸۱ھ

(۱) كان احفظ لاحاديث رسول الله صلى الله عليه وسلم وسمع من الائمة الكثير وكان يحب الناس على اتباعه قال كنا نختلف الى مشايخ الحجاز والعراق فلم نكن مجلس عطوف تركه ولا اكثر نفعا من مجلس الامام

(۲) قال ابن المبارك لولا ان الله اغاثني بابي حنيفة وسفيان كنت كسائر الناس

(۲) قال الامام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کے بارے میں فرمایا کہ میں نے ان سے زیادہ فقیہ نہیں دیکھا۔

(۳) قال الخطیب فی تاریخہ کان ابو حنیفہ یصون الحلال والحرام حتی لفظہ۔ خطیب نے اپنی تاریخ میں کہا کہ امام ابو حنیفہ حلال و حرام کے الفاظ کی حفاظت کرتے تھے۔

(۴) قال الخطیب فی تاریخہ کان ابو حنیفہ اعلم بالفقہ من جمیع من رأیناہ۔ خطیب نے اپنی تاریخ میں کہا کہ ابو حنیفہ فقہ کے سب سے بڑے عالم تھے جن کو ہم نے دیکھا۔

(۵) قال ابن عبد البر لا نعلم احدا من الفقہاء اکثر تفقدا لنفسہ من ابی حنیفہ۔ ابن عبد البر نے کہا کہ ہم نہیں جانتے کہ کسی فقیہ نے ابو حنیفہ سے زیادہ اپنے نفس کا محاسبہ کیا ہو۔

(۶) کان ابو حنیفہ یحفظ علی الناس بالحفظ والعلم والتقدم فی الدین۔ ابو حنیفہ لوگوں پر حفظ و علم اور دین میں تقدم کی وجہ سے فوقیت رکھتے تھے۔

(۷) کان ابو حنیفہ اعلم اھل زمانہ۔ ابو حنیفہ اپنے زمانہ کے سب سے بڑے عالم تھے۔

(۸) کان الفقہ الناس فی دہرہ کان ابو حنیفہ۔ اپنے زمانہ کے سب سے بڑے فقیہ ابو حنیفہ تھے۔

(۹) ان جمیع العلم فی الارض مالک وسفیان وابی حنیفۃ وھو الفقیہ فی جمیعھم وان فقہ جمیعھم علی الفقہ۔ ابن عیینہ کہتے ہیں کہ علم مالک، سفیان اور ابو حنیفہ کے پاس تھا اور ابو حنیفہ ان سب سے بڑے فقیہ تھے اور ان کا فقہ ان سب کے فقہ پر غالب تھا۔

(۱۰) یقیس احمد حسن بن یقیس بن ابی حنیفہ لا اعلم کان فی زمانہ اقیس منہ ولا اعلم احدا اقیس منہ۔ احمد بن حسن کہتے ہیں کہ میں نہیں جانتا کہ ابو حنیفہ کے زمانہ میں ان سے بڑا کوئی قیاس کرنے والا تھا اور نہ ہی میں کسی کو ان سے بڑا قیاس کرنے والا جانتا ہوں۔

(۱۱) قال ابن عیینہ ما رأیت احدا اعقل من ابی حنیفہ۔ ابن عیینہ نے کہا کہ میں نے ابو حنیفہ سے بڑا عقلمند کسی کو نہیں دیکھا۔

۴) امام اعمش کوفی متوفی ۱۴۸ھ

محدثین کے استاذ اور بہت سے محدثین کے شیخ تھے۔ امام صاحب کے شیخ تھے۔ امام صاحب نے ان سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ ایک مرتبہ امام صاحب نے ان سے کچھ مسائل پوچھے تو انہوں نے فرمایا کہ تم لوگ فقہ میں ہمارے عطار ہو۔

میں خیال کرتا ہوں کہ خدا نے ان سے علم میں برکت نہ دی ہے۔ (الخیرات الحسان ص ۳)

(۴) ایک بار امام صاحب سے چند مسائل میں گفتگو کی۔ آپ نے جواب دیا تو میں نے عرض کیا یہ تو آپ نے کس دلیل سے دیا ہے؟ امام صاحب نے فرمایا ان احادیث سے جو آپ کے سامنے بیان کی گئیں۔ میں نے عرض کیا اگر ایسا ہے تو آپ نے فلاں فلاں حدیث کو کیوں ترک کر دیا ہے جو ان احادیث کے معارض ہے۔ امام صاحب نے فرمایا اے نوجوان! تم نے جو حدیث سنی ہے وہ ہمارے سامنے بھی تھی اور ہم نے اس پر عمل بھی کیا ہے لیکن ہم نے دیکھا کہ آپ ان احادیث پر عمل نہیں کرتے ہیں۔ اس لیے ہم نے بھی ترک کر دیا ہے۔ (الخیرات الحسان ص ۶۱ فصل ۳۰)

(۵) امیر المؤمنین فی الحدیث شعبہ بن حجاج متوفی ۱۶۰ھ

شعبہ کے حالات راقم نے تہذیب التہذیب سے لیے ہیں۔ سفیان ثوری نے امیر المؤمنین فی الحدیث کہا ہے۔ شعبہ امام صاحب کے ہم عصر تھے۔ امام صاحب سے خاص تعلق رکھتے تھے۔ وفات ۱۶۰ھ میں ہے۔

(۱) کان شعبۃ اذا سئل عن ابی حنیفۃ اطنب فی مدحہ وکان یقدمہ الی کل عدو طرقہ

جب امام شعبہ سے امام ابوحنیفہ کے متعلق پوچھا جاتا تو امام صاحب کی تعریف کرتے تھے اور ہر دشمن کے مقابلہ میں امام صاحب کے لیے پیش کیا جاتا تھا۔ (مناقب ج ۱ ص ۴۷)

(۲) جب آپ سے امام صاحب کی وفات کی خبر پہنچی تو آپ نے انا للہ پڑھا اور فرمایا علیکم بھذا الشیخ فجالسوہ فانہ کان احفظنا للاثر وابصرنا بالفقہ وانہ کان لا یحدث بحدیث الا عن ثقۃ وانہ لقد جاءنا بعلم کثیر فما رأیناہ یقول بشیء قط الا تابعناہ علیہ۔ (الخیرات الحسان ص ۶۱ فصل ۳۲)

(۶) امام حدیث علی بن مدینی متوفی ۲۳۴ھ

علی بن مدینی وہ امام ہیں جن کی نسبت امام بخاری امام ابوداؤد وغیرہ اساتذہ کہا کرتے تھے کہ ہم نے علی سے بڑا عالم حدیث نہیں دیکھا۔ آپ کی سند میں مذہب الحنفیہ ہیں۔ آپ امام ابوحنیفہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

ابو حنیفۃ روی عنہ الثوری وابن المبارک وحماد بن زید وھشام وروح وجعد بن العوام وجعفر بن عیسیٰ وھو ثقۃ لا بأس بہ۔ (یعنی ابوحنیفہ سے سفیان ثوری، ابن مبارک، حماد بن زید، ہشام، روح، جعد بن عوام اور جعفر بن عیسیٰ نے روایت کی ہے اور وہ ثقہ ہیں۔ ان میں کوئی حرج نہیں) (یہ سب سے بڑے ثقہ محدثین اور جلیل القدر راوی ہیں۔ امام صاحب سے حدیث کی روایت کرتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کی روایت کو قبول کرتے ہیں۔ امام صاحب کی روایت کو قبول کرنے والے ان جیسے ثقہ محدثین ہیں۔ (الخیرات الحسان ص ۶۱ فصل ۳۳)

(۷) امام حدیث سفیان ثوری متوفی ۱۶۱ھ

آپ نہایت جلیل القدر محدث ہیں۔ اپنے زمانے کے بڑے زبردست محدث تھے۔ خطیب نے امام صاحب کے حالات میں بڑی بڑی تعریفیں لکھی ہیں۔ زہد و تقویٰ پر بھی اتفاق ہے۔ امام صاحب کے معاصرین میں سے آپ سے بڑے جلیل القدر محدث کوئی نہیں تھے۔ آپ امام ابوحنیفہ کے متعلق فرماتے

ین (۱) کان واقد ضعیف الاخذ للحدیث وکان علی القضاء ولایة ابی جعفر الاسد ضیع عند باب الشماسیة فی الجانب الشرقی ثم ترک القضاء وتنسک وکان یطلب احادیث الغلاب وکان خیرا من ان یعمل فی شیء من القضاء فی الاسلام۔"

یعنی امام ابوحنیفہ کے اصحاب میں سے تھے اور ان سے مسائل سنتے تھے اور ان سے روایت کرتے تھے۔ ان کے بارے میں ابوبکر محمد بن خلف وکیع کہتے ہیں کہ واقد حدیث میں ضعیف تھے اور ان کا شمار بھی فقہاء میں کیا جاتا تھا۔ ابوبکر کہتے ہیں کہ واقد نے ابوجعفر کے زمانہ میں قضاء کی ذمہ داری سنبھالی تھی۔ وہ شماسیہ کے علاقہ میں مسجد کے دروازہ پر بیٹھتے تھے۔ پھر انہوں نے قضاء کو چھوڑ دیا اور عبادت میں مشغول ہو گئے۔ وہ غلاب کی حدیثیں تلاش کرتے تھے۔ وہ قاضی بننے سے بہتر تھا کہ وہ اسلام کے کسی شعبہ میں کام کرتے۔

(۱) تاریخ بغداد ص ۱۰ ج ۱۳ تاریخ بغداد ص ۱۳۰

(۲) اخبر محمد بن الحسن الصفار قال کنت احسن الفہما اذا جلس لابی حنیفہ قال لی مرۃ من اقبلت قلت من عند شیبان فیقول جلست من عند رجل وکان علمہ ولا سود حبرا ذا حدثا فاذا قلت من عند شیبان قال لی جلست عند من ان تکلمت جلست من عندہ وکان ابو حنیفہ یقول حدثنا شیبان وکان من الفقہ الاوس

(۳) ثم ان ابن خلفون ذکر فی کتابہ ان واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ الانصاری الاوسی کان قاضیا بالجانب الشرقی من بغداد ایام ابی جعفر المنصور ثم ترک القضاء وتنسک وکان یطلب احادیث الغلاب وکان یقول ان یکون الرجل فی شیء من اعمال السوء خیر من ان یکون قاضیا۔ (تاریخ بغداد ص ۱۰ ج ۱۳)

(۴) کان الورع الغالب علیہ دقیقۃ یقول ما کان احد یحسن ان یحکم فی ہذا الامر الا رجل قد جلس مجلس اصحاب ابی حنیفہ فاما قول ابی حنیفہ فاقول فیہ کذا وکذا فاحفظ الجواب ثم یقول ان کان قول ابی حنیفہ کذا وکذا

میں نے ہزار اشیوخ سے علم حاصل کیا لیکن خدا کی قسم میں نے ابوحنیفہ سے زیادہ کسی کو فقیہ اور زبان دان نہیں پایا۔ (موفق ج ۱ ص ۱۹۵)

(۲) انبا محمد بن سعد ان مسعدۃ من حضر یزید بن ھارون وعندہ یحیی بن معین وعلی بن المدینی واحمد بن حنبل وزھیر بن حرب وجماعۃ آخرون ادجاء ہ مستفتی فسالہ عن مسئلۃ قال فقال لہ یزید اذھب الی اھل العلم قال فقال لہ ابن المدینی ایش اھل العلم والحدیث عندک قال: اھل لعلم اصحاب ابی حنیفۃ وانتم صیادلۃ۔

یعنی ایک دن یزید بن ہارون کی مجلس میں یحیی بن معین اور امام احمد وغیرہ موجود تھے ایک شخص نے آکر مسئلہ دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا اہل علم سے پوچھ لو۔ وہ دریافت کرلو۔ یحیی بن مدینی بولے کیا آپ کے پاس اہل علم نہیں ہیں فرمایا اہل علم تو اصحاب ابوحنیفہ ہیں تم تو عطار (دوا فروش) ہو۔ (موفق ج ۱ ص ۱۹۲)

(۳) ابو سلیمان متی یحل للرجل ان یفتی فقال اذا کان مثل ابی حنیفۃ الخ کسی نے پوچھا ایک عالم فتوی دینے کے قابل کب ہوتا ہے؟ فرمایا جب وہ امام ابوحنیفہ جیسا ہو جائے۔ ان سے کہا گیا آپ تو ایسی بات کہتے ہو؟ فرمایا ہاں۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ میں آپ کی تعریف کرتا ہوں۔ میں نے ان سے بڑا کسی کو عالم فقیہ اور متورع نہیں دیکھا ایک دن میں نے ان کو دیکھا کہ ایک شخص کے دروازے کے سامنے وضو میں بیٹھے ہیں میں نے عرض کیا آپ سامنے جس مسجد میں چاہیں فرمایا۔ اس گھر والے نے یہ مجھ سے پوچھے بغیر مجھے یہ فرش دیا ہے اس نے اس گھر کے سامنے میں بیٹھنا مجھے ناپسند ہوا۔ یزید بن ہارون نے یہ واقعہ بیان کر کے فرمایا۔ رایی ورع اکثر من ھذا؟ اس سے بڑا ورع بھی دیکھا ہوگا کسی نے؟ (موفق ج ۱ ص ۱۹۱)

(۹) امام وکیع بن جراح متوفی ۱۹۷ھ:

امام شافعی، امام احمد اور اسحاق رحمہ اللہ کے کبار شیوخ میں سے ہیں۔ امام صاحب سے بہت حسن ظن رکھتے تھے اور آپ کی بہت تعریف فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ ان کی مجلس میں کوئی حدیث پیش ہوئی جس کا مضمون بہت مشکل تھا وہ کھڑے ہوئے اور غصہ کی سانس بھر کر کہا اب ندامت سے لیا فائدہ وہ شخص یعنی ابوحنیفہ کہاں ہیں جن سے یہ اشکال حل ہوتا۔ انہ قد وقع بیدی ھذا حدیث فیہ عشر عوارض فوقف وتنفس الصعداء وقال لا تنفع الندامۃ الا بالسمع فیفرح عنا (مکردونی ج ۱ ص ۹۷)

(۲) کسی نے کسی شخص سے کہا ابوحنیفہ سے ملاقات نہ کرو اچھی طرح نماز پڑھنے والا ہو ملاقات نہیں کی جاتی حنیفہ سے۔ (۸)

(۱۰) حافظ حدیث امام ابو یوسف متوفی ۱۸۲ھ:

امام ابو یوسف علم حدیث میں امام احمد علی بن مدینی، یحیی بن معین وغیرہ کا رجال حدیث کے استاد ہیں یہ تمام امام بخاری وغیرہ محدثین کے شیوخ میں سے ہے۔ امام ابو یوسف امام ابوحنیفہ کے مشہور تلامذہ میں سے ہیں۔ آپ امام صاحب کے متعلق فرماتے ہیں۔

(۱) کان ھو البصیر بالحدیث الصحیح میں آپ زیادہ تر صحیح احادیث کے بہت زیادہ جاننے والے تھے۔ (الخیرات الحسان ص ۱۱ فصل معبر ۳)

(۲) یقول ما رویت احدا اعلم بتفسیر الحدیث من ابی حنیفۃ وکنا نختلف فی المسئلۃ فنأتی ابا حنیفۃ فکان یخرجھا من کتاب بعینہ فقہ لینا آپ فرماتے تھے میں نے امام ابوحنیفہ سے زیادہ حدیث کی تفسیر کا عالم نہیں دیکھا۔ ہمارا کسی مسئلہ میں اختلاف ہوتا تو ہم امام صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ آپ اس کا فوراً حل پیش کر دیتے تھے۔ (موفق بن ۲ ص ۴۳)

(۳) محمد بن یوسف قلت لابی یوسف رحمہ اللہ اجمع الناس علی انہ لا یقدمک احد فی المعرفۃ والفقہ فقال ما رأیت احدا اعلم عند معرفتی عند معرفتی ابا حنیفۃ لا کثیر صحبۃ عدنہ الفرات احمد بن یوسف کا بیان ہے کہ میں نے امام ابو یوسف سے پوچھا کہ علماء وقت کا اتفاق ہے کہ آپ سے بڑا علم حدیث وفقہ میں کوئی عالم نہیں ہے۔ تو فرمایا میرا علم امام صاحب کے علم کے مقابلہ میں بہت ہی کم ہے ایسا کیوں نہ ہو میں نے فرات کے پانی ایسے بہتوں کی صحبت اٹھائی ہے۔ (موفق بن ۱ ص ۴۲)

(۱۱) امام مالک متوفی ۱۷۹ھ

ایک مرتبہ امام شافعی نے امام مالک سے چند مسائل دریافت کیے۔ امام مالک نے ان کے اقوال کا بیان فرمائے۔ پھر امام ابوحنیفہ کے متعلق پوچھا تو فرمایا۔ سبحان اللہ قلم از مشکہ سبحان اللہ وہ عجیب شخص تھے۔ مثل خدا میں نے ان کا مثل نہیں دیکھا۔ (الخیرات الحسان ص ۲۹ فصل نمبر ۱۳)

(۱۲) امام شافعی متوفی ۲۰۴ھ

فرماتے ہیں۔ الناس عیال فی الفقہ علی ابی حنیفۃ ما رأیت ای عصمت احد افقہ منہ لوگ فقہ میں ابوحنیفہ کے عیال ہیں۔ کیونکہ میں نے ان سے بڑا فقیہ کسی کو نہیں دیکھا۔

(۲) من لم ینظر فی کتبہ لم یتبحر فی العلم ولا یتفقہ۔ جو شخص ابوحنیفہ کی کتابوں کو نہ دیکھے وہ علم میں تبحر نہ ہوگا۔ اور نہ فقیہ بنے گا۔ (الخیرات الحسان ص ۲۹ فصل نمبر ۱۳)

(۱۳) امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ

فرماتے ہیں۔ انہ من اھل الورع والزھد والایثار الاخرۃ بمحل لا یدرکہ احد الخ امام ابو حنیفہ علم وتقویٰ، زہد اور آخرت کو ایثار کرنے میں اس درجہ پر تھے کہ کوئی ان کو نہیں پہنچ سکا۔

(الخیرات الحسان ص ۲۹ فصل نمبر ۱۳) (مناقب ج ۱ ص ۵۹)

(۱۴) امام حدیث سفیان بن سعید بن مسروق متوفی سنہ

صحاح ستہ کے شیوخ میں سے ہیں۔ اور محدثین کے پیشوا ہیں ان کی عدالت تمام کے متفق علیہ ہے۔ امیر المومنین فی الحدیث حضرت عبداللہ بن مبارک معترف ہیں۔ سفیان ثوری اور سفیان بن عیینہ کے

۲ ساتھ مل سکتے ہیں۔ باوجود اس جلالت شان کے امام ابو حنیفہ سے استفادہ فرماتے تھے عبداللہ بن مبارک کا بیان ہے رایت مسعرا فی حلقۃ ابی حنیفۃ یسئلہ ویستفید منہ۔ میں نے مسعر کو امام ابو حنیفہ کے حلقہ درس میں دیکھا کہ وہ آپ سے سوالات کرتے ہیں اور استفادہ فرما رہے ہیں۔ (خیرات حسان ص ۳۹) آپ امام ابو حنیفہ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں۔

(۱) جو شخص اپنے اور خدا کے درمیان امام ابو حنیفہ کو وسیلہ بنائے اور ان کے مذہب پر چلے میں امید کرتا ہوں کہ اس کو کوئی خوف نہ ہوگا۔ پھر آپ نے یہ اشعار پڑھے۔

مسجد نبوی علی صاحبہا الف الف تحیۃ وسلام کی توسیع کا تو پروگرام ہے مگر اس نئی اسکیم میں گنبد خضرا کو منہدم کرنے کا پروگرام قطعاً نہیں ہے۔ سعودی حکومت کے مذہبی حلقات سے انتظامی امور سے سربراہ جناب سلیمان عبید نے مسجد نبوی کی توسیع کے متعلق جو بیان دیا ہے اس میں انہوں نے واضح طور پر یہ بھی بتایا ہے کہ نئے پروجیکٹ کی تکمیل کے دوران گنبد خضرا کو ہاتھ نہیں لگایا جائے گا، روزنامہ انقلاب بمبئی، منڈے ایڈیشن میں جناب ہارون رشید حلیمہ نے اسلامی دنیا کے نام کے ساتھ جس عنوان سے یہ بیان شائع کیا ہے ملاحظہ ہو۔

مسجد نبوی کی توسیع

ایک لاکھ ۶۵ ہزار نمازیوں کے لئے تجویز

گذشتہ دنوں سلیمان عید نے جو سعودی عرب کے مذہبی امور کا وزیر ہے مدینہ منورہ میں یہ اعلان کیا ہے کہ مسجد نبوی کو جو توسیع ہو رہی ہے اس میں بیک وقت ایک لاکھ ۶۵ ہزار فرزندان توحید نماز ادا کر سکیں۔

اس وقت یہ دنیا کی سب سے بڑی مسجد ہے جو ۱۹۵۰۰ مربع میٹر میں پھیلی ہوئی ہے جس میں ۴۸ ہزار مسلمان بیک وقت نماز پڑھ سکتے ہیں۔ اب نئے توسیعی منصوبے کے تحت جو تین ایک لاکھ مربع میٹر میں پھیل جائے گی۔

اس سلسلہ میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ توسیع کی تکمیل کے دوران کسی بھی حصہ کو بند نہیں کیا جائیگا۔ اور شدت محسوس ہونے پر توسیع والی عمارت کے لئے مسجد کی ایک منزل اور بڑھا دی جائے گی۔

مسجد کی توسیع کے ساتھ ہی مسجد کی حفاظت کے لئے مزید ۱۰۰ محافظ مقرر کئے جائیں گے جو مسجد میں حج اور زائرین کے لئے آنے والے ہر شخص کی تلاشی لیں گے۔

(روزنامہ الجمعیۃ دہلی ۲۵ نومبر ۱۹۸۳ء مطابق یکم ربیع الاول ۱۴۰۴ھ بروز منگل جلد نمبر ۴۷ شمارہ نمبر ۱۳۴)

اکابر علمائے دیوبند کے عقائد

راقم الحروف کو اکابر علمائے دیوبند کی مؤلفات اور ان کے بارے میں لکھے ہوئے مضامین کی کتابوں کی تلاش رہتی ہے اس سلسلہ میں ان کی بڑی خصوصیت جس پر میں نے بحث کی ہے وہ یہ ہے کہ ان حضرات نے اپنی کتابوں میں جن عقائد کو ثابت کیا ہے ان کے بارے میں ان کا کیا عقیدہ ہے چنانچہ علماء حرمین شریفین نے جو چھبیس ۲۶ سوالات مرتب کر کے ہندوستان کے علماء سے جوابات طلب کئے تھے ان کے جواب میں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری سابق مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور نے ۱۴۱ صفحات پر مشتمل جو جوابات تصدیقات لکھے ہیں وہ سوالات کے جوابات مع تصدیقات ۱۲۱ صفحات پر مشتمل ہیں جو مطبوعہ موجود ہیں اس کتاب کے صفحہ ۱۲۱ سے ۱۲۳ تک سوال نمبر ۱۲ کا جواب ہے جس میں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔

وهو مع ازيادة موجود في النسخة الذي في ايدينا النسخة الشريفة والرحمة الصيغة التي ضمنه الحسنة صلى الله عليه وسلم افضل معلقاً حتى من الكعبة ومن العرش والكرسي كما صرح به فقهاؤنا رضي الله عنهم

ترجمہ: اور یہ فضیلت زیادتی کے ساتھ اس نسخہ میں موجود ہے جو ہمارے پاس ہے اس نسخہ میں جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صفات مبارکہ کو مشتمل ہے اور ہمارے اکابر علماء نے یہ بیان کیا ہے کہ یہ نسخہ عرش اور کرسی سے بھی افضل ہے جیسا کہ ہمارے فقہاء نے اس کی تصریح فرمائی ہے۔

(تصدیقات مدفع التسلیمات ص ۱۶)

راکس الحدیث حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ زبدۃ المناسک میں تحریر فرماتے ہیں۔

"جب مدینہ منورہ کا قصد ہو تو بشرط یہ ہے کہ روضہ اطہر صلی اللہ علی سیدنا وعلیہ وسلم کی زیارت کی نیت کرے جا [illegible] اس مدینہ میں داخل ہوا ہے کہ جس میں کہا گیا ہے کہ جو کوئی صرف میری زیارت کو آئے اس کی شفاعت کا مجھ پر حق ہو گیا۔

مدینہ منورہ روانگی کے آداب:

جس وقت مدینہ منورہ روانہ ہو تو راستہ میں کثرت کے ساتھ درود شریف کا ورد رکھے جب وہاں ایک منزل پہنچے کہ وہاں سے مدینہ کے درخت نظر آنے لگیں تو اور زیادہ درود کی کثرت کرے اور جب عمارت نظر آنے لگے تو درود پڑھ کر کہے۔

اللھم ھذا حرم نبیک فاجعلہ وقایۃ لی من النار وامانا من العذاب وسوء الحساب

اے اللہ یہ تیرے نبی ﷺ کا حرم ہے لہٰذا تو اس کو میرے لئے جہنم سے بچاؤ بنا دے اور عذاب اور برے حساب سے امن رسانی بنا دے۔

مدینہ میں داخلے کے آداب:

مستحب یہ ہے کہ غسل کرے یا تو از قسم وضو اور کپڑے پاک و صاف اور عمدہ (حسب حیثیت) لباس زیب تن کرے نئے کپڑے ہوں تو اور اچھا ہے پھر خوشبو لگائے اور پیادہ پا داخل ہو جائے اور خشوع و خضوع اور تواضع جس قدر کر سکتا ہے کرے کوئی کوتاہی نہ رہنے دے۔ اور عظمت کا خیال کرتے ہوئے درود شریف پڑھتا ہوا وارد ہو اور مدینہ میں داخل ہوتا وقت۔

رب ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا اللھم افتح لی ابواب رحمتک وارزقنی من زیارۃ رسولک صلی اللہ علیہ وسلم ما رزقت اولیاءک وامن طاعتک واعترلی وارحمنی یا خیر مسئول۔

اے اللہ مجھے خوبی کے ساتھ داخل فرما اور خوبی کے ساتھ نکالنا اور تو مجھے اپنے پاس سے غلبہ دے جس کے ساتھ مدد ہو اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور اپنے رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے جب تو اپنے دوستوں اور فرمانبرداروں کو نوازتا ہے مجھے بھی نواز گناہوں کو بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اے بہترین درخواست سننے والے۔

حرمت مدینہ:

مدینہ منورہ میں داخل ہونے کے بعد پورے ادب اور حضور قلب کے ساتھ دعا اور درود شریف پڑھتا رہے۔ مدینہ منورہ کی بہت سی جگہوں میں آنحضرت ﷺ کے قدم مبارک پڑے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ امام مالک مدینہ منورہ میں

داری پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے تھے کہ آپ کی آمد کی خوشی میں مدینہ کی بچیوں نے یہ مشہور گیت گایا تھا جسے ہم یہاں نقل کر رہے ہیں۔

مسجد نبوی میں داخلہ:

جب مسجد نبوی میں داخل ہونے لگتے تو پہلے بایاں پیر داخل کرے اور یہ پڑھے جو داخلہ کے وقت پڑھنی چاہئے اور روضہ شریف کعبی اور باب جبرائیل سے داخل ہونا بہتر ہے پھر وہیں بیٹھ کر جو قبلہ شریف اور منبر شریف کے درمیان کی جگہ کا نام ہے اور جسے جنت کا ٹکڑا کہا گیا ہے تحیۃ المسجد پڑھے اس طرح کہ منبر شریف سے متصل رہے جس سعید ہیں وہ اور وہ ستون جس کے نیچے صندوق ہے سامنے رہے اس لئے کہ یہ آنحضرت ﷺ کا موقف ہے تحیۃ المسجد کے بعد جو چاہے شکر کرے کہ حق تعالیٰ نے یہ نعمت عطا فرمائی اور جو دعائیں پڑھنی چاہئے خوب دل کھول کر کرے۔

روضۂ اطہر پر حاضری:

پھر روضۂ اطہر ﷺ کے پاس حاضر ہو کر سرہانے کی دیوار کے کونے میں جو ستون ہے اس سے تین ہاتھ کے فاصلہ سے کھڑا ہو اور پشت قبلہ کی طرف کرکے منہ کو میں طرف کر لے تاکہ چہرہ انور سے مواجہہ خوب اچھی طرح ہو جائے ادب اور خشوع کے ساتھ خبردار زیادہ قریب نہ ہو اور نہ دیوار کو ہاتھ لگائے کہ یہ ادب جمادات کی جگہ ہے اور پھر رحمت عالم ﷺ کو اپنی نماز میں پیٹھ نہ دیکر یہ تصور کرے کہ

السلام علیک یا رسول اللہ السلام علیک یا خیر خلق اللہ السلام علیک یا حبیب اللہ السلام علیک یا صفوۃ اللہ من خلق اللہ السلام علیک یا حبیب اللہ السلام علیک یا سید ولد ادم السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یا رسول اللہ انی اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد انک عبدہ ورسولہ واشھد انک قد بلغت الرسالۃ وادیت الامانۃ ونصحت الامۃ وکشفت الغمۃ فجزاک اللہ عنا افضل ما جازی نبیا عن امتہ اللھم اعط لسیدنا محمد عبدک ورسولک محمد الوسیلۃ والفضیلۃ والدرجۃ الرفیعۃ وابعثہ المقام المحمود الذی وعدتہ انک لا تخلف المیعاد وانزلہ المنزل المقرب عندک انک سمحک ذوالفضل العظیم۔

اے اللہ کے رسول آپ پر سلامتی ہو اے اللہ کی مخلوق کے بہترین فرد آپ پر سلامتی ہو اے منتخب مخلوق خدا میں سے برگزیدہ آپ پر سلامتی ہو اے اللہ کے محبوب آپ پر سلامتی ہو اے اولاد آدم کے سردار آپ پر سلامتی ہو اے نبی آپ پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں اے اللہ کے رسول میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ واحد کے سوا کوئی معبود نہیں اور نہ اس کا کوئی شریک ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے پیام خداوندی پہنچا دیا امانت ادا کر دی اور امت کی خیر خواہی فرمائی اور مصائب دور فرمائے پس اللہ آپ کو اس بہتر سے بہتر عطا فرمائے جو کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے عطا ہوا ہے اے اللہ اپنے بندے اور اپنے رسول اور ہمارے سردار محمد ﷺ کو وسیلہ فضیلت اور بلند درجہ عطا فرما اور مقام محمود میں ان کو اٹھا جس کا تو نے وعدہ کیا ہے بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا اور ان کو تا عرش مقرب منزل میں اپنے پاس بے شک آپ سب سے بڑے

فضل والا ہے۔

توسل رسول خدا ﷺ

پھر آنحضرت ﷺ کے وسیلہ سے حاجت اپنی شفاعت چاہے اور کہے اے اللہ کے رسول میں آپ سے سفارش کی درخواست کرتا ہوں اور آپ کو اللہ کی طرف وسیلہ بناتا ہوں اس بات سے کہ میں آپ کی محبت اور آپ کی سنت پر مسلمان ہونے کی حالت میں جان دوں۔

اور جس التجا میں اور جتنا چاہے زیادہ کرسکتا ہے مگر وہ سب کلمات ادب اور عاجزی کے ہوں انہیں سلف فرماتے ہیں کہ اس موقعہ سے اخفاء بہتر ہے کم ہوں تحسین ہے اور بہت تیز آواز سے نہ بولے بلکہ آہستہ خشوع و ادب کے ساتھ عرض کرے۔ (زبدۃ المناسک ص ۱۳۳ تا ص ۱۳۷)

حضرت گنگوہی قدس سرہ کا مندرجہ بالا مضمون غور سے پڑھئے الفاظ سے عشق نبوی چھلک رہا ہے اور مدینہ منورہ کا احترام روضہ اقدس ﷺ حتی حاجیوں کی عظمت حق کہ مدینہ منورہ کے درخت اور غلاموں کا احترام الفاظ سے ٹپک رہا ہے پھر بھی اعتراض ہے کہ یہ بندگی مستلزم رسول ہیں۔ معاذ اللہ

پھر کہی تم نے یہ کہ کہ بندہ نہیں

حریم ناظرین زبدۃ المناسک مصنفہ مولانا الحاج شیخ محمد شاہ صاحب جو حضرت گنگوہی کی زبدۃ المناسک کی گویا شرح ہے ملاحظہ ہو اس میں مستند ہے۔

مسئلہ: حجرہ شریف کی طرف بہت نظر کرنا چاہیے قبر کی پشت سے کیونکہ حضرت ﷺ کے حجرہ مطہرہ کی طرف نظر کرنا عبادت ہے پس مسجد شریف میں ہو یا اور کہیں باہر جہاں سے حضرت کی پرنظر پڑے تو اس کی ہیبت و ادب اور دل سے حضور سے دیکھنا چاہیے پھر کھڑا ہو کر سلام عرض کرے (حیات الحیوان ج ۲ ص ۷۹۹ و زبدۃ المناسک ص ۱۳۷)

معلم الحجاج (از افادات حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب سابق مفتی اعظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور) میں ہے۔

مسئلہ: جب قبہ خضراء پر نظر پڑے تو کمال تعظیم اور اس کے مجد و شرف کا استحضار کرے کیونکہ یہ بزرگ ترین مقام ہے۔ (معلم الحجاج ص ۳۴۵)

مسئلہ: روضہ شریفہ کی طرف دیکھنا ثواب ہے اور اگر مسجد کے باہر ہو تو قبہ کو دیکھنا بھی ثواب ہے۔ (معلم الحجاج ص ۳۵۰ و ص ۳۵۲)

مسئلہ: جب کبھی روضہ کے برابر سے گذرے حسب موقع تھوڑا بہت ٹھہر کر سلام پڑھے اگرچہ مسجد سے باہر ہی ہو۔ (معلم الحجاج ص ۳۵۱)

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی نور اللہ مرقدہ نے لفظ کل حج میں اپنے فضل آداب زیارت کے عنوان سے تحریر فرمائی ہے اس میں زیارت کے آٹھ آداب تحریر فرمائے ہیں ان میں ادب نمبر ۱۳ میں ہے۔

ادب نمبر ۱۳:

جب قبہ خضراء پر نظر پڑے تو عظمت، ہیبت اور حضور ﷺ کی علو شان کا استحضار کرے اور یہ سوچے کہ اس

ہے ہم میں وہ صفات القدس ہے جو ساری کائنات سے افضل ہے انبیاء کی سردار ہے فرشتوں سے افضل ہے عرش کی تمام مخلوقات سے افضل ہے زمین و آسمان سے افضل ہے جس پر ملک سے حدا ہوتا ہے وہ کعبہ سے افضل ہے عرش سے افضل ہے کرسی سے افضل ہے تمام آسمان و زمین کی چیزوں سے افضل ہے (ادب)

(فضائل حج ص ۱۰۸ تا ص ۱۰۹)

ادب نمبر ۱۵:

میں نے مسجد شریف میں داخل ہوتے ہی حجرہ شریف کی طرف رخ کیا جب بام ہوا تو قبر شریف جہاں سے نظر آتا ہے وہاں پر اس کو بھی اس پر نظر رکھنا بھی افضل ہے اور اس کا بھی ادب ہے (شرح ادب المفرد ملک نوری) نہایت ادب و شوق کے ساتھ ادب و آداب کو ملحوظ رکھے۔

سکوت مشق و ترنج ہے حضور ادب پر
جری ادب رسا نکیں یہ ناے بے اثر نکلے

(فضائل حج ص ۱۰۰)

ادب نمبر ۱۶:

میں نے باحضرت شدید و قبر شریف کی طرف پشت نہ کرے نہ مدینہ میں نہ مکہ کے (شرح ادب) اگر نماز میں ایسی جگہ کھڑا ہونے کی سعی کرے کہ قبلہ میں جانب نہ ہو پشت اور بالخاصہ اس طرف پشت کرنے کی ولی ہے دوسری نہیں کہتی۔ (فضائل حج ص ۹۰)

ادب نمبر ۱۷:

میں نے اس کا التزام رکھا کہ جب قبر شریف کے مقابل سے گذرتا دور تو کھڑے ہو کر سلام کرتے آگے بڑھتا جس کو بعض نے لکھا ہے کہ جب مسجد سے باہر بھی قبر شریف کے مقابل سے گذرے تو کھڑے ہو کر سلام کرے آگے بڑھے حضرت ابو حازم سے روایت ہے ایک شخص ان کے پاس آیا اور یہ کہا کہ میں نے حضور ﷺ کو خواب میں زیارت کی حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے ابو حازم تم کیا کرتے ہو کہ میرے پاس سے اکثر آمد و رفت کرتے ہو تم نے کہا کہ یا رسول اللہ کھڑے ہو کر سلام بھی نہیں کرتے اس نے بعد سے ابو حازم کا یہ معمول ہو گیا تھا کہ جب ادھر سے گذرتے تو کھڑے ہو کر سلام پڑھ کے بڑھتے۔ (شرح ادب) (فضائل حج ص ۱۰۰)

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نور اللہ مرقدہ سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند نے بیان فرمایا کہ امام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہ بانی دارالعلوم دیوبند کے سفر حج کا ایک واقعہ بیان فرمایا ہے اس واقعہ سے اندازہ ہوگا کہ حضرت قدس سرہ کا قلب عشق نبوی اور احترام مدینہ منورہ روضہ اطہر سے کس قدر لبریز تھا۔

"حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند جب حج کے لئے گئے ہیں تو مدینہ منورہ کے قریب ایک منزل آتی ہے جس کو بیر کہتے ہیں وہاں پر پہاڑی ہے اس پر جب اونٹ یا کاریں چڑھتی ہیں تو ایک دم سے

تو یف کے مزار سے نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ وہاں سے مدینہ منورہ تین چار منزل کے فاصلہ پر رہ جاتا ہے۔ جب مدینہ منورہ حاضر ہوئے تو حضرت مولانا حافظ قاسم صاحب اور مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی اور سارے بزرگ جب مل چکے اور جس کی مزار سے نظر پڑی تو حضرت حافظ محمد صاحب سے جب ہوا کہ ایک عام اعلان ہے اور کچھ حاشیہ اشعار ہیں پڑھتے جاتے معلوم ہوتا کہ اپنے ہوش میں نہیں۔ حالانکہ وہاں کی خبریں اڑی ہیں۔ جب وہ پڑھتی ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے پھریریاں پھہرا رہی ہوں۔ الی قولہ۔ چار پانچ میل اسی حسن کے ساتھ پاؤں چلے پھر بیہوش ہو گئے مگر انہیں کہ ہوش نہیں تھا۔

(خطبات حکیم الاسلام ص ۸۸ ج ۳ مئی ۸۹ء مطبوعہ لاہور)

حضرت اقدس مولانا نانوتوی قدس سرہ کا ایک مشہور قصیدہ بہاریہ ہے جو بہت ہوئیں سے مدینہ کی مناسبت سے اس میں سے چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں جس سے معرفت قدس سرہ کی والہانہ محبت اور عشق جنوں کا اندازہ ہوتا ہے۔

ذوق نصیب یہ نسبت کہاں نصیب مرے
تو جس قدر ہے جلا میں ہوں اسی مقدر
یہ سن کے آپ شفیع گناہ گاراں ہیں
کئے ہیں میں نے اتنے گناہ کے انبوہ
گناہ کیا ہیں اگر کچھ گناہ کئے میں نے
تجھے شفیع تجھے کون کرے ہاں بدکار
جو تو ہی ہم کو نہ پوچھے تو کون پوچھے گا
ہے کون اپنا تیرے سوا تم خود
تو بہترین خلائق میں بدترین جہاں
تو سرور دو جہاں میں کمینہ خدمت گار
بہت دنوں سے تمنا ہے کیجئے عرض حال
اگر ہو بندہ کسی سرح تیرے در تک رسد
مگر جہاں ہو فلک آستان سے بھی نیچ
وہاں ہو قاسم بے بال و پا کیونکر گذر
دیا ہے حق نے تجھے سب سے مرتبہ عالی
کیا ہے سارے جہاں کے پھلوں کا تجھے ورد
رجا و خوف کی موجوں میں ہے امید کی ناؤ
کہ ہو مکان مدینہ میں میرا نام شہر

کیوں تو سلام ان کو کرے جن کے تیرے پھروں
صورت تو صاحبوں کی ہے پر بھید کچھ کو سومار
اس کے یہ جیبی مشت خاکے کو پھر مرے
کرے تصور سے روشن کے اس پہ نثار
ولے یہ رتبہ کہاں مشت خاکے قاسم کا
کہ جس کے لوپے اطہر میں تیرے بن کے غبار
عرض نہیں کچھ اس سے بھی بڑھ کر سلیمان
خدا نے یہ تیری الفت سے میرا سید نثار
تمہارے عشق میں دورہ سے ہوں نحیف اتنا
کہ آنکھیں پلٹنا آپ سے ہاں دوران نہار
نبی سب درود اس پہ اور ان کی آل پہ تو
جو نوش دہ تجھ سے دور اس کی عشرت مآب
نبی سب پہ اور ان کی تمام آل پہ بھیج
وہ تعداد کہ نہ کر سکے نہ ان کو شمار

(تمام الاحباب بالصلوٰۃ علی الحبیب الاقرب، وافضل الصلوٰۃ)

فقط واللہ اعلم بالصواب وصلی اللہ علی النبی الامی وعلی آلہ وصحبہ جمیعین وبارک وسلم تسلیما کثیرا کثیرا ۱۳ جمادی الاول ۱۳۱۰ھ۔

کوئی شخص حضور پرنور کو نور مسلم لکھے تو یہ کلمہ ہے؟

(سوال ۱۰۹) از مرسلہ محمد وحیرت حسین صاحب مدرس اجمیری بعد سلام مسنون۔

یہاں ایک اخبار کے ایڈیٹر نے حضور پرنور کے بیان کے متعلق لکھا ہے کہ آپ (معاذ اللہ) نور مسلم تھے۔ اس پر ہمیں یہ اخبار پہنچا ہے اس کا دفعیہ کیا مسلمان ہے جس شخص نے حضور پرنور کے متعلق یہ مضمون لکھا اور اس نے اسے چھاپا ان کے متعلق شرع کیا حکم ہے تحریر فرمائیں بینوا توجروا۔

الجواب: ھو الموفق للصواب آقائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق یہ عقیدہ کہ آپ (معاذ اللہ) نور تھے ہندو آپ کی چالیس سال کی (معاذ اللہ) کافر اور مشرک عقائد و اعمال کے مطابق بھی چالیس سال اس میں تبدیلی نہ آئی یہ اسلام عقیدہ نہیں ہو سکتا بلکہ مسلمانوں اور دشمنان اسلام کا نظریہ ہے لہٰذا جس شخص نے یہ کوشش کرتے ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور مسلم تھے اور اخبار کے ذریعہ اپنے اس ناسد عقیدہ کی اشاعت کی ہے وہ اسلامی عقائد و تعلیمات کا مخالف اور خدا کی نعمتوں کی ناشکری کرنے والا اور فسق و ضلالت (بقیہ)

نکاح اور دوسروں کو بھی کرنے کا (۱) کا مصداق ہے۔ اس پر توبہ واستغفار لازم ہے ورنہ ترک واجب کا تجدید ایمان اور تجدید نکاح کا بھی حکم دیا جائے گا۔ وفی شرح التوھبانیۃ ما یکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح واولادہ اولاد زنا وما یکون علی شرف الکفر یلزم بالاستغفار والتوبۃ وتجدید النکاح (درمختار) شامی میں ہے (قولہ والتوبۃ) ای تجدید الاسلام (قولہ وتجدید النکاح) ای احتیاطا (وقولہ احتیاطا) ای بامرہ المفتی بالتجدید لیکون وطؤہ حلالا باتفاق الخ (درمختار مع الشامی ج ۳ ص ۳۱۳ باب المرتد)

حضور ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کرنا معمولی گناہ نہیں ہے ایسے فاسق العقیدہ اور گندہ ذہنیت والے شخص کو امام کا ایڈیٹر بنانا جائز نہیں ہے۔ ورنہ وہ اس قسم کے غلط مضامین شائع کرتے رہیں گے اور لوگ کفر تک پہنچ جائیں گے اور ان لوگوں نے اسے چھاپا ہے (ان کے علم میں یہ بات آئی تو وہ بھی ذمہ دار ہوں گے ان پر بھی توبہ لازم ہے۔

حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے اپنی نور کے ٹکڑے سے نور محمدی ﷺ کو پیدا فرمایا۔ (نشر الطیب ص ۵ مصنفہ حضرت تھانوی)

نیز حدیث میں ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آقائے نامدار ﷺ سے سوال کیا کہ یا رسول اللہ! آپ کو نبوت سے کب سرفراز کیا گیا فرمایا اس وقت سے مجھے نبی بنادیا گیا جب کہ حضرت آدم علیہ السلام روح اور بدن کے مابین تھے یعنی ابھی صرف حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا بنایا تھا روح نہیں ڈالی گئی تھی۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قالوا یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ قال و آدم بین الروح والجسد رواہ الترمذی (ترمذی شریف ج ۲ ص ۲۰۱ ابواب المناقب)

(مشکوۃ شریف ص ۵۱۳ باب فضائل سید المرسلین صلوات اللہ وسلامہ علیہ)

(مظاہر حق ج ۴ ص ۵۰۷)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ سب سے پہلے صفت نبوت سے سرفراز فرمادیے گئے تھے کو کہ نبوت کا ظہور آپ کی عمر مبارک چالیس سال ہونے پر ہوا (جس طرح سرکاری عہدہ دار کا انتخاب پہلے ہوجاتا ہے مگر باقاعدہ چارج بعد میں دیا جاتا ہے)

شعبی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کب نبی بنائے گئے آپ نے فرمایا اس وقت روح اور جسد کے درمیان تھے جب کہ مجھ سے میثاق (نبوت کا) لیا گیا (کما قال تعالیٰ واذ اخذنا من النبیین میثاقھم ومنک ومن نوح الآیۃ) (نشر الطیب ص ۲۰ فصل نور محمد کے بیان میں)

یہ حدیث اس بارے میں نص ہے کہ آپ کے لئے نبوت کا ثبوت سب سے پہلے ہو چکا تھا اور اس کا ظہور آپ کی پیدائش کے بعد چالیس سال کی عمر میں ہوا۔

جب حضور پاک ﷺ کی عمر مبارک بارہ برس کی ہوئی تو آپ ﷺ اپنے چچا ابو طالب اور مشائخ قریش کے ساتھ بغرض تجارت ملک شام کی طرف گئے راستہ میں ایک جگہ شہر بصریٰ کے قریب پڑاؤ ڈالا وہاں ایک راہب رہتا تھا (جو بحیرا راہب کے نام سے مشہور تھا نام

سے پہلے بھی بارہا کئی لوگوں کا وہاں گذر ہوتا تھا مگر وہ کبھی متعلقات نہ ہوتا تھا۔ اس مرتبہ قریش کا کاروان تجارت جب وہاں پہنچا تو راہب خلاف معمول اپنے صومعہ سے نکل کر ان کے پاس آیا اور مجسمانہ نظروں سے ایک ایک کو دیکھنے لگا۔ یہاں تک کہ حضور ﷺ کا ہاتھ پکڑ لیا اور یہ کہا ھذا سید العلمین ھذا رسول رب العلمین یبعثہ اللہ رحمۃ للعلمین یعنی یہ سردار جہانوں کا نبی ہے، رسول پروردگار عالم کا، جس کو اللہ جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گا۔ سردارانِ قریش نے اس راہب سے کہا کہ آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا؟ راہب نے کہا جس وقت آپ لوگ گھاٹی سے نکلے تو کوئی شجر و حجر ایسا باقی نہ رہا جس نے سجدہ نہ کیا ہو اور شجر و حجر نبی کے سوا کسی کے سجدہ نہ کرتے ہیں اور علاوہ ازیں میں آپ کو مہر نبوت سے بھی پہچانتا ہوں جو سیب کے مشابہ آپ کے شانہ کے نیچے واقع ہے۔ راہب یہ کہہ کر واپس ہوگیا اور دعوت آپ کی وجہ سے تمام قافلہ کے لئے کھانا تیار کرایا کھانے کے لئے سب حاضر ہوئے مگر آپ موجود نہ تھے۔ راہب نے دریافت کیا کہ آپ کہاں رہ گئے ہیں؟ معلوم ہوا کہ اونٹ چرانے گئے ہوئے ہیں، آدمی بھیج کر آپ کو بلوایا جس وقت آپ تشریف لائے تو ابر آپ پر سایہ کئے ہوئے تھا۔ جب آپ اپنی قوم کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ لوگ آپ سے پہلے درخت کے سایہ میں جگہ لے چکے ہیں، اب کوئی جگہ سایہ کی باقی نہ رہی آپ ایک جانب کو بیٹھ گئے: جیسے ہی درخت کا سایہ آپ کی طرف جھک گیا۔ راہب نے کہا درخت کے سایہ کو دیکھو کہ کس طرح آپ کی طرف مائل ہے۔ راہب نے پھر قریش کے قافلہ کو قسم دے کر یہ دریافت کیا کہ تم میں ان کا ولی کون ہے؟ لوگوں نے ابو طالب کی طرف اشارہ کیا۔ راہب نے ابو طالب سے کہا کہ آپ ان کو ہرگز واپس نہ بھیجیں۔ ابو طالب نے آپ کو واپس کر دیا اور بلال کے ہمراہ شام واپس بھیج دیا۔ راہب نے زاد راہ کے لئے روٹی اور زیتون کا تیل ساتھ کر دیا۔ امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے (ترمذی شریف ج ۲ ص ۲۰۶ باب ما جاء فی بدء نبوۃ النبی ﷺ)

(مشکوٰۃ شریف ص ۵۱۲ باب فی المعجزات۔ الفصل الثانی)

اسی طرح جب آپ ﷺ نے ۲۵ سال کی عمر میں حضرت خدیجہ کا تجارتی سامان لے کر شام کا دوسرا سفر کیا اور بصریٰ پہنچے اور ایک سایہ دار درخت کے نیچے ٹھہرے، وہاں ایک راہب رہتا تھا جس کا نام نسطورا تھا آپ کو دیکھ کر وہ آپ کے پاس آیا اور علامات دیکھ کر کہا ھو ھو نبی وھو آخر الانبیاء یہ وہی نبی ہیں یہ آخری نبی ہیں۔

ان دو واقعات اور ان کے مانند دیگر واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ اس وقت علامات نبوت سے متصف تھے انہیں علامتوں کو دیکھ کر ان دونوں راہبوں نے ان کے نبی ہونے کی تشخیص کر لی تھی۔ جب آپ ﷺ کا علامات نبوت سے متصف ہونا ثابت ہوا تو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ آپ پہلے ہی سے صفت نبوت سے متصف تھے اور آپ کے لئے نبوت ثابت اور متحقق تھی (کیونکہ اس کا ظہور چالیس سال کی عمر میں ہوا)

حدیث میں ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے خطا کا ارتکاب ہو گیا تو انہوں نے جناب باری تعالیٰ میں عرض کیا کہ اے پروردگار میں آپ سے بواسطہ محمد ﷺ کے درخواست کرتا ہوں کہ میری مغفرت کر دیجئے۔ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے آدم تم نے محمد ﷺ کو کیسے پہچانا حالانکہ ابھی میں نے ان کو پیدا بھی نہیں کیا عرض کیا کہ اے رب میں نے اس طرح پہچانا۔ جب آپ نے مجھ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور اپنی (شرف دی ہوئی) روح میرے اندر پھونکی میں نے سر اٹھایا تو عرش کے پایوں پر لکھا ہوا دیکھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ سو میں نے معلوم کر لیا

کہ آپ نے اپنے نام مبارک کے ساتھ ایسے ہی شخص کے نام کو ملایا ہوگا جو آپ کے نزدیک تمام مخلوق سے پیارا ہوگا جس تعالیٰ نے فرمایا اے آدم تم سچے ہو واقع میں وہ میرے نزدیک تمام مخلوق سے پیارا ہوگا اور جب تم نے مجھ سے کن سے واسطے سے درخواست کی ہے تو میں نے تمہاری مغفرت کردی اگر محمد ﷺ نہ ہوتے تو میں تم کو کبھی پیدا نہ کرتا (تفسیر الطیب ص ۱۰۱ فصل نمبر ۲)

اگر آپ ﷺ نومسلم تھے اور اس سے پہلے آپ (معاذ اللہ) ایمان کے ساتھ متصف نہ تھے تو خدا تعالیٰ نے اپنے مقدس نام کے ساتھ عرش کے پایوں پر آپ کا نام مبارک کیوں تحریر فرمایا؟

خلاصہ یہ ہے کہ حضور ﷺ اس وقت سے صفت نبوت کے ساتھ متصف تھے جب کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بدن مبارک میں جان بھی نہیں پڑی تھی، نبوت اور کفر آپس میں ضد ہیں یہ دونوں ایک ذات میں جمع نہیں ہوسکتیں، لہٰذا جو نبی ہوگا وہ کسی حال میں کفر کے ساتھ متصف نہیں ہوسکتا اور جو کافر ہوگا وہ کسی حال میں نبی نہیں ہوسکتا، جب یہ ثابت شدہ ہے کہ حضور ﷺ پہلے ہی سے صفت نبوت کے ساتھ متصف ہیں تو آپ نومسلم کس طرح ہوں گے؟ نیز حضور پاک ﷺ بالذات وصف نبوۃ کے ساتھ متصف ہیں اور دوسرے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بالعرض متصف ہیں، تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت آپ ﷺ کی نبوت کا فیض ہے، لیکن حضور ﷺ کی نبوت کسی اور کے فیض سے نہیں ہے، جس طرح آپ ﷺ اس امت کے نبی ہیں اسی طرح آپ نبی الانبیاء بھی ہیں، قرآنی آیت ہے واذ اخذ اللہ میثاق النبیین ۔ اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے آپ ﷺ پر ایمان لانے اور آپ کی اتباع اور اقتداء کا عہد لیا گیا تو کیا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے غیر نبی اور غیر مسلم پر ایمان لانے اور ان کی اتباع اور اقتداء کا عہد لیا گیا؟

بدیں عقل و دانش بباید گریست

(فتاویٰ افریقہ مع یاقوت)۔

فاسق کس کو کہتے ہیں اور شریعت میں اس کا کیا حکم ہے؟
گناہ کبیرہ اور صغیرہ کی مختصر فہرست:

(سوال ۲۰) فاسق کی کیا تعریف ہے؟ اور شریعت میں اس کے لئے کیا حکم ہے؟ کن گناہوں کے مرتکب کو فاسق کہیں گے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) جو شخص گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو یا گناہ صغیرہ پر اصرار کرتا ہو ایسا شخص فاسق ہے، اور فاسق مردود الشہادت ہوتا ہے یعنی اس کی گواہی قبول نہیں ہوتی، گناہ کبیرہ و صغیرہ کی فہرست کے سلسلہ میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کا ایک رسالہ ہے "گناہ بے لذت" ہے، اس میں تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔ ان میں سے بعض گناہ کبیرہ یہ ہیں، نماز چھوڑنا، نماز کو اپنے وقت سے مقدم یا مؤخر کرنا، زکوٰۃ نہ دینا، چوری کرنا، لوگوں کو گانے سنانا لوگوں کے سامنے ستر کھولنا (جیسے آج کل دریا کنارے سوئمنگ پول اور فٹبال وغیرہ کھیلوں میں عموماً ہوتا ہے) داڑھی بالکل منڈانا یا چار انگلیوں سے نیچے داڑھی کا نعیت کرنا، چغل خوری کرنا، جھوٹی گواہی دینا، جھوٹی قسم کھانا، کسی کا

کیا نسل انسانی کی ابتدا ارتقاء سے ہے؟ قرآن و حدیث سے کیا ثابت ہوتا ہے؟

(سوال ۲) حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے متعلق چند [illegible] ہے کہ آپ [illegible] اور [illegible] پیدا ہوئے [illegible] قرآن کی [illegible] کیا [illegible] کیا [illegible] ہے؟ بینوا توجروا

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً

[illegible] اللہ تعالیٰ نے [illegible] علیہ السلام کی تخلیق کی [illegible] قرآن مجید میں [illegible] بیان فرمائی ہے [illegible] وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝

ترجمہ:

اور بلاشبہ تحقیق ہے کہ ہم نے انسان کو [illegible] سے بنایا جو [illegible] ہے۔ قرآن مجید [illegible] اللہ تعالیٰ نے [illegible] وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا

من طین ○

ترجمہ:

اور وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے جب آپ نے مورد کار سے فرشتوں سے کہا میں مٹی سے بشر کو پیدا کرنے والا ہوں سو جب میں اس کو پورا بنا چکوں اور اس میں (اپنی طرف سے) جان ڈال دوں تو تم سب اس کے آگے سجدہ میں گر پڑنا سو (جب اللہ نے اس کو بنایا) تو سارے کے سارے فرشتوں نے (آدم کو) سجدہ کیا مگر ابلیس نے کہ وہ غرور میں آگیا اور کافروں میں سے ہو گیا حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس جس چیز کو میں نے اپنے ہاتھوں بنایا ان کو سجدہ کرنے سے تجھ کو کون سی چیز مانع ہوئی کیا تو غرور میں آگیا (یا واقعی میں بلند) ہے کہ تو (واقعی میں بلند ہے) ان والوں میں ہے کہنے لگا کہ (شق ثانی واقع ہے بات) میں آدم سے بہتر ہوں (کیونکہ) آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس (آدم) کو خاک سے پیدا کیا ہے۔ (ترجمہ حضرت تھانوی)

اس کے بعد اللہ نے اپنی قدرت کاملہ سے حضرت آدم علیہ السلام کی پسلی سے حضرت حوا علیہا السلام کو پیدا فرمایا اور بعد میں حضرت آدم علیہ السلام کا حضرت حوا رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا اور انہی دونوں سے نسل انسانی کی ابتداء ہوئی حضرت حوا علیہا السلام کی پیدائش کے متعلق قرآن مجید میں ہے وخلق منها زوجها (اور اس جان سے اس کا جوڑا پیدا فرمایا) اور اس کے بعد ارشاد فرمایا وبث منهما رجالا كثيرا ونساء (اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں) (قرآن مجید پ ۴ ع ۱ سورہ نساء)

بخاری شریف میں ہے انہ سیولد لہا نساء یعیرن اہل الطعوۃ خلقت من ضلع لیج عوجا ان کے ہاں عورتیں ہوں گی جو عورتوں کے ماتھ عیب لگائیں گی اور ٹیڑھی ہونے کی وجہ سے ان کو پسلی سے پیدا کیا گیا ہے۔

(بخاری شریف ص ۴۷۹ ج ۱ کتاب الانبیاء باب خلق آدم وذریتہ)

مزید تفصیل کے لئے قصص القرآن جلد اول ص ۵۲ ملاحظہ فرمائیں۔ بہرحال مذکورہ آیتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ نے اپنی قدرت کاملہ سے مٹی سے پیدا فرمایا اور اصل انسانی کی

رکھنا حضرت آدم اور حضرت حوا علیہما السلام سے نسل کی ابتداء ہوئی ہے قرآن وحدیث سے قطعاً خلاف ہے اللہ تعالیٰ نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا فرمایا قرآن مجید میں ہے لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم O یعنی ہم نے انسان کو بہت خوبصورت سانچے میں ڈھالا ہے (قرآن مجید پارہ نمبر ۳۰ سورہ والتین) اس پر تفصیل یا مزید تشریح کی ضرورت ہے۔

مذکورہ عقیدہ قرآن وحدیث کے خلاف ہے یہ ملحدانہ عقیدہ ہے یہ اور ان کی تحریر کی بنیاد اسلام سے اس کا دور کا بھی تعلق نہیں اس نے اگر کوئی (معاذ اللہ) اس قسم کا عقیدہ رکھتا ہو تو اسے فوراً اپنے عقیدہ سے توبہ کرنا چاہیے اور تجدید ایمان وتجدید نکاح کرنا چاہیے۔ شامی میں ہے۔ نعم سئل الشارح ان مایکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح وما فیہ خلاف یؤمر بالاستغفار والتوبۃ وتجدید النکاح

(شامی ص ۹۹ ج ۳ باب المرتد) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حیات عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام

(سوال ۲۲) حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق یہ نظریہ کہ وہ وفات پاچکے ہیں اس بارے میں اہل سنت والجماعت کا کیا عقیدہ ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کا مفصل ومدلل جواب عنایت فرمائیں تاکہ تسلی ہو۔ (از سرگانہ پور)

(الجواب) حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق مسلمانوں کا اجماعی عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو آسمان پر اٹھالیا ہے اور آپ زندہ ہیں، اپنی امت کے قریب دنیا میں تشریف لائیں گے دجال کو قتل کریں گے اور اس کے بعد آپ کی وفات ہوگی یہ عقیدہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے لہٰذا جو شخص اس کے خلاف عقیدہ رکھے کہ آپ کی وفات ہوگئی ہے قرآن وحدیث اور اجماع کا منکر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے یہ اسلامی عقیدہ ہے۔ حتمائی چیز ہیں ہے قرآن مجید میں ہے۔

وقولہم انا قتلنا المسیح عیسی ابن مریم رسول اللہ وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لہم وان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ مالہم بہ من علم الا اتباع الظن وما قتلوہ یقینا O بل رفعہ اللہ الیہ وکان اللہ عزیزا حکیما O

اور ان کے اس کہنے کی وجہ سے کہ ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم رسول اللہ کو قتل کیا ہے (ہم نے) قتل کر دیا حالانکہ انہوں نے نہ ان کو قتل کیا اور نہ ان کو سولی پر چڑھایا لیکن ان کو مشتبہ ہوگئی اور جو لوگ ان کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں وہ شک میں ہیں ان کو اس کی کوئی دلیل نہیں بجز تخمینی باتوں پر عمل کرنے کے اور انہوں نے ان کو یقینی طور پر نہیں قتل کیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا ہے اور اللہ تعالیٰ زبردست بڑے حکمت والے ہیں

اس آیت سے بالکل صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق یہودیوں کا یہ کہنا کہ ہم نے ان کو (معاذ اللہ) قتل کر دیا قتل کا نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو آسمان پر اٹھالیا ہے اور آپ زندہ ہیں۔

روح المعانی میں اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا ہے وھو حیی فی السماء الثانیۃ علی ما صح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حدیث المعراج وھو ھناک مقیم حتی ینزل الی الارض یقتل الدجال ویملؤھا عدلا کما ملئت جورا الخ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوسرے آسمان پر زندہ ہیں جیسا کہ یہ بات حدیث معراج میں صحیح طور پر مروی ہے اور آپ آسمان پر مقیم ہیں یہاں تک کہ آپ دنیا میں تشریف لائیں گے اور دجال کو قتل کریں گے اور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جیسا کہ آپ کے قبل دنیا ظلم سے بھری ہوئی تھی۔ (روح المعانی ص ۱۴۰ ج ۶)

حدیث میں ہے عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واللہ لینزلن ابن مریم حکما عادلا فلیکسرن الصلیب الخ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ کی قسم حضرت ابن مریم (عیسیٰ علیہ السلام) ضرور بضرور قیامت کے قریب دنیا میں) نازل ہوں گے (اور آپ) حاکم عادل ہوں گے پس آپ صلیب کو توڑ دیں گے الخ (مشکوٰۃ شریف ص ۴۷۰ باب نزول عیسیٰ علیہ السلام)

مخابرۃ میں ہے۔

فائدہ:

یہ تین ثابت ہوئے صحیح حدیثوں سے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اتریں گے آسمان سے زمین پر اور دین محمد ﷺ کے تابع ہوں گے اور حکم کریں گے آنحضرت ﷺ کی شریعت پر الخ (مظاہر حق جدید میں ۴۰۰ ج ۴ باب نزول عیسیٰ علیہ السلام)

تفسیر لاہور حضرت الاستاذ مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے بیان القرآن میں اس پر بحث کرتے ہوئے جو فاضلانہ مطالعہ پیش کیا ہے اس میں آپ تحریر فرماتے ہیں۔

تشریح ضروری:

تقریر تفسیر سے بعض ان لوگوں کی غلطی ظاہر ہوتی جو آج کل دعویٰ باطل کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات ہوگئی اور آپ سدھار چکے اور قیامت کے قریب تشریف نہ لاویں گے اور اس پر دو احادیث سے بھی حیات و نزول کی تشریف آوری کے متعلق کی ہیں ان میں تحریف کی ہے کہ مراد اس سے مثیل عیسیٰ ہے اور غیر اس شخص کا مصداق اپنے کو قرار دیتے ہیں (الی قولہ) اور دوسری دلائل سے رفع و حیات ثابت ہے پس اس کا قائل ہونا واجب ہے رفع تو آیت رفعہ اللہ سے اور اپنے حقیقی معنی کے اعتبار سے نفس سے رفع مع الجسد ہیں اور باعتبار معنی حقیقی کے بارہا ذی یا ممتنع ہے (الی قولہ) اور حیات احادیث و اجماع سے ثابت ہے چنانچہ ہمیں اللہ تعالیٰ ارشاد ہے ان عیسیٰ لما یمت وانہ رافعک الیکم قبل یوم القیمۃ اور دہ السیوطی فی الدر المنثور واخرج ابن کثیر من آل عمران وقال ابن ابی حاتم حدثنا ابی حدثنا احمد بن عبد الرحمن حدثنا عبداللہ بن جعفر عن ابیہ حدثنا الربیع بن انس عن الحسن فذکر اثرا عنہ ثم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للیھود ان عیسیٰ لم یمت وانہ رافعہ الیکم قبل یوم القیمۃ (الی قولہ) اور اجماع نہایت

ظاہر ہے کہ کسی مستند عالم نے سلفاً خلفاً اس کے خلاف نقل نہیں کیا۔

(بیان القرآن ص ۱۲۵ ج ۲ جلد دوم پارہ نمبر ۳ رکوع ۱۳ سورہ آل عمران)

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ اپنی مشہور تفسیر "معارف القرآن" میں تحریر فرماتے ہیں۔

مسئلہ حیات ونزول عیسیٰ علیہ السلام

دنیا میں صرف یہود ہیں کا یہ کہنا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام مقتول ومصلوب ہو کر فوت ہو گئے اور پھر زندہ نہیں ہوئے اور ان کے اس خیال کی حقیقت قرآن کریم نے سورۂ نساء کی آیت میں واضح کر دی۔ اس آیت میں بھی وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰہُ میں اس طرف اشارہ کر دیا گیا ہے کہ حق تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دشمنوں کے خبیث اور تدبیر کو خود انہی کی طرف لوٹا دیا کہ جو یہودی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کے لئے مکان کے اندر گئے تھے، اللہ تعالیٰ نے انہی میں سے ایک شخص کی شکل وصورت تبدیل کر کے بالکل عیسیٰ علیہ السلام کی صورت میں ڈھال دیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا۔ آیت کے الفاظ یہ ہیں وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ (انہوں نے عیسیٰ کو قتل نہیں کیا نہ سولی پر چڑھایا لیکن تدبیر حق سے ان کو شبہ میں ڈال دیا کہ اپنے ہی آدمی کو قتل کر کے خوش ہو لئے) اس کی مزید تفصیل سورۂ نساء میں آئے گی نصاریٰ کا کہنا یہ تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام مقتول ومصلوب تو ہو گئے مگر پھر دوبارہ زندہ کر کے آسمان پر اٹھائے گئے، مذکورہ آیت نے ان کے اس غلط خیال کی بھی تردید کر دی اور بتلا دیا کہ جسے یہودی اپنے ہی آدمی کو قتل کر کے خوشیاں منا رہے تھے اس سے یہ اعلان کیا کہ عیسائیوں کو بھی لگ گیا کہ قتل ہونے والے عیسیٰ علیہ السلام ہیں اس لئے شبہ لحم کے مصداق یہود کی طرح نصاریٰ بھی ہو گئے۔

ان دونوں گروہوں کے بالمقابل اسلام کا وہ عقیدہ ہے جو اس آیت اور دوسری کئی آیتوں میں وضاحت سے بیان فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو یہودیوں کے ہاتھ سے نجات دینے کے لئے آسمان پر زندہ اٹھا لیا نہ ان کو قتل کیا جا سکا نہ سولی پر چڑھایا جا سکا زندہ آسمان پر موجود ہیں اور قرب قیامت میں آسمان سے نازل ہو کر یہودیوں پر فتح پائیں گے اور آخر میں طبعی موت سے وفات پائیں گے۔

اسی عقیدہ پر تمام امت اسلامیہ کا اجماع واتفاق ہے۔ حافظ ابن حجر نے الاتقان الجبیر ص ۳۱۹ میں یہ اجماع نقل کیا ہے، قرآن مجید کی متعدد آیات اور حدیث کی متواتر روایات سے یہ عقیدہ ثابت ہے اور اس پر اجماع امت ہے، یہاں اس کی پوری تفصیل کا موقع بھی نہیں اور ضرورت بھی نہیں کیونکہ علمائے امت نے اس مسئلہ کو مستقل کتابوں اور رسالوں میں پورا پورا واضح فرما دیا ہے اور منکرین کے جوابات تفصیل سے دیئے ہیں ان کا مطالعہ کافی ہے۔ مثلاً حضرت حجۃ الاسلام مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری کی تصنیف بزبان عربی عقیدۃ الاسلام فی حیات عیسیٰ علیہ السلام حضرت مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی مدنی کی تصنیف بزبان اردو "حیات عیسیٰ علیہ السلام" مولانا سید محمد ادریس صاحب کی تصنیف "حیات مسیح علیہ السلام" اور بھی بیسیوں چھوٹے بڑے رسائل اس مسئلہ پر مطبوع ومشتہر ہو چکے ہیں، احقر نے بامر استاذ المحترم حضرت مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری سے ۱۰۰۰ سے زائد احادیث کو جن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ اٹھایا جانا اور پھر قرب قیامت میں نازل ہونا متواتر ثابت ہوتا ہے ایک مستقل کتاب

النصوص سماعا تواتر فی نزول المسیح میں نقل کر دیا ہے جس کو حواشی و شرح کے ساتھ حلب (شام) کے ایک بزرگ علامہ عبدالفتاح نے بیروت میں چھپوا کر شائع کیا ہے۔

اور حافظ ابن کثیر نے سورۃ الزخرف کی آیت وانہ لعلم للساعۃ کی تفسیر میں لکھا ہے وقد تواترت الاحادیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ اخبر بنزول عیسی علیہ السلام قبل یوم القیمۃ اماما عدلا الخ یعنی رسول اللہ ﷺ کی احادیث اس معاملہ میں متواتر ہیں کہ آپ ﷺ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قبل قیامت نازل ہونے کی خبر دی ہے الخ۔

(معارف القرآن ج ۲ ص ۷۹۸ و ۷۹۹ پارہ نمبر ۳ رکوع نمبر ۱۴ سورہ آل عمران)

ایک شبہ کا جواب:

کوئی یہ شبہ کرے کہ قرآن کی اس آیت مبارکہ یعیسی انی متوفیک ورافعک الی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پہلے آپ کی وفات ہوئی پھر آپ آسمان پر اٹھائے گئے تو اس شبہ کا جواب سمجھنے سے پہلے یہ سمجھ لیا جائے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اس آیت میں جو وعدے مذکور ہیں وہ اس وقت کئے گئے تھے جب کہ قوم یہود نے آپ کو شہید کرنے کی خفیہ سازش بنائی تھی اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے وحی کے ذریعہ آپ کو اس ناپاک سازش سے باخبر کر دیا اور وعدہ فرمایا کہ آپ اطمینان رکھیں کہ یہ لوگ آپ کے قتل سے درپے ہیں مگر یہ اپنے ناپاک منصوبہ میں کامیاب نہ ہوں گے بعد قیامت کے قریب وقت میں خود آپ اپنی طبعی موت سے ہی وفات پائیں گے اور اس مال کے شرمندہ ہونے کے لئے آپ کو آسمان پر اٹھا لیا جانے کا جو مذکورہ آیت انی متوفیک ورافعک الی میں جو دو وعدے مذکور ہیں وہ پورے ہوں گے البتہ رافعک الی والا وعدہ اس وقت پورا کیا گیا، اور دوسرا وعدہ اس وقت پورا ہوگا جب قیامت کے قریب آپ دنیا میں تشریف لائیں گے آیت کے الفاظ میں تقدیم تاخیر ہے اور واؤ چونکہ ترتیب کے لئے وضع نہیں ہوئے لہٰذا یہ ضروری نہیں کہ پہلے متوفیک کا وقوع ہو پھر رافعک الی کا درمیان تقدیم و تاخیر میں بھی مصلحت ہے جسے مفسرین نے بیان کیا ہے، کما سیاتی ان شاء اللہ۔

تفسیر روح المعانی میں ہے (یعیسی انی متوفیک ورافعک الی) اخرج ابن ابی حاتم عن قتادۃ قال ھذا من المقدم والمؤخر ای رافعک الی ومتوفیک وھذا حمد ما یلاقی اقتضاھما مخالفۃ ظاھر الآیۃ للمشھور المصرح بہ فی الآیۃ الاخری وفی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم ان عیسی لم یمت وانہ راجع الیکم قبل یوم القیمۃ وثانیھا ان المراد انی مستوفی اجلک ومیتک حتف انفک لا اسلط علیک من یقتلک فالکلام کنایۃ عن عصمتہ من الاعداء وما ھم بصددہ من الفتک بہ علیہ السلام لانہ یلزم من استیفاء اللہ تعالیٰ اجلہ وموتہ حتف انفہ ذلک الخ (روح المعانی ج ۳ ص ۱۷۹ سورۃ آل عمران پارہ نمبر ۳) روح المعانی میں درج جوابات مذکورہ میں تفصیل درکار ہو تو روح المعانی کا مطالعہ کیا جائے۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے بھی معارف القرآن میں اس پر کلام فرمایا ہے چنانچہ ایک

سلام پر تحریر فرماتے ہیں۔

اس کے بارے میں یہ بھی منقول ہے کہ اس آیت کے یہ معنی ہیں کہ حق تعالیٰ نے اس وقت آپ کہ یہود نے آپ کے قتل کے درپے تھے آپ کی مکمل حفاظت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ اے محمد! میں تم کو وفات دوں گا یعنی تمہارے دشمنوں کی صورت میں تمہیں طبعی موت کی صورت میں وفات دوں گا یعنی اس وقت ان لوگوں کے قتل سے بچاؤں گا جو تمہیں قتل کرنے کی تم بے صورت کریں گے اور آپ کو اپنی طرف اٹھالیں گے اپنی تائید حفاظت ان لوگوں سے جن کے ہاتھوں سے تمہیں رستگاری ہے تشبیہ دے کر مشورہ میں حفاظت ان بیان کی یہ روایت اس طرح منقول ہے اخرج ابن اسحق بن منذر و ابن عساکر عن طریق جویبر عن الضحاک عن ابن عباس فی قولہ تعالیٰ انی متوفیک و رافعک الی یعنی رافعک ۔ ثم متوفیک فی آخر الزمان (درمنثور ج ۲ ص ۲۴۲) یعنی ابن اسحاق اور ابن منذر نے بروایت جویبر عن الضحاک عن ابن عباس آیت انی متوفیک و رافعک الی کی تفسیر میں یہ نقل کیا ہے کہ میں آپ کو اپنی طرف اٹھا لوں گا پھر آخر زمانہ میں آپ کو طبعی موت دوں گا۔

اس تفسیر کا خلاصہ یہ ہے کہ توفی کے معنی موت ہی کے ہیں مگر الفاظ میں تقدیم و تاخیر ہے رافعک کا پہلے اور متوفیک کا وقوع بعد میں ہوا۔ اور اس موقع پر متوفیک کو مقدم ذکر کرنے کی حکمت و مصلحت اس پورے معاملہ کی طرف اشارہ کرنا ہے جو آگے آرہا ہے یعنی اپنی طرف بالا لینا جینے کے لئے نہیں ہے بلکہ چند روز بعد پھر آپ دنیا میں آئیں گے اور دشمنوں پر فتح پائیں گے اور اس فتح کے بعد آپ کی موت واقع ہوگی اس طرح دو بار آسمان سے زمین پر آنے اور دو بار فتح پانے کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر جانے کا واقعہ بھی نہیں رہتا اس میں عیسائیوں کے صلیبی ہونے کا باطل بھی تھا اور ان کے زندہ آسمان پر جانے کے واقعہ سے اس عقیدہ کو بھی اور پختہ ہوتا تھا کہ وہ کسی خدائی قوم کے ہاتھ سے بچنے کے لئے پہلے متوفیک کا لفظ مرشد فرما کر ان تمام باتوں کا بطلان کر دیا جو ان کی طرف منسوب کرنے کا ذکر فرمایا (معارف القرآن ص ۳۴۲ ج ۲ ملخصاً و اللہ اعلم بالصواب۔

قادیانی کسی غیر مسلم کی سند سے مسلمان نہیں ہو سکتے

(۱) استفتاء (نمبر ۲۲۳) از مولانا حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم لاجپوری صاحب دامت برکاتہم (بلسلہ مرتد عبدالحکیم مرزائی) دریافت طلب امور یہ ہیں۔

(۱) قادیانی از روئے آئین جمہوری ملک ہمارے ہندوستان کی عدالت میں اسلامی قانون کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ ایسی عدالت غیر اسلامی عدالت میں ایک مرزائی آدمی نے یہ دعویٰ دائر کیا ہے کہ وہ مسلمان ہے اور دوسرے مسلمان ان کو کافر و مرتد کہتے ہیں اور اپنی مساجد میں عبادت نہیں کرنے دیتے لہٰذا ان نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ

(۱) یہ غیر مسلم جج اس مرزائی آدمی کو مسلمان ہونے کا فیصلہ دے۔

(۲) یہ غیر مسلم جج اس مرزائی آدمی کو اسلامی حقوق دلوائے تاکہ وہ مسلمانوں کی مسجد میں عبادت کرے اور مسلمانوں کے قبرستان میں مدفون ہو سکے۔

عدالت نے مسلمانوں کو طلب کیا کہ عدالت میں حاضر ہو کر اپنے دلائل پیش کریں کہ یہ مرزائی آدمی کو

کیوں مسلمان قرار نہیں دیتے۔ اور مرزائی احمدی بھی آ کر اپنے دلائل پیش کرے کہ وہ کس بنا پر مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔

یہ غیر مسلم یہودی یا عیسائی جج دلائل سننے کے بعد فیصلہ کرے گا کہ وہ مرزائی احمدی مسلمان ہے یا نہیں؟ اب جواب طلب امر یہ ہے کہ

نمبر ۱۔ غلام احمد اور اس کے متبعین داخل اسلام ہیں یا نہیں؟

نمبر ۲۔ اسلامی حقوق ان کو حاصل ہیں یا نہیں؟

نمبر ۳۔ کیا غیر مسلم جج اس بات کی اہلیت رکھتا ہے کہ وہ مرزائیوں کے مسلمان ہونے کا فیصلہ دے؟

نمبر ۴۔ مسلمانوں کی جماعت کے لئے شرعاً کیا یہ جائز ہے کہ وہ ایسے مقدمہ میں حاضر ہو کر ایک غیر مسلم عیسائی یا یہودی جج کو یہ موقع دے کہ وہ مسلمانوں کے خاص دینی و اعتقادی معاملہ میں فیصلہ کرے۔ براہ کرم مدلل جواب تحریر فرما کر ثواب دارین حاصل فرمائیں، بینوا توجروا۔

(الجواب) حامداً و مصلیاً و مسلماً باللہ التوفیق: مرزا غلام احمد کے ساتھ اہل سنت والجماعت کا اختلاف وصولی اختلاف ہے، فروع اور اجتہادی اختلاف نہیں ہے کہ اسے نظر انداز کیا جا سکے، پوری امت اسلامیہ کا متفقہ عقیدہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ آخری نبی ہیں، نبوت کا سلسلہ آپ پر ختم ہو گیا ہے، آپ کے بعد کوئی نبی مبعوث نہ ہوگا اور یہ عقیدہ قرآن، حدیث سے ایسے محکم اور قطعی طریقہ پر ثابت ہے کہ اس میں ذرہ برابر شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ قرآن مجید میں آپ کو خاتم النبیین بتایا گیا ہے اور خود آپ ﷺ نے اپنے متعلق ارشاد فرمایا ہے کہ سلسلۂ نبوت مجھ پر ختم کر دیا گیا ہے میں خاتم النبیین ہوں اور اب میرے بعد کوئی نبی اللہ کی طرف سے نہیں آئے گا۔ اسی لئے رسول اللہ ﷺ کے بعد صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت سے لیکر آج تک پوری امت کا اس پر اجماع ہے کہ جس طرح توحید و رسالت قیامت و آخرت اور قرآن کے کلام اللہ ہونے کا منکر و جھٹلانے والا نماز روزہ کو قائل اور حج کا منکر مسلمان نہیں ہو سکتا، اسی طرح رسول اللہ ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا بھی کسی حال میں مسلمان نہیں ہو سکتا، ایسا شخص کذاب ہے ملعون ہے، دائرۂ اسلام سے قطعاً خارج ہے اسلام سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، اگر وہ پہلے مسلمان تھا تو اس کو دائرۂ اسلام سے خارج اور مرتد قرار دیا جائے گا

امت کی پوری تاریخ میں ہمیشہ یہی ہوتا رہا ہے مثلاً سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق اور تمام صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب اور اس کے ماننے والوں کے متعلق یہی فیصلہ صادر فرمایا تھا، حالانکہ یہ بات محقق ہے کہ وہ لوگ توحید و رسالت کے قائل تھے ان کے یہاں اذان بھی ہوتی تھی اور اذان میں اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اور اشہد ان محمداً رسول اللہ بھی کہا جاتا تھا، مگر نبوت سے متعلق یہ اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے۔

لیکن غلام احمد نے اس بنیادی اور اجماعی عقیدہ سے بغاوت کی ہے اور اپنے لئے ایسے الفاظ کے ساتھ نبوت کا دعویٰ کیا ہے کہ اس میں کسی طرح کی کوئی تاویل اور توجیہ کی گنجائش نہیں ہے، اور اس کے معتقدین اس کو دیگر

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے مثیل کہتے ہیں۔ اور اس بنا پر انہوں نے اپنے پر ان کو بے حد اصرار بھی کیا ہے۔ مرزا خدا بخش صاحب نے جو مرزا عظیم الدین شہود نے حقیقۃ الصلوٰۃ ایک کتاب شائع کی تھی جس کا موضوع ہی مرزا غلام احمد کی نبوت ثابت کرنا تھا اور اس کتاب میں مرزا صاحب نے نبوت کے دلائل خود مرزا غلام احمد کی کتابوں سے پیش کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ مرزا غلام احمد نے اپنے لئے مسیحیت اور مہدویت کا اتنی کثرت سے دعویٰ کیا ہے کہ اس کا انکار یا اس کی تاویل ناممکن ہے۔ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام جو اولاد سماع معصوم ہیں ان کی بہت سخت توہین کی ہے۔ بہت سے مقامات پر خود انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے افضل ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ نیز معجزات کا اسی کیا ہے۔ قرآن میں تحریف کی ہے۔ احادیث کی ہے جو متواتر ہیں ہے وغیرہ وغیرہ۔

دعوئ نبوت و اقوال کفریہ قادیانی کی تحریر کے آئینہ میں

(۱) خدا وہ خدا ہے جس نے اپنے رسول کو بھیجا اس کتاب کو ہدایت اور دین حق اور تبلیغ اخلاق کے ساتھ (اربعین نمبر ۳ ص ۳۴)

(۲) میں رسول بھی ہوں اور نبی بھی ہوں (اشتہار ایک غلطی کا ازالہ مندرجہ حقیقۃ الوحی ص ۲۶۵)

(۳) میں اس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اس نے مجھے بھیجا ہے اور اس نے میرا نام نبی رکھا ہے اور اس نے مجھے مسیح موعود کے نام سے پکارا ہے اور اس نے میری تصدیق کے لئے بڑے بڑے نشان ظاہر کئے ہیں جو تین لاکھ تک پہنچتے ہیں جن میں بصورت دعا کسی قدر اس کتاب میں لکھے گئے ہیں (تتمہ حقیقۃ الوحی ص ۶۸)

(۴) یہ خدا وہ ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔ (دافع البلاء ص ۱۱)

(۵) میں خدا کے حکم کے موافق نبی ہوں۔ (مرزا صاحب کا آخری خط مندرجہ اخبار عام ۲۶ مئی ص ۱۹۰۸)

(۶) ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔ (بدر ۵ جون ۱۹۰۸ء)

(۷) پس اس میں کیا شک ہے کہ میری عیسیٰ کو یوں کے بعد دنیا میں زلزلوں اور سخت آفات کا سلسلہ شروع ہو جانا میری سچائی کے لئے ایک نشانی ہے جو وقت کے رسول کی خواہ کسی حصہ زمین میں تکذیب ہو کر اس کی تکذیب کے واسطے دوسرے ہمرنگ بھی پکڑے جاتے ہیں۔ (حقیقۃ الوحی ص ۱۶۱)

(۸) سخت عذاب بغیر اتمام حجت کے آنا نہیں جیسا کہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا پھر یہ بات ہے کہ ایک طرف تو ظالم قوم ملک کو کھا رہی ہے اور دوسری طرف رحمت ناک زلزلے نہیں بھیجتے۔

اے غافلو حواس کرو اتمام حجت میں کوئی خدا کی طرف سے بھی خالی ہو گیا ہے جس کی تم تکذیب کر رہے ہو (تجلیات الٰہیہ ص ۸۔۹)

(۹) خدا نے نہ چاہا کہ اپنے رسول کو بغیر گواہی چھوڑے (دافع البلاء ص ۸)

(۱۰) تیسری بات جو اس وحی سے ثابت ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ بہر حال جب تک کہ حالت زمانہ میں

ہے گو مضطر ہوں۔ ہے قادیان کو اس کی خوفناک تباہی سے محفوظ رکھے گا یا نہیں کہ یہ اس کے رسول کا تخت گاہ ہے۔ (ضمیمہ ۱۰)

(۱۱) الہامات میں میری نسبت بار بار کہا گیا ہے کہ یہ خدا کا فرستادہ، خدا کا مامور، خدا کا دشمن اور خدا کی طرف سے آیا ہے جو کچھ کہتا ہے اس پر ایمان لاؤ اور اس کا دشمن جہنمی ہے۔ (انجام آتھم ص ۹۷)

(۱۲) اذا عزمت فتوکل علی اللہ وما امرھم و قالوا کلمات اشرو انکبت ص ۳ ص ۳۳۳)

(۱۳) لعلک نسی وما انی وقالو انی ارسلک الی قوم مفسدین وانی جاعلک للناس اماما وانی مستخلفک وکرما کما جرت سنتی فی الاولین (انجام آتھم ص ۷۰)

(۱۴) ۱۸۸۳ء میں جب کہ قرآن شریف کی آیات پر ایمان رکھتا ہوں اپنی بعثت پر ایک زبردست خدا کے اس کھلی کھلی وحی پر ایمان لاتا ہوں جو مجھے ہوئی جس کی نبوتی اس کے متواتر نشانوں سے تم پر کھل گئی ہے اور میں بیت اللہ میں کھڑے ہو کر یہ قسم کھا سکتا ہوں کہ وہ پاک وحی جو میری پر نازل ہوئی ہے وہی خدا کا کلام ہے جس نے حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ پر اپنا کلام نازل کیا تھا جو بے لے رہیں نے بھی گواہی دی اور آسمان نے بھی اسی طرح آسمان میں بنا اور زمین بھی کہ میں خلیفۃ اللہ ہوں مگر چشمہ معرفت کے مطابق ضرور تھا کہ انکار بھی کیا جاتا (آئینہ کمالات اسلام بقیہ حاشیہ ص ۲۹۲)

(۱۵) آپ (یعنی مرزا صاحب) نبی ہیں اور خدا نے اور اس کے رسول نے ان کی الفاظ میں آپ کو نبی کہا ہے جس میں قرآن کریم اور احادیث میں پیچھے نہیں کوئی کہا آپ ہے۔ (حقیقۃ النبوۃ ص ۷۰)

(۱۶) نبی اس کو کہتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود قرآن کریم نے ۳۰ جگہ ان کو نبی کہا ہے اور احادیث میں بھی نبی ہیں۔ (حقیقۃ الوحی ص ۱۰۶)

(۱۷) پس شریعت اسلام نبی کے جو معنی کرتی ہے اسی معنی کو ملحوظ رکھ کر حضرت صاحب ہرگز مجازی نبی نہیں ہیں بلکہ حقیقی نبی ہیں۔ (حقیقۃ الوحی ص ۱۰۷)

(۱۸) بلحاظ نبوت ہم بھی مرزا صاحب کو پہلے نبیوں کی مطابق نبی مانتے ہیں۔ (حقیقۃ النبوۃ ص ۲۹۲)

مسیح ہونے کا دعویٰ

حضرت عیسیٰ کے متعلق ہمارا (یعنی اہل سنت والجماعت کا) عقیدہ یہ ہے کہ اللہ نے ان کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا ہے اور قیامت کے قریب تشریف لائیں گے مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ میرا بھی پہلے یہی عقیدہ تھا مگر بعد میں ان کا یہ خیال ہو گیا کہ اللہ نے اس کو بذریعہ وحی یہ بتلایا کہ یہ سراسر غلط خیال ہے کہ عیسیٰ آسمان پر زندہ ہیں اور کسی وقت دنیا میں دوبارہ آئیں گے بلکہ وہ مسیح اور عیسیٰ جو آنے والا تھا وہ تو ہی ہے تیرا ہی ہم میں مریم سے پیدا کیا ہے اس سلسلہ میں خود مرزا صاحب کا بیان ملاحظہ ہو۔

"اور میری آنکھیں اس وقت تک بالکل بند رہیں جب تک کہ خدا نے بار بار کھول کر مجھ کو نہ سمجھایا کہ عیسیٰ ابن مریم اسرائیلی تو فوت ہو چکا ہے اور وہ واپس نہیں آئے گا اس زمانہ اور اس امت کے لئے تو ہی عیسیٰ ابن مریم ہے۔" (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص ۸۵)

حضرت عیسیٰ پر فضیلت کا دعویٰ

پہلے تو مرزا قادیانی مسیح موعود اور عیسیٰ ابن مریم ہی بنے تھے لیکن پھر وہ اور آگے بڑھے اور انہوں نے حضرت

تھی علیہ السلام پر اپنی فضیلت کا اعلان شائع کردیا۔ ان کے لڑکے مرزا بشیر احمد نے مرزا جی کا یہ قول نقل کیا ہے "میں مسیح علیہ السلام پر اپنی فضیلت کا اعلان کرتا ہوں۔ یہاں سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا نے نبیوں میں سے ایک نبی کو ظلی طور پر مجھے خدا نے اس سے بڑا مرتبہ عطا کیا ہے۔" (حقیقت نبوت ص ۱۲۹ کا حاشیہ) مجموعہ اشتہارات قسم میں ایک سے زیادہ جگہ مسیح سے بڑھا کر ہے (واضح البیان ص ۱۳)

مولانا صاحب کا درج ذیل شعر بہت مشہور ہے اور خود مرزا صاحب کو یہ شعر بہت پسند تھا اس لئے انہوں نے بار بار اپنی تصنیفات میں اس کو نقل کیا ہے۔ شعر یہ ہے۔

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو
اس سے بہتر غلام احمد ہے

(معاذ اللہ) (واضح البیان ص ۳)

مرزا جی کا دوسرا شعر ہے

مریم عیسیٰ نے بی تھی کہ عیسیٰ کو شفا
میری مریم سے شفا پائے گا ہر ملک و دیار

(درثمین)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین

یا آپ کو (یعنی حضرت عیسیٰ کو) گالیاں دینے اور بدزبانی کی اکثر عادت تھی اور اپنی اس بات میں اس حد تک بڑھ جاتا تھا کہ اپنے نفس کو جذبات سے روک نہیں سکتے تھے۔ (ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ ص ۵)

یہ بھی یاد رہے کہ کسی قدر زجوت کو لعنتی کہنے کی عادت تھی (استغفر اللہ) (ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ نمبر ۵)

حیا کش نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا۔ (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم)

"مسیح کی دست بازی اپنے زمانہ میں دوسرے دست بازوں سے بڑھ کر کرامت نہیں ہوتی بلکہ یحییٰ ہی کو اس پر ایک فضیلت ہے کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اور بھی نہیں لکھا کہ کسی فاحشہ عورت نے آکر اپنی سیاہی کے بال سے اس کے پیر پونچھ لئے تھے یا ہاتھوں اور ان کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا تھا یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی۔ اسی وجہ سے خدا نے آسمان پر یحییٰ کا نام صحور رکھا مگر مسیح کا یہ نام نہیں رکھا کیونکہ ایسے ناپاک نام کے لائق نہیں تھے۔" (ازالہ اوہام حصہ اول ص ۱۵۸)

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات کی نسبت مرزا جی کے خیالات

کچھ تعجب نہیں کرنا چاہئے کہ حضرت مسیح نے اپنے دادا سلیمان کی طرح اس وقت کے مخالفین کو یہ خفی طور پر دکھایا ہو اور ایسا معجزہ دکھانا نفس سے بعید بھی نہیں کیونکہ بھائی کے زمانہ میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ اکثر صناع ایسی ایسی باریکیاں دکھا دیتے ہیں کہ وہ دقتی بھی ہیں اور علمی بھی ہیں اور رسمی بھی جانتی ہیں اور میں نے سنا ہے کہ کل کے ذریعہ سے بعض پرندوں کو اڑتے بھی بنا لیتے ہیں۔ (ازالہ اوہام حصہ اول ص ۳۰۳)

پھر جب کہ اس جگہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح کو کامل طور سے ایسے طریق پر اظہار فنا دیا ہو جو ایسے میں وہ خصوصاً اس کل کے روبانے یا کسی پھوپھا نے مارنے سے کسی طور پر اپنا پروگرام ہو جیسا کہ وہ اور انبیاء یا امر پر اس لیے تو ہوں سے پہلے تھا۔ کیونکہ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدت تک لیا ہوا کام کرتے رہے اور ظاہر ہے کہ جس کا کام حقیقت ایسا ہو کہ جس میں کلی نے اپنا کام کرنے اور طرح طرح کی مصیبتوں کے اٹھانے میں عقل تیز ہو جاتی ہے۔ (توضیح المرام ص ۹)

نوٹ:

اس حوالہ میں خط شدہ عبارت پر غور کیجئے۔ حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ پر کیسی قدر ناروا بہتان لگایا ہے۔ قرآن مجید کی بیان کی ہوئی اس حقیقت پر تمام مسلمانوں کا یہ کامل شک و شبہ کے ایمان رکھتا ہے کہ حضرت عیسیٰ اپنی قدرت کاملہ سے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام دیا کسی شخص کی معاونت کے امر "کن" سے پیدا فرمایا تھا۔ حضرت مریم صدیقہ اور پاک دامن تھیں۔ آپ کا کسی شخص سے تعلق قائم نہیں ہوا تھا۔ قرآن کی اس صریح وضاحت کے باوجود مرزا غلام احمد نے کس قدر غلط بات لکھی ہے۔ یہ قرآن کے بالکل خلاف ہے اور قرآن کا انکار ہے۔ اس کے باوجود اس کو مسلمان سمجھنا اور اس کے متبعین کا اپنے کو مسلمان کہنا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے۔

"اوائل میں میرا بھی یہی عقیدہ تھا کہ جو کچھ ابن مریم سے کیا نسبت ہے وہ خدا نے کئی دین و خدا کے بزرگ مقربین میں سے ہے اور اگر کوئی امر میری فضیلت کی ثابت ظاہر ہوتا تو میں اس کو جزئی فضیلت قرار دیتا تھا۔ بعد میں جو خدا کی وحی بارش کی طرح میرے پر نازل ہوئی اس نے مجھے اس عقیدہ پر قائم نہ رہنے دیا اور صریح امر پر کی کا خطاب مجھے دیا گیا۔" (حقیقۃ الوحی ص ۱۴۹)

"اس امر میں کیا شک ہے کہ حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وہ فطرتی طاقتیں نہیں دی گئیں جو مجھے دی گئیں نیز وہ ایک خاص توسط کے آئے تھے اور آنا دوسری جگہ ہوت اپنی اس نعمت کی وجہ سے وہ کام انجام نہ دے سکتے جو خدا نے مجھے انجام دینے کی قوت دی۔ وھذا تحدیث نعمۃ اللہ ولا فخر (حقیقۃ الوحی ص ۱۰۱)

حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام پر فضیلت کا دعویٰ

میں اس امت کا یوسف یعنی یہ عاجز اسرائیلی یوسف سے بڑھ کر ہے کیونکہ یہ عاجز قید دعا کرنے سے بھی قید سے بچا لیا گیا مگر یوسف ابن یعقوب قید میں ڈالا گیا۔ (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص ۷۶)

میں سب کچھ ہوں

مرزا صاحب کا دعویٰ ہے تھا کہ میں تمام نبیوں کی روح اور ان کا خلاصہ ہوں۔ میری امت میں تمام نبیوں کی امت ہے۔ اسی لئے وہ کہتے ہیں چنانچہ اس نے لکھا ہے۔

"میں خدا کے دفتر میں اسم عیسیٰ ابن مریم کے نام سے موسوم نہیں ہوا اور بھی میرے نام ہیں۔ میں آدم ہوں، میں نوح ہوں، میں ابراہیم ہوں، میں اسحاق ہوں، میں یعقوب ہوں، میں اسمٰعیل ہوں، میں موسیٰ ہوں، میں

[illegible] ضرور ہے کہ ہر نبی کی تائید میں پائی جائے۔"
(تحفہ غزنویہ، روحانی ص ۸۵)

معجزات کی کثرت

